پائیدار فنِ تعمیر شہری ڈیزائن میں بڑھتا ہوا رجحان ہے۔ حالیہ برسوں میں، کئی منصوبوں نے تعمیراتی شعبے کے کاربن فوٹ پرنٹ کو بڑی حد تک کم کرنے کے لیے شمسی توانائی کو استعمال میں لاتے ہوئے فنِ تعمیر کو توانائی کی پیداوار سے جوڑنے کی کوشش کی ہے۔ یہ صرف فعالیت کے بارے میں نہیں ہے، تاہم شمسی فنِ تعمیر کے منصوبوں کا مقصد جمالیاتی ڈیزائن کے ساتھ عملیت اور پائیداری کو جوڑنا ہے۔

شمسی آرکیٹیکچر

سورج کو ذہن میں رکھتے ہوئے تعمیر کی تاریخ کئی ہزار سال پر محیط ہے۔ قدیم معاشروں جیسے کہ شمالی امریکا میں یونانی اور آبائی پیئبلون نے اندرونی ماحول میں پائے جانے والے ہوا کے درجہ حرارت کو برقرار رکھنے کے لیے غیر فعال شمسی ڈیزائن کے اصولوں کو استعمال کرنے کی اہمیت کو تسلیم کیا۔ ماحولیات تبدیلی کے بحران نے اختراعی طریقوں کو فروغ دیتے ہوئے کارروائی کی ضرورت کو شفاف بنا دیا ہے۔ تعمیراتی صنعت کو طویل عرصے سے گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کرنے والوں شعبوں میں سے ایک مانا گیا ہے۔ صرف کنکریٹ کی پیداوار عالمی سطح پر کاربن کے تمام اخراج کی تقریباً 8 فیصد کی ذمہ دار ہے۔ ایمبوڈڈ کاربن اخراج، لائف ٹائم اخراج، ٹرانسپورٹیشن، پلانٹ کے آلات کو چلانے کے لیے فوسل فیول کا استعمال اور خام مواد کا بڑی مقدار میں نکالنا اس شعبے کے ماحولیاتی اثرات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ شمسی آرکیٹیکچر اصول فنِ تعمیر اور تعمیرات کو درپیش مسائل کا ممکنہ حل ہیں۔ اس شعبے میں کام کرنے والے آرکیٹیکٹس اور انجینئرز ماحولیاتی طور پر موزوں ڈیزائن کو نافذ کرنے اور نئی اور موجودہ عمارتوں کے لیے توانائی کے بوجھ کو کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

شمسی آرکیٹیکچر میں غیر فعال تکنیکوں اور تصورات جیسے ماحولیات دوست ڈیزائن اور غیر فعال تکنیکوں کو شامل کرنے کے لیے توسیع کی گئی ہے۔ توانائی سے بھرپور ڈیزائن کا حصول ایک متوازن عمل ہے۔ تعمیر میں عمارت کے آپریشن سے زیادہ توانائی استعمال ہوتی ہے۔ شمسی آرکیٹیکچر ایمبوڈڈ کاربن کے اخراج کو کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مختصراً شمسی آرکیٹیکچر توانائی کی بچت والی عمارتوں کے ڈیزائن میں شمسی توانائی کے استعمال پر زور دیتا ہے، جس سے تعمیرات کے ماحولیاتی اثرات کو کافی حد تک کم کیا جاتا ہے۔ فنکشنل کے علاوہ، یہ ایک جدید ڈیزائن کا تصور بھی فراہم کرتا ہے جو تعمیر شدہ عمارت اور قدرتی ماحول کے درمیان ایک پل کا کام کرتا ہے۔

دنیا کی سب سے بڑی سائے دار چھت

امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ہیوسٹن میں ایک پروجیکٹ کا مقصد میٹروپولیٹن ایریا کے سیکنڈ وارڈ میں دنیا کا سب سے بڑا شمسی توانائی سے چلنے والا سنڈیل (Sundial) بنا کر شمسی آرکیٹیکچر کی طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ ریکارڈو ماریانو نامی آرکیٹیکٹ فرم کی طرف سے ڈیزائن کردہ 'آرک آف ٹائم' ایک صاف جمالیاتی ڈیزائن میں فوٹو وولٹک پینلز کو شامل کرتا ہے۔ یہ سالانہ تقریباً 4 لاکھ کلوواٹ بجلی پیدا کرنے کے قابل ہے، جو چالیس مکانات کی بجلی ضروریات کے لیے کافی ہے۔ اس کے علاوہ، یہ تنصیب مقامی لوگوں اور گھومنے پھرنے کے لیے آنے والوں کو عوامی جگہ پر سایہ فراہم کرتی ہے۔

سورج کی شعاعیں ہر شمسی گھنٹے میں محراب کے نیچے زمین پر ایک بیضوی شکل میں منٹ اپرچر اور بڑے سوراخوں کے ذریعے مرتکز ہوتی ہیں، جس سے وہاں آنے والوں کو اسمارٹ فون یا گھڑی کی ضرورت کے بغیر وقت دیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ لینڈ آرٹ جنریٹر کے ذریعے شروع کیا گیا یہ منصوبہ جنوب کی طرف پویلین کی رُخ ہے۔ یہ زمین اور کائنات دونوں سے منسلک دکھاتا معلوم ہوتا ہے، جو کہ شمسی آرکیٹیکچر کی طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے تاکہ جمالیاتی اعتبار سے محروم شہری علاقوں میں لوگ اس سے خوش ہوں اور یہاں آکر محظوظ ہوسکیں۔

شمسی پویلین

ڈچ فرموں V8 آرکیٹیکٹس اور مرجان وین اوبل اسٹوڈیو نے سولر پویلین ڈیزائن کیا ہے، جو 2022ء کے ڈچ ڈیزائن ویک میں شرکت کرنے والوں کے اجتماع کی جگہ ہے۔ ساحل سمندر کی ایک بہت بڑی کرسی سے مشابہ اس ڈھانچے میں سایہ فراہم کرنے اور بجلی پیدا کرنے کے لیے کثیر رنگ کے فوٹو وولٹک سولر پینلز شامل ہیں۔ خم دار چھت کو تاروں اور لوہے کے کھمبوں سے سہارا دیا گیا ہے۔ دوبارہ استعمال شدہ اسٹیل کے شہتیر، فرش کے ساتھ ملتے ہیں جبکہ لکڑی سے بنی چیزیں پنڈال میں آنے والے لوگوں کے بیٹھنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ 380 نیلے، سرخ اور نارنجی سولر پینلز کو شعلے کے ڈیزائن میں چھت میں ایک چھوٹے سے مشاہداتی سوراخ کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ کھلا ڈھانچہ یہاں آنے والوں کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ پورا منصوبہ کس طرح چلتا ہے، اور شمسی پویلین سے پیدا ہونے والی بجلی کا استعمال سائٹ پر موجود بیٹری اسٹوریج کے ذریعے حرارتی اور روشنی کے لیے کیا جاتا ہے۔ ایک حسی تجربہ جس نے شمسی آرکیٹیکچر کی طاقت کا مظاہرہ کیا، شمسی پویلین اس ابھرتے ہوئے میدان میں نئے ڈیزائنوں میں سے ایک ہے۔

شمسی آرکیٹیکچر ایک ابھرتی ہوئی ڈیزائن فیلڈ ہے۔ تعمیرات کو اپنے خالص صفر اہداف حاصل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ دنیا کو موسمیاتی تبدیلی کے بدترین اثرات سے بچنے میں مدد ملے۔ شمسی ڈیزائن ڈھانچے کی توانائی کی کارکردگی کو بڑھا کر اس میں مدد فراہم کرتا ہے جب کہ تعمیراتی شکل اور کام کے بارے میں سوچنے کے جدید طریقوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔

اپنے گھر میں مثبت توانائی لائیں

لیاقت علی جتوئی

کاروانِ زندگی کو جاری و ساری رکھنے کے لیے ہمیں توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کائنات میں موجود ہر چیز اپنے اندر توانائی رکھتی ہے اور اس توانائی کو خارج کرتی ہے۔ کچھ چیزیں مثبت توانائی خارج کرتی ہیں اور کچھ منفی توانائی۔ اچھی، پرسکون زندگی کے لیے ہمیں مثبت توانائی کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ مثبت توانائی تلاش کی جائے، کچھ رویوں کو بدلا جائے اور یہ بھی کہ اپنے گھر کی توانائی کو تازہ دم کیا جائے، تاکہ اپنے گھروں میں ہم سکون، آرام اور چین سے رہ سکیں۔

یہ حقیقت ہے کہ ہمارے اردگرد منفی عناصر پھیلے ہوئے ہیں تاہم مثبت اشیا اس ماحول میں فرق پیدا کرسکتی ہیں۔ ہمیں اپنے گھروں میں خوش و خرم رہنے میں فنگ شوئی ہماری بہت مدد کر سکتا ہے۔ درج ذیل مفید مشوروں پر عمل درآمد کرکے ہم اپنے گھروں میں مثبت توانائی کو مدعو اور منفی توانائی کو دور کرسکتے ہیں۔

خوشحالی کی علامت

ہمارے مشرقی ایشیا میں لوگوں کا ماننا ہے کہ ہمارے گھروں میں بانس کی موجودگی کامیابی اور خوشحالی لانے کا باعث ہوتا ہے۔ یہ پودا فنگ شوئی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی توانائی فائدہ مند ہوتی ہے کیوں کہ یہ پانی اور لکڑی جیسے دو عناصر کے درمیان ایک خوشحال اتحاد کی علامت ہے۔

گھر کی حفاظت کی علامت

حسد، بری نظر اور برے احساسات کو گھر سے باہر رکھنے کے لیے گھر کے گرد نمک سے لکیر بنائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نمک میں بہت اہم خصوصیات پائی جاتی ہیں، جس میں حفاظت کی خصوصیت بھی شامل ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ نئے گھر میں منتقل ہوتے وقت گھر کے داخلی دروازہ کے ساتھ اندر کی طرف کسی جگہ نمک رکھ دیں اور چند دن کے بعد اسے ضائع کردیں، اس طرح اگر اس گھر میں آپ کے منتقل ہونے سے پہلے کوئی منفی توانائی موجود ہوگی تو نمک اسے جذب کرلے گا۔

مثبت توانائی کو کھینچیں

اگر آپ اپنے گھر میں مثبت توانائی کو کھینچنا چاہتے ہیں اور منفی توانائی کو مثبت توانائی میں بدلنا چاہتے ہیں تو گھر میں بلی پالیں۔ بلیوں میں خراب توانائی جذب کرنے اور اسے مثبت توانائی میں تبدیل کرنے کی طاقت پائی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ بلی پر ہاتھ پھیرنے سے پریشانیاں زائل ہوتی جاتی ہیں۔

توانائی کا بہاؤ پیدا کریں

فنگ شوئی ایک سائنس ہے لیکن اس کی کئی چیزوں کو سائنس سے ثابت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ جیسا کہ فنگ شوئی کا ماننا ہے کہ گول پتوں یا سرخ پھولوں والے پودے آپ کے گھر میں دولت لانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ ان فوائد کے علاوہ بھی قدرت کی کچھ خوبصورتی گھر میں شامل کرنا ایک اچھا مشورہ ہی ہے۔ دروازوں کے قریب پودوں کے ہونے سے ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں توانائی کا بہاؤ آسان رہتا ہے۔ مزید برآں، پودے اور پھول از خود تازہ دم کرنے والی توانائیاں ہیں۔ اس لیے ان کو گھر کا حصہ بنانا ضروری ہے۔ لیکن اگر آپ گھر میں سوسن اُمید (Lily of Hope) رکھ لیں گے تو اس کا آپ کو اور زیادہ فائدہ ملے گا۔ یہ مثبت توانائی کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے اور اس کی دیکھ بھال بھی آسان ہے۔

سفید رنگ کی موم بتیاں

سفید موم بتیاں گھر میں رکھنے سے یہ گھر میں اچھا اثر پیدا کرتی ہیں، اور ان کے برعکس سیاہ موم بتیاں گھر میں منفی توانائی لانے کا باعث بنتی ہیں۔ سفید موم بتیوں سے گھر کو معطر کرنے سے ماحول کی مجموعی توانائی اور سکون میں اضافہ ہوگا۔

اچھی صحت کا سامان

اچھی صحت کے لیے گھر میں نباتاتی تیل ضرور رکھیں۔ نباتاتی تیل بہت سے پھلوں اور جڑی بوٹیوں سے بنائے جاتے ہیں۔ ہر ایک کا مختلف استعمال ہوتا ہے اور یہ صحت کے لیے بہت اچھے ہوتے ہیں۔

ٹھیک سے سوچنے کے لیے ماحول تیار کریں

اگر آپ کے گھر میں شیشے نہیں ہیں تو مزید وقت ضائع کیے بغیر گھر میں شیشے لگائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شیشے مثبت توانائی کو اپنی جانب کھینچتے ہیں اور ٹھیک سے سوچنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ یہ سجاوٹ کے لیے بھی بہترین رہتے ہیں کیونکہ یہ روشنی کو منعکس کرتے ہیں اور کسی بھی جگہ کو بڑا لگنے میں مدد کرتے ہیں۔ یہ بہت سارے انداز اور ڈیزائن میں دستیاب ہیں۔ آپ اپنے گھر کی سجاوٹ اور ذوق کے مطابق انتخاب کرسکتے ہیں۔ لیکن اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ انھیں لگانے کے لیے آپ کو درست جگہ کا انتخاب کرنا ہوگا۔ ان کو گھر کے مرکزی دروازے یا خواب گاہ کے دروازے کے سامنے نہیں لگانا چاہیے، کیونکہ وہاں یہ مثبت توانائی کا راستہ بدل دیتے ہیں۔

غیر ضروری اشیاء سے چھٹکارہ حاصل کریں

مکمل صفائی کے بعد آپ اپنے گھر کو نئی دولت کے لیے کھولنے کی سنجیدہ کوشش کرسکتے ہیں۔ اگر آپ نے ایسے کپڑے، اوزار یا دوسرا سامان سنبھال رکھا ہے جس کی نہ آپ کو ضرورت ہے اور نہ آپ اُسے استعمال کرتے ہیں تو آپ کی دولت ان ہی مردہ اشیاء کے ساتھ بندھی ہے۔ تو کیوں نہ اس سامان سے جان چھڑائی جائے اور جن چیزوں کی آپ کو اب ضرورت نہیں وہ خیرات کردی جائیں؟ دنیا کو مثبت توانائی پہنچائیں اور یہ آپ کے پاس لوٹ کر آئے گی۔

ٹوٹی ہوئی اشیا

فنگ شوئی کا فلسفہ اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ تمام ٹوٹی ہوئی اشیا کو پھینک دینا چاہیے، کیونکہ یہ منفی توانائی لاتی ہیں یا مثبت توانائی کا راستہ روکتی ہیں۔ اگرچہ آپ ان کو تبدیل یا مرمت کرواسکتے ہیں، مگر اس فلسفے کے مطابق بہتر یہ رہتا ہے کہ آپ ان کو پھینک دیں اور نئے سرے سے شروعات کریں۔ کبھی کبھار یہ پیچیدہ یا مشکل ہوتا ہے، مگر اگر آپ کے پاس کچھ ایسی سجاوٹی اشیا ہیں جو کہ دو حصوں میں بٹ کر ٹوٹ چکی ہیں تو ان کو پھینک دیں۔ نیز خراب اور کام نہ کرنے والے ٹائم پیس اور وال کلاک کو گھر میں بالکل نہ رکھیں۔


Best invest in your sitting & get best return in business and health
DOUBLE OUTPUT OF THE DAY
Back & Neck Pain
"Three out of every four executive battle with back pain ache, as a result of their long hours of bad postural sitting"
سب کے چہرے پہ سمائل ہے
یہ باس کا سٹائل ہے
R E D
RELIABLE ECONOMICAL DURABLE
Since 30 Years
EXPORT TROPHY AWARD WINNER 2022
www.bosspakistan.com
BOSS
Save money. Live happy.

BOSS EXCLUSIVE FLAGSHIP STORES, GUJRANWALA: FACTORY OUTLET, PH: 0324-9202126. REGENT MORE, PH: 0320-6011313. NEAR LEPARI HOTEL,PH: 0324-9202056. RAHWALI, PH: 0321-4351444. **SIALKOT:** KASHMIR ROAD, PH: 0320-7775258. SHAHABPURA, PH: 0324-7631111. **WAZIRABAD:** ALLAH WALA CHOWK, PH: 0323-7003002. **LAHORE:** ICHRA FEROZEPUR ROAD, PH: 0320-8834100. IQBAL TOWN, PH: 0324-7129800. COLLEGE ROAD, PH: 0324-9202033. WAHDAT ROAD, PH: 0321-2269200. QENCHI STOP, PH: 0320-6438888. **FAISALABAD:** NARWALA ROAD, PH: 0321-8313737. **MULTAN:** KACHAHRI ROAD PH: 0324-9202023.**SUKKUR:** BONDAR ROAD, PH: 0322-6408828. **SAHIWAL:** HIGH STREET, PH: 0321-1001450. **BAHAWALPUR:** PH: 0320-4994433. **ISLAMABAD:** GOLRA MORE, PH: 0320-4700112. NEW GOLRA MOR, PH: 0324-7119500 **KOHAT:** PAF GATE#2 PH: 0324-9202011. **CHAKWAL:** TALAGANG ROAD, PH: 0324-9202026. **SARGODHA:** SATELLITE TOWN ROAD, PH: 0324-9202109. **JHUNG:** TOBA ROAD, PH: 0321-7420150. **RAWALPINDI:** MURREE ROAD, PH: 0324-9202102. MURREE ROAD OPPSITE POTOHAR HOTAL PH: 0320-7474808. **PESHAWAR:** UNIVERSITY ROAD, PH: 0324-9202097. **GUJRAT:** RAILWAY ROAD, PH: 0324-9202125. **JHELUM:** JEDA ROAD, PH: 0320-4455162.**MANDI BAHAUDIN:**JAIL ROAD, PH: 0321-1880200. **GUJJAR KHAN:** G.T. ROAD, PH: 0324-9202131. **KARACHI:** SHAHRAH E FAISAL, PH: 0324-9202031. LIAQATABAD, PH: 0324-9202048. **HYEDRABAD:** RISALA ROAD, PH: 0322-6408827. **MINGORA:** RAHEEMABAD , PH: 0324-9202059. SAIDU SHAREEF, PH: 0323-6473509. **GILGIT:** PH: 0320-7676099. **CORPORATE INQUIRY, HEAD OFFICE GUJRANWALA:** 055-3842891-7, EXT: 133, **EMAIL:** CORPORATE@BOSSPLAS.COM. **WHATSPP:** 0324-9202097, **FOR ONLINE ORDERS & QUERIES: E-MAIL:** DMBOSSPLAS@GMAIL.COM, **WHATSAPP:** 0324-9202107.



TAX
$
عوام پر ظلم بند کرو

بجلی کا جھٹکا

صورتِ حال چند دِنوں میں یہاں تک نہیں پہنچی، توانائی کے بارے میں غلط حکمتِ عملی اور معاہدے، متبادل ذرائع سے بے رُخی، انرجی مکس کی خراب شرح اور اقتصادی بدحالی نے یہ دن دکھائے ہیں

رضوان احمد طارق

اس وقت ملک بھر میں بجلی کے ہوش ربا بلز کے مسئلے پر طوفان برپا ہے۔ ہر طبقہ صدائے احتجاج بلند کرتا ہوا نظر آرہا ہے۔ لیکن سمجھنے کی بات یہ ہے کہ صورتِ حال چند دِنوں میں یہاں تک نہیں پہنچی ہے۔ بلکہ توانائی کے بارے میں حکومتوں کی غلط حکمتِ عملی اور معاہدے، متبادل اور قابلِ تجدید ذرائع سے ہماری بے رُخی، انرجی مکس کی خراب شرح اور اقتصادی بدحالی نے ہمیں یہ دن دکھائے ہیں۔

دہائیوں کی بدعنوانیوں، بدانتظامی، نااہلی اور عدم توجہ کی وجہ سے ملک کے اقتصادی حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ اب ایک جانب ہمیں قرض دینے والے دوست ممالک اور عالمی مالیاتی ادارے سخت شرائط عاید کررہے ہیں اور دوسری جانب ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمد کی جانے والی ضروری اشیا بیرونِ ملک سے منگوانے کے لیے زرِمبادلہ کی شدید قلت ہے۔ ایسی صورت میں توانائی کا شعبہ بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہا ہے کیوں کہ ملک میں بجلی کی پیداوار کا بڑا حصہ درآمدی ایندھن کا مرہونِ منت ہے۔ دوسری جانب ہمارے قدرتی گیس کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔

تلخ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اپنی ضرورت سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کے باوجود لوڈشیڈنگ سے چھٹکارا حاصل نہیں کر پا رہا۔ آج ہمارا توانائی کا شعبہ پیٹرولیم کی مصنوعات اور مائع گیس (ایل این جی) کی قیمتوں میں اضافے کے باعث شدید مسائل کا شکار ہے۔ بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ ماضی میں بھی موجود رہا ہے۔ توانائی کے شعبے کے بنیادی مسائل میں پانی سے بجلی پیدا کرنے پر تھرمل کو ترجیح دینا اور قابلِ تجدید ذرائع سے بجلی پیدا نہ کرنا، بجلی کی ترسیل کا پرانا نظام و آلات، ترسیل میں بجلی کا بہت زیادہ ضایع ہونا، اس کی کافی چوری اور اس شعبے کے اداروں میں بدعنوانی کی بھرمار شامل ہیں۔ توانائی اور خصوصاً بجلی کے شعبے کے لیے بیرونِ ملک سے لیے گئے قرضوں کو بھی غیر ذمے داری سے استعمال کیا گیا جس کی وجہ سے پاکستان ضرورت سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کے باوجود کئی کئی گھنٹے اندھیروں میں ڈوبا رہتا ہے۔ ہمارا شارٹ فال آٹھ ہزار میگاواٹ تک بھی پہنچ جاتا ہے، جسے پورا کرنے کے لیے ملک بھر میں لوڈشیڈنگ اور بجلی کے کم استعمال کا سہارا لیا جاتا ہے، کیوں کہ ملک میں بجلی کی ترسیل کا نظام پرانا ہونے کے باعث 22 ہزار میگاواٹ سے زیادہ بجلی صارفین تک پہنچانے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

تاخیر سے جاگے

ایسے میں بہت تاخیر سے ہمیں یہ خیال آیا ہے (وہ بھی بہت مجبوری کی حالت میں) کہ توانائی کی بچت بھی کوئی عمل ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے گیس کے صارفین کو رواں برس کے آخری مہینے تک گیزر میں کونیکل بیفلز نصب کرانے کی مہلت دی گئی ہے۔ اوگرا کے مطابق ملک بھر میں تقریباً تیس لاکھ اٹھاسی ہزار صارفین گیزر استعمال کرتے ہیں۔ اس کی تنصیب حتمی بنانے کے لیے ایس این جی پی ایل کے اہل کار گھر گھر سروے شروع کریں گے تاکہ گیزر میں مخروطی چکر کی تنصیب کو یقینی بنایا جاسکے۔ اگر کوئی صارف بغیر مخروطی چکر کے گیس سے چلنے والا گیزر استعمال کرتا ہوا پایا گیا تو مذکورہ اہل کار خود اس کے گیزر میں اسے نصب کریں گے اور اس کی لاگت بل کے ذریعے بارہ ماہانہ اقساط میں وصول کی جائے گی۔

اسی طرح سابق حکومت نے ملک میں بجلی کا استعمال کم کرنے کے لیے بعض اقدامات کا اعلان کیا تھا لیکن مجموعی طور پر ہم نے اسے ہوا میں اُڑا دیا کیوں کہ اوّل تو من حیث القوم یہ ہمارا مزاج نہیں، دوم اس ضمن میں بعض حلقوں کے سیاسی اور کاروباری مفادات آڑے آتے ہیں۔ وفاقی حکومت نے ملک بھر میں بازار شب ساڑھے آٹھ بجے بند کرنے کا اعلان کیا تھا۔ تین جنوری کو وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد چند وفاقی وزرا کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں اجلاس کے فیصلوں سے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو آگاہ کرتے ہوئے اس وقت کے وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ آصف نے بتایا تھا کہ اجلاس میں توانائی پالیسی کی منظوری دی گئی ہے جس کے تحت وفاقی اداروں میں بجلی کے استعمال میں تیس فی صد کمی لائی جائے گی۔ ملک بھر میں آج سے شادی ہالز کو رات دس بجے اور تمام بازاروں کو رات ساڑھے آٹھ بجے بند کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ رواں برس یکم جولائی سے بجلی سے چلنے والے ایسے پنکھوں کی تیاری پر پابندی ہوگی جو بہت زیادہ بجلی استعمال کرتے ہیں۔ ان اِن ایفی شینٹ پنکھوں پر اضافی ڈیوٹی عاید کی جائے گی۔ اس اقدام سے تقریباً پندرہ ارب روپے کی بچت ہوگی۔ نئے توانائی پروگرام سے ہمیں باسٹھ ارب روپے کی بچت ہوگی۔ تمام سرکاری ادارے توانائی کے موثر آلات خریدیں گے۔ تمام سرکاری دفاتر میں برقی آلات کا غیر ضروری استعمال روکا جائے گا۔

انہوں نے یہ بھی بتایا تھا کہ یکم فروری سے عام استعمال والے بلب کی تیاری پر پابندی عاید کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سے بائیس ارب روپے کی بچت ہوگی۔ علاوہ ازیں بجلی کے تمام غیر موثر آلات پر پابندی عاید کردی گئی ہے۔ ملک بھر میں سالانہ تین ارب ڈالر کا تیل موٹر سائیکل میں استعمال کیا جارہا ہے۔ درآمدی تیل کی کھپت کم کرنے کے لیے ملک بھر میں الیکٹرک بائیکس متعارف کرائی جائیں گی۔ بتایا گیا کہ نئی توانائی پالیسی سے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے ریڈیو اور ٹی وی پر مہم چلائی جائے گی تاکہ عوام حکومتی فیصلوں سے آگاہ ہوسکیں۔ وزیرِ دفاع کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنا طرزِ زندگی بدلنے کی ضرورت ہے۔ ہماری عادات و اطوار باقی دنیا سے مختلف ہیں۔ بازار، ریستوران اور شادی ہالز کے جلد بند ہونے سے قومی خزانے کو باسٹھ ارب روپے کی بچت ہوگی۔

اب ہمیں بدلنا ہوگا

یہ حقیقت ہے کہ مجموعی طور پر ہمیں اپنا طرزِ زندگی، رویے اور کاروبار کا انداز بدلنے کی اشد ضرورت ہے۔ دنیا کہاں سے کہاں پہنچ چکی ہے، لیکن ہم خود کو بدلنے کے لیے تیار نظر نہیں آتے۔ تاریخ کا سبق یہ ہے کہ جب قومیں طرزِ کہن پر اڑنے لگتی ہیں تو نظامِ فطرت مختلف عوامل کے ذریعے انہیں خود کو تبدیل کرنے پر مجبور کردیتا ہے، جو اگرچہ تکلیف دہ عمل ہوتا ہے، لیکن کائنات کا نظام چلانے کے لیے ایسا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ لہٰذا وقت کا جبر اب ہمیں بہت کچھ تبدیل کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔

اب یہ مثال ہی لے لیں کہ ہم گرمی سے بچنے کے لیے 18 ہزار میگاواٹ بجلی استعمال کرتے ہیں جس میں سے صرف پنکھے 12 ہزار میگاواٹ بجلی استعمال کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آج بھی ہمارے زیادہ تر گھروں میں استعمال ہونے والے پنکھے بجلی زیادہ استعمال کرتے ہیں، یعنی وہ اِن ایفی شینٹ ہیں اور 120 سے 130 واٹس تک بجلی استعمال کرتے ہیں۔ حالاں کہ اس وقت بازار میں ایسے پنکھے دست یاب ہیں جو محض 30 تا 40 واٹس بجلی استعمال کرتے ہیں۔ لیکن ہمارے ملک میں آج بھی زیادہ تر ایسے پنکھے بنتے ہیں جو بجلی کا زیاں کرتے ہیں، اس کی بنیادی وجہ پرانے کاروباری رجحانات ہیں۔

اسی طرح آج بھی ملک میں شفاف بلب بن رہے ہیں جن کے بعد بجلی کے بلبوں کی کم از کم دو نسلیں بازار میں آچکی ہیں۔ لیکن یہاں اِن کنڈیسنٹ بلب کی تیاری رواں برس فروری کے مہینے سے روکنے کا سرکاری اعلان کیا گیا ہے جس پر نہ جانے کب تک اور کس حد تک مکمل عمل درآمد ہوسکے گا۔ حکومت کے مطابق اس اقدام سے بائیس ارب روپے کی بچت ہوگی۔

توانائی کے بارے میں پچھلی حکومت نے سرکاری پالیسی کے تحت ملک بھر میں ہاؤسنگ کے شعبے میں بھی توانائی کی بچت کے لیے اصلاحات نافذ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ یہ اصلاحات بلڈنگ کوڈ اور ہاؤسنگ سوسائٹی کے بائی لاز میں شامل کی جائیں گی۔

اس کے علاوہ ملک بھر میں نصب شدہ صرف پچاس فی صد اسٹریٹ لائٹس استعمال کرنے کا اعلان کیا گیا جس سے چار ارب روپے کی بچت ہونے کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ یہ فیصلہ ایسے ملک میں کیا گیا ہے جہاں بعض اوقات اسٹریٹ لائٹس دن میں بھی روشن نظر آتی ہیں۔ لیکن کیا کریں، اب ہمیں وقت کا پہیہ بہت کچھ تبدیل کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔

ہمارا تیل کا سالانہ درآمدی بل بیس ارب ڈالرز تک جا پہنچا ہے اور ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر سات، آٹھ ارب ڈالرز رہ گئے ہیں۔ ہم موسمِ گرما میں 29 ہزار میگاواٹ اور موسمِ سرما میں 12 ہزار میگاواٹ بجلی استعمال کرتے ہیں۔ گرمیوں میں 17 ہزار میگاواٹ اضافی استعمال ہونے والی بجلی میں سے 5 ہزار میگاواٹ ایئر کنڈیشنرز کی نذر ہوجاتے ہیں اور 12 ہزار میگاواٹ پنکھے پی جاتے ہیں۔ لیکن ہم ماحول دوست گھر بنانے پر توجہ نہیں دیتے جن میں ہر موسم میں بجلی کا استعمال کم سے کم ہوتا ہے۔ اسی طرح ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے قابلِ تجدید ذرائع پر کوئی خاص توجہ نہیں دیتے۔ حالاں کہ قدرت نے ہمیں اس ضمن میں بہت فیاضی سے نواز رکھا ہے اور دنیا بھر میں اس بارے میں بہت زیادہ کام ہوچکا ہے۔

ملک بھر میں گیس سے چلنے والے تیس لاکھ سے زاید گیزر کا معاملہ بھی دیکھیں۔ ان میں سے زیادہ تر پرانی طرز کے ہیں جو بہت زیادہ گیس استعمال کرتے ہیں۔ ان میں گیس کا استعمال کم کرنے کی ٹیکنالوجی کافی عرصہ قبل بازار میں آچکی تھی، لیکن ہمارے ہاں آج بھی بڑی تعداد میں روایتی انداز میں گیزر تیار کیے جاتے ہیں۔

یہ اسٹینڈ والے گیزر کہلاتے ہیں جو لوہے اور اسٹیل کی چادر سے بنتے ہیں اور اس کے اوپر انسولیشن (جس کے لیے فوم کی شیٹ استعمال کی جاتی ہے) لگا کر لوہے یا اسٹیل کی چادر کی بیرونی تہہ چڑھادی جاتی ہے۔ اس میں بہت زیادہ گیس استعمال ہوتی ہے۔ دوسری قسم انسٹنٹ گیزر کی ہے، جس میں گیس صرف اسی وقت استعمال ہوتی ہے جب نلکا کھولا جاتا ہے۔ اسے پاکستان میں متعارف ہوئے پانچ سات برس ہوچکے ہیں، لیکن تاحال زیادہ تر گھروں میں پرانی طرز کے گیزر ہی استعمال ہو رہے ہیں۔ حالاں کہ انسٹنٹ گیزر پرانی طرز کے گیزر کے مقابلے میں آج بھی زیادہ مہنگے نہیں ہیں اور گیس کی بہت زیادہ بچت بھی کرتے ہیں، لیکن ہماری ذہنیت انہیں ابھی قبول کرنے کو تیار نہیں ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی بتائی جاتی ہے اس میں گرم پانی ذخیرہ رکھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ یہ بات درست ہے، لیکن ایسا نہیں ہے کہ مسلسل زیادہ پانی استعمال کرنے کی صورت میں یہ گرم پانی فراہم نہیں کرتے۔ پھر یہ کہ یہ مختلف استعداد کے آتے ہیں۔ آپ اپنی ضرورت کے مطابق ان کی مختلف استعداد کا انتخاب کرسکتے ہیں اور گھر میں مختلف مقامات کے لیے ایسے کئی گیزر لگا سکتے ہیں۔ یہ جگہ بھی کم گھیرتے ہیں۔

اگر کسی وجہ سے آپ انسٹنٹ گیزر نہیں لینا چاہتے تو پرانی طرز کے گیزر کو بھی دانش مندی سے استعمال کرکے گیس اور رقم کی کافی بچت کی جاسکتی ہے۔ مثلاً اس کے تھرمو اسٹیٹ کو کبھی بھی فل ہاٹ پر سیٹ نہ کریں بلکہ اسے وارم پر رکھیں۔ جب پانی کا استعمال کم ہو تو تھرمو اسٹیٹ کو آف پر سیٹ کردیں۔ ایسا کرنے سے صرف پائلٹ کی لو روشن رہے گی جس سے گزارے کے لائق گرم پانی میسر رہے گا۔ علاوہ ازیں اگر آپ کے پرانے گیزر میں مخروطی چکر نہیں لگا ہوا ہے تو اسے لگوانے سے بھی آپ کا گیس کا بل کم ہوجائے گا۔ دراصل کونیکل بیفل سے حرارت گیزر میں ٹریپ ہوجاتی ہے اور گیس کم استعمال ہوتی ہے۔ اگر ملک بھر کے تمام گیزرز میں یہ نصب ہوجائیں تو اس سے ایک اندازے کے مطابق 92 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ اسے لگانے کے لیے گیزر میں کوئی اضافی کام نہیں کرنا پڑتا۔ یہ مخروطی شکل کا لوہے کا ڈھانچا ہوتا ہے جسے بہت آسانی سے ہر کمپنی کے تیار کردہ گیزر میں لگایا جاسکتا ہے۔ یہ پانی کو گرم کرنے کے دوران گیزر میں پیدا ہونے والی حرارت کو زیادہ دیر تک اندر روکے رکھتا ہے جس کی وجہ سے پانی زیادہ دیر تک گرم رہتا ہے اور بار بار برنر جلنے سے گیس کی کافی بچت ہوتی ہے۔

کئی برس سے ہمارے بازاروں میں سولر گیزر بھی دست یاب ہیں، لیکن معلومات نہ ہونے، نئی ٹیکنالوجی کو آسانی سے قبول نہ کرنے کی ہماری ذہنیت، بعض دکان داروں کی بددیانتی اور اس کی تنصیب کے لیے زیادہ ہنرمند افراد کی عدم دست یابی کی وجہ سے بہت کم افراد انہیں استعمال کر رہے ہیں۔ پھر یہ کہ اس کی قیمت تھوڑی زیادہ ہوتی ہے، لیکن اس کے ذریعے گرم پانی حاصل کرنے پر کوئی خرچ نہیں آتا، تاہم یہ صرف سورج کی روشنی میں کام کرتا ہے۔

اس کا حل یہ بتایا جاتا ہے کہ دن بھر اس کے ذریعے جو پانی گرم ہو اسے محتاط انداز میں استعمال کیا جائے تو ذخیرہ شدہ گرم پانی شب میں بھی دست یاب ہوگا۔ یا پھر شب میں گرم پانی حاصل کرنے کے لیے اس کے ساتھ انسٹنٹ گیزر بھی لگایا جائے۔ ایسا کرنے سے ایک مرتبہ آپ کو زیادہ رقم تو خرچ کرنا پڑے گی، لیکن اس عمل کی وجہ سے ہر سال گیس کے خرچ کی مد میں آپ کو جو بچت ہوگی وہ آپ کی سرمایہ کاری کا بہترین نعم البدل بن جائے گی۔

پہلے والوں کے دعووں کا کیا ہوا؟

لوڈشیڈنگ
سے کاروبار تباہ

شہباز شریف کی حکومت کے اعلانات سے قبل چودہ اکتوبر 2021 کو اس وقت کے وفاقی وزیر برائے سائنس اور ٹیکنالوجی شبلی فراز نے قومی اسمبلی کی کمیٹی برائے سائنس اور ٹیکنالوجی میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا تھا کہ ملک میں استعمال ہونے والے دس کروڑ پنکھوں کا معیار اگر ٹیکنالوجی کے مطابق کیا جائے تو ملک میں دو ہزار میگاواٹ بجلی اور چار ارب ڈالرز سے زاید کی بچت ہوگی۔ اسی لیے آیندہ سال سے ملک میں صرف وہ پنکھے فروخت ہوں گے جو وزارت سائنس کی جانب سے طے کردہ معیار کے مطابق تیار کیے جائیں گے۔ پنکھوں کے لیے اسٹار ریٹنگ کا نظام متعارف کرایا جائے گا جس سے عوام کو آگاہی ملے گی کہ کون سا پنکھا کیوں مہنگا ہے۔

اس سے ایک ماہ قبل بھی شبلی فراز نے کہا تھا کہ گرمیوں میں 60 سے 65 فی صد بجلی ایئر کنڈیشنرز اور پنکھوں میں استعمال ہوتی ہے۔ پنکھوں کی کارکردگی کو بڑھا کر بجلی کے استعمال میں کمی لائیں گے۔ 80 ملین پنکھے ملک میں استعمال ہو رہے ہیں، ہم نے ان کا جائزہ لیا کہ کتنی بجلی استعمال کرتے ہیں، اس لیے وقت آگیا ہے کہ اسٹار ریٹنگ کو متعارف کرایا جائے۔ صارفین مارکیٹ سے پنکھے خریدتے وقت اسٹار ریٹنگ کو دیکھا کریں گے۔

صارفین کو پتا ہونا چاہیے کہ وہ اسٹار ون، ٹو یا کون سا پنکھا خریدیں جس سے بجلی کی زیادہ بچت ہو۔ عام پنکھا اگر 8 سے 12 گھنٹے چلتا ہے تو اس کا ماہانہ بل 950 روپے بنتا ہے۔ اسٹار ریٹنگ کریں گے تو جس کا ماہانہ بل ماہانہ 950 روپے تھا اب اس کا بل 628 روپے آئے گا۔ اسٹار ٹو کا بل 542 روپے، اسٹار تھری کا 477 روپے، اسٹار ریٹنگ فائیو کا بل 387 روپے آئے گا۔ اگر اس معیار پر پنکھے بنائے جائیں تو ہم تقریباً 3400 میگاواٹ بجلی بچا سکتے ہیں، یعنی دو غازی بروتھا ڈیم بنانے کے مساوی۔

اس کے علاوہ پانی کی موٹر بھی تقریباً ہر گھر میں موجود ہوتی ہے جو زیادہ بجلی استعمال کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فین انڈسٹری کو درآمدی ڈیوٹی میں چھوٹ ملنے سے 3400 میگاواٹ بجلی بچائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر پانی کی موٹر بھی معیاری ہو تو پانچ ہزار میگاواٹ بجلی بچائی جاسکے گی۔ اس طرح 40 سے 60 فی صد تک بجلی کی بچت ہوگی۔

انہوں نے بتایا تھا کہ گرمیوں میں پاکستان کا ترسیلی نظام چوبیس ہزار میگاواٹ بجلی ترسیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سردیوں میں بجلی کی کھپت آٹھ ہزار میگاواٹ تک ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ سولہ ہزار میگاواٹ بجلی پاکستان میں ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس لیے اگر کولنگ کے آلات بجلی بچانے والے ہوں تو پاکستان کو بجلی کی مد میں بہت بچت ہوگی۔

یہ دعوے کس حد تک عمل کی کسوٹی تک پہنچے، یہ جاننے کے لیے بازار جا کر وہاں فروخت ہونے والے پنکھوں کی اسٹار ریٹنگ (اگر ہوں تو) دیکھ لیں، آپ کو خود اندازہ ہوجائے گا کہ پاکستان میں سرکار کے دعوے اور وعدے کیسے ہوتے ہیں۔

پاور سیکٹر اور سرکلر ڈیٹ

پاکستان کا پاور سیکٹر اس وقت بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، بجلی کی چوری اور سرکلر ڈیٹ سمیت متعدد مسائل سے نمٹ رہا ہے۔ پچھلی حکومتوں نے پاور سیکٹر کے مسائل پر قابو پانے کی کچھ خاص کوششیں نہیں کیں۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیز بھی بجلی کی چوری سے متعلق متعدد مسائل سے نمٹ رہی ہیں، جس کے نتیجے میں گردشی قرضہ بڑھ گیا ہے۔ خیبر پختون خوا، سندھ اور بلوچستان میں کئی کمپنیز ایسی ہیں جہاں نقصانات زیادہ ہیں اور ریکوری اتنی کم کہ پوری توانائی کی زنجیر کو متاثر کرسکتی ہے۔ پی ٹی آئی کی پچھلی حکومت کے دوران گردشی قرضہ تقریباً 2.5 ٹریلین روپے تک بڑھ گیا تھا۔ 2018 میں جب پی ٹی آئی کی حکومت نے اقتدار سنبھالا تو مسلم لیگ ن کی حکومت نے گردشی قرضہ 1.6 ٹریلین روپے چھوڑا تھا۔ بجلی کے نرخ کم کرنے کے لیے ایک معاہدہ کرنے کی غرض سے پی ٹی آئی کی حکومت نے خود مختار پاور پروڈیوسرز (IPPs) کو تقریباً 200 ارب روپے کی ادائیگی کی تھی۔

کے پی، بلوچستان اور سندھ میں ناقص طرزِ حکم رانی کے نتیجے میں بجلی کے نقصانات اور چوری میں اضافہ ہوا جس نے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے میں اہم کردار ادا کیا۔ پاور سیکٹر کی نااہلی نے تیل اور گیس کے شعبے میں بھی مسائل پیدا کیے جس پر تقریباً 1.5 ٹریلین روپے کا گردشی قرضہ تھا۔ مائع قدرتی گیس (ایل این جی) ایک اور ایندھن تھا جس کی وجہ سے تیل اور گیس کے شعبوں میں گردشی قرضوں کا ڈھیر لگا۔ اس وقت پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو ایل این جی سپلائی کے واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) سے 272 ارب روپے وصول ہونے تھے۔

پی ٹی آئی کی حکومت نے گیس کے بحران پر قابو پانے کے لیے سردیوں کے موسم میں تمام ایل این جی گھریلو صارفین کے لیے موڑ دی تھی۔ اس سے توانائی کمپنیاں ایل این جی سرکلر ڈیٹ میں پھنس گئیں۔ ایس این جی پی ایل نے دعویٰ کیا کہ اسے گھریلو صارفین سے 100 ارب روپے سے زاید وصول کرنے تھے۔ تاہم، قانونی فریم ورک کی کمی کی وجہ سے گیس کے بلوں کی وصولی ایک مسئلہ ہے۔ پی ٹی آئی کی حکومت نے پارلیمنٹ سے گیس کی وزنی اوسط قیمت (ووگ) سے متعلق بل منظور کرائی تھی۔ لیکن اس بل کو عدالت میں چیلنج کردیا گیا تھا اور حکومتِ سندھ بھی اس کیس میں فریق بن گئی تھی۔ حکومتِ سندھ نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ ان کے گیس کے مختص کوٹے پر سمجھوتا کرے گی۔

دلدل سے نکلنا ہوگا

اب ہماری حالت یہ ہوچکی ہے کہ ملک میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے لائن لاسز کا حجم 520 ارب روپے سے بھی بڑھ گیا جب کہ گزشتہ دو برس میں ترسیل کے دوران ضایع شدہ بجلی کی رقم کا حجم وفاقی بجٹ سے بھی زیادہ ہوگیا ہے۔ پاور سیکٹر کے ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن (ٹی اینڈ ڈی) کے نقصانات بڑھ کر 520 ارب 30 کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں جس میں سب سے زیادہ خسارے کا سامنا پشاور الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی (پیسکو) کو ہے جس کا خسارہ 153 ارب 50 کروڑ روپے ہے۔ بنیادی اصلاحات کے بغیر اس سے چھٹکارا ملنے کی بھی کوئی صورت دکھائی نہیں دے رہی۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے بورڈز میں ارکان کا میرٹ پر تقرر کیوں نہیں کیا جاتا؟ اس کا سیدھا سا جواب یہ ہے کہ ان تقرریوں کو سیاسی فائدے اٹھانے کے لیے بروئے کار لایا جاتا ہے۔

پاکستان کے سیسمک ایریا کا رقبہ 8 لاکھ 27 ہزار مربع کلومیٹرز ہے جس میں سے اب تک صرف 20 فی صد میں تیل اور گیس کی تلاش کا کام ہوا ہے۔ تیل اور گیس کے مقامی وسائل کو بڑھانے کے لیے حکومت کو ان ذخائر کی تلاش کے زیادہ سے زیادہ منصوبے شروع کرنا ہوں گے۔ پاکستان میں توانائی کے مسائل نئے نہیں ہیں۔ البتہ روس اور یوکرین کی جنگ اور عالمی رسد کے بحران کے باعث ان میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ درآمدی ایندھن پر ملک کے زیادہ انحصار نے اسے توانائی کے عدم تحفظ سے دوچار کردیا ہے، جس میں قیمتوں کے دھچکے، فراہمی میں خلل اور ساتھ ہی توانائی کے نرخوں میں مسلسل اضافہ بھی شامل ہے۔

ہم رکازی ایندھن (ایندھن کا مخفی تیل، مائع قدرتی گیس اور کوئلہ) پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں، جو ایک اندازے کے مطابق ملک کی بنیادی تجارتی توانائی کی فراہمی کا 86 فی صد حصہ بناتے ہیں۔ پاکستان کا ایندھن کا درآمدی بل مالی سال 2021-22 میں بڑھ کر 23 بلین امریکی ڈالرز تک پہنچ گیا تھا جو اس سے پچھلے مالی سال کے مقابلے میں 105 فی صد زیادہ تھا۔ اس کی ایک وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ موٹرز، بوائلرز سمیت دیگر آلات کے باعث ملک میں توانائی زیادہ خرچ ہو رہی ہے۔ صرف رہائشی عمارتوں میں 24 فی صد توانائی استعمال ہو رہی ہے۔

سرکاری منصوبہ تو یہ کہتا ہے کہ سرکاری اور نجی عمارتوں کو سالانہ انرجی ایفی شینٹ آڈٹ کرانا ہوگا۔ غیر معیاری ٹرانسپورٹ بھی توانائی پر بوجھ ہے۔ اس شعبے کے لیے ٹیکنیکل فیول اکانومی اسٹینڈرڈز بنائے جائیں گے۔ پبلک ٹرانسپورٹ سیکٹر کا سالانہ انرجی آڈٹ ہوگا۔ اس کے علاوہ تجویز ہے کہ الیکٹرک وہیکلز اور چارجنگ اسٹیشنز پر کام تیز کیا جائے اور موٹر وے پر آٹھ سو سی سی کے علاوہ دیگر سنگل گاڑیوں پر بھاری ٹول ٹیکس عاید کیے جائیں۔

یہ سب بلاشبہ فوراً کرنے والے کام ہیں، لیکن پتا نہیں کہ بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے گا؟

☆☆ ☆☆

بریکنگ نیوز

بجلی کی بندش کے خلاف ماڑی پور روڈ پر دوسرے روز بھی احتجاج

سانحہ جڑانوالہ

سفید رنجیدہ سبز شرمندہ

انسانیت کی جڑ پر سنگین سوالات

WE WANT JUSTICE

- توہین مذہب کے قانون کا غلط استعمال قانون سے ہی روکا جائے
- معاشرے میں مذہبی ہم آہنگی، برداشت اور بھائی چارہ بیدار کرنا ہوگا
- پرچم سے جڑا سفید رنگ پرچم سے جڑا رہے، ریاست اپنا اہم کردار ادا کرے

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے دفتر پی ایم اے ہاؤس میں "مذہبی منافرت کا خاتمہ کیسے؟" کے موضوع پر جنگ فورم کی تفصیلی رپورٹ

میزبان : محمد اکرم خان
ایڈیٹر، جنگ فورم، کراچی

رپورٹ : سلیم اللہ صدیقی
تصاویر : محمد اسرائیل انصاری

شرکاء

فادر ماریو روڈرکس (رومن کیتھولک چرچ/ ریکٹر، سینٹ پیٹرکس اسکول، کراچی)
ریورنڈ ڈاکٹر معظم جان (ڈائریکٹر مین کاسبل [illegible] چرچ آف پاکستان)
قاضی خضر (وائس چیئر پرسن، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان)
انتھونی نوید (سابق رکن سندھ اسمبلی/ پاکستان پیپلز پارٹی)
ریورنڈ دانش پیٹر (گریس نیٹ ورک ٹرسٹ)
زاہد فاروق (اربن ریسورس سینٹر)

> سب سے ضروری ہے کہ ہم متحد ہو جائیں اور جو معاشرہ 70 کی دہائی میں تھا اسے بحال کریں، ان دنوں مسلم عیسائی کی تخصیص نہیں تھی، اس تقسیم کا آغاز جنرل ضیاالحق کی حکومت کے بعد سے شروع ہوا جب مذہبی انتہا پسندی کا آغاز ہوا، ابھی سویڈن میں قرآن مجید کے حوالے سے جو ہوا میں نے خود دیگر لوگوں کے ساتھ مل کر اس واقعہ کی شدید مذمت کی اور ایک ڈیکلریشن جاری کیا
> **فادر ماریو روڈرکس**

> ریاست کی بڑی کمزوری یہ بھی ہے کہ جو غلط ہے اسے رد نہیں کرتے بس اچھے بیانات دے کر فوٹو کھنچوا کر متاثرین سے اظہار یکجہتی کے لیے مذہبی لیڈر اور دیگر پہنچ جاتے ہیں، جڑانوالہ کے مجرموں کو سزا دی جائے اس طرح ریاست اپنا کردار ادا کرتی نظر آئے گی، سزائیں ملنا شروع ہوں گی تو آگے چیزیں بہتر ہونا شروع ہوں گی
> **ریورنڈ ڈاکٹر معظم جان**

> ریاست نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایسے سانحات سے نمٹنے کے لیے ملکی اور عالمی فورمز پر وعدے کیے ہیں اور دستخط بھی کیے کہ ہم اپنے ملک میں انسانی حقوق بالخصوص اقلیتی طبقے کے حالات کو بہتر کریں گے، دو ہزار 14 میں سپریم کورٹ کا فیصلہ بڑا واضح ہے، جس میں ریاست کو پابند کیا گیا ہے، جڑانوالہ کے حادثے کو جوڑ کر دیکھیں تو ریاست کی ذمہ داری تھی کہ وہ عبادت گاہوں اور اقلیتی لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرتی
> **قاضی خضر**

> ہمارے پرچم میں سفید رنگ، ہماری نشاندہی کرتا ہے جس پر ہم فخر کرتے ہیں لیکن ایسے واقعات کے بعد ہمیں یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس طرح ریاست نے ہمیں خود سے علیحدہ کر دیا ہے، ملک کی اکثریتی آبادی کو یہ یقین دلانے کی ضرورت ہے کہ اب آپ آزاد شہری ہیں یہ ملک آپ کا ہے یہاں کے رہنے والے دیگر مذاہب کے لوگ آپ کی طرح برابر کے شہری ہیں
> **انتھونی نوید**

> ہمارے بزرگ کہتے تھے مسیحی ہو ہندو ہو یا کوئی اور، سب ریاست پاکستان کے برابر مالک ہیں لیکن ہم اب سمجھتے ہیں ہم ابھی صرف اقلیت ہیں، ہمیں اپنے وطن سے یہ احساس چاہیے کہ ہم اس ملک کے برابر کے شہری ہیں، جنہوں نے ہماری مقدس کتاب اور چرچ کی بے حرمتی کی ہے ان کے خلاف توہین مذہب کے قانون کے تحت کارروائی کی جائے
> **ریورنڈ دانش پیٹر**

> جڑانوالہ واقعہ کے بعد عیسائی برادری کے نوجوان خوف زدہ ہو گئے ہیں، سرکار کو اس برادری کو اعتماد دینے کے لیے آگے بڑھ کر کام کرنا ہوگا، اب ضرورت ہے کہ متاثرہ گھروں عبادت گاہوں اور کاروبار کی بحالی کا عمل تیز کیا جائے متاثرہ خاندانوں کی دل جوئی کے لیے حکومتی امداد فوری طور پر مہیا کی جائے
> **زاہد فاروق**

ہم دیکھ رہے ہیں کہ غیر مسلم پاکستانیوں کے لیے مشکلات بڑھ رہی ہیں، بین المذاہب ہم آہنگی بھی بڑا مسئلہ ہے منافرت، تعصب، تشدد میں شدت نظر آ رہی ہے، نفرت میں اضافہ ہو رہا ہے، مذہب میں محبت کی جگہ نفرت بڑھنے لگے تو اسے کسی بھی مذہب کا قتل کہنا بے جا نہ ہوگا، ہمارے آج کے جنگ فورم کا موضوع سانحہ جڑانوالہ سے جڑا ہے جو 16 اگست کو ہوا۔ بانی پاکستان قائداعظم کی گیارہ اگست کی تقریر مذہب کے حوالے سے ریاست پاکستان کے خدوخال کو واضح کرتی ہے، لیکن پھر یہاں شدت پسند انتہا پسند مذہبی عناصر نے جگہ کیسے بنائی۔ ریاست ایسے واقعات قابو کرنے میں کیوں ناکام ہے، ہمارے قانون میں خامیاں کمزوریاں کہاں ہیں، 16 اگست کے ہونے والے دل خراش سانحے کے بعد آئین اور قانون میں کیسے اصول ضابطے ہونے چاہئیں، یو این او کا چارٹر کیا کہتا ہے اور پاکستان اس پر عمل درآمد کرنے میں ناکام کیوں ہے، پاکستان کے کون سے علاقے زیادہ متاثر ہیں۔ بڑھتی شدت پسندی بچوں کی ذہن سازی میں خطرناک عمل ہے، ابتدا ہی سے مذہب اور انسان میں تفریق کی تعلیم اور تربیت کرنا ریاست اور والدین دونوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ پاکستان میں غیر مسلموں کی تعداد میں کمی ہوئی ہے یا اس میں اضافہ ہوا ہے، عبادت گاہوں میں منبر کا استعمال کس طرح کیا جا رہا ہے، اگر صورت حال قابل اعتراض ہے تو کس طرح کی اصلاح ہونی چاہیے، ہم نے نیشنل ایکشن پلان بھی بنایا تھا وہ کس حد تک قابل عمل رہا، کامیابی اور ناکامی کا تناسب کیا رہا۔ بھارت میں جب ایسے واقعات ہوتے تو پوری پاکستانی قوم نے اس رویے پر نفرت کا اظہار کیا ہے، لہٰذا یہاں تو ایسے واقعات نہیں ہونے چاہیے لیکن ہو رہے ہیں، توہین مذہب کا مسئلہ کیسے حل ہو گا، ماضی میں ایسے جرائم میں جو لوگ پکڑے گئے ان میں کتنے فیصد لوگوں کو سزائیں ملیں اور نہیں تو اس کی وجہ کیا رہی، اگر سزاؤں پر ہی عمل درآمد ہو جاتا تو شاید اس قسم کے واقعات میں روک تھام ہو جائے۔ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے مذاہب کے درمیان مستقل بنیادوں پر قومی سطح پر بات چیت کی ضرورت ہے، جنگ فورم کی طرح ہر سطح پر ڈائیلاگ کیا جائے، ہم سالانہ بین المذاہب ہم آہنگی کا دن مناتے ہیں، اسے ہفتہ وار منانے کی ضرورت ہے کیا اس کے لیے ایک دوسرے کی عبادت گاہوں کو استعمال کیا جا سکتا ہے اور کیا ہمیں شدت پسندی کو قابو کرنے کے لیے بچوں کی ذہن سازی کرنے کی ضرورت ہے، ان سوالوں کے جوابات کے لیے "مذہبی منافرت کا خاتمہ کیسے؟ سانحہ جڑانوالہ اور ریاست کی ذمہ داریاں" کے موضوع پر جنگ فورم کا انعقاد کیا گیا جس سے فادر ماریو روڈرکس (رومن کیتھولک چرچ/ ریکٹر، سینٹ پیٹرکس اسکول، کراچی) ریورنڈ ڈاکٹر معظم جان (ڈائریکٹر مین کاسبل [illegible] چرچ آف پاکستان) قاضی خضر (وائس چیئر پرسن، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان) انتھونی نوید (سابق رکن، سندھ اسمبلی) ریورنڈ دانش پیٹر (گریس نیٹ ورک ٹرسٹ) اور زاہد فاروق (اربن ریسورس سینٹر) نے اظہار خیال کیا، فورم کے انعقاد میں ہمیں تعاون حاصل رہا کنسرن شیئرن، اربن ریسورس سینٹر اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن جس کے دفتر پی ایم اے ہاؤس کے کانفرنس روم میں یہ پروگرام کیا گیا جس کے لیے ہم شکر گزار ہیں۔ فورم کی رپورٹ پیش خدمت ہے

جنگ: وہ کون سی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے جڑانوالہ جیسے واقعات تواتر کے ساتھ بڑھتے جا رہے ہیں؟

قاضی خضر: پاکستانی کمیشن برائے انسانی حقوق فیصل آباد کے علاقے جڑانوالہ کے پرتشدد واقعات جس میں گھروں اور گرجا گھروں میں حملے ہوئے اس کی پرزور مذمت کرتا ہے یہ ناقابل برداشت ہیں، حالیہ برسوں میں ان واقعات میں اضافہ ہوا ہے ریاست غیر مسلم پاکستانیوں کے حقوق کا تحفظ کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ریاست چلانے کا کوئی نہ کوئی طریقہ ہوتا ہے قوانین ہوتے اور اصول ہوتے ہیں، ملک میں بھی ایک آئین ہے جس میں واضح کہا گیا ہے کہ تمام شہریوں کے حقوق برابر ہیں ان کے جان و مال کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے، لیکن ہم اگر صرف مذہبی بے حرمتی کے حوالے سے صورت حال جاننے کی کوشش کریں، دو ہزار بائیس میں ملک میں توہین مذہب کے 35 کیس رجسٹرڈ ہوئے ہیں جس میں 171 افراد متاثر ہوئے اور نامزد کیے گئے ہیں، اس سے پہلے 586 افراد کو ایسے مقدمات میں نامزد کیا گیا تھا، اس میں سے 65 فیصد واقعات پنجاب میں ہوئے ہیں، دو ہزار بائیس کے 35 کیس میں سے چھ سندھ میں باقی پنجاب میں ہوئے، اس طرح سندھ میں 20 مجموعی طور پر 20 فیصد واقعات سامنے آئے اور 65 فیصد پنجاب میں، صوبہ کے ملک بھر میں 19 واقعات ہوئے جس میں ہجوم نے پرتشدد کارروائی کی، یہ صرف وہ تمام واقعات ہیں جو ہیومن رائٹس کمیشن کو رپورٹ ہوئے۔ ریاست کہتی ہے ملک کے سارے شہری برابر ہیں ان کے مساوی حقوق ہیں ان کے جان و مال کی ذمہ داری ریاست کی ہے، لیکن دوسری طرف ہم دیکھتے ہیں ملک بھر میں اغوا برائے تاوان کے واقعات میں زیادہ تر غیر مسلم پاکستانی اغوا ہوئے جن کی ویڈیوز ریلیز کی جاتی ہے، جو سوشل میڈیا میں نظر آتی ہیں، بھتے کی پرچیاں ہیں، زمینوں پر قبضے ہیں، یہ سب کچھ ہوا ہے آخر میں اس کا نتیجہ کیا نکلا، لوگ اس ملک کو اپنے گھروں چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں، اس کی تصدیق یوں ہوتی ہے کہ 1951 پاکستان کی پہلی مردم شماری کے مطابق غیر مسلم پاکستانیوں کی تعداد 27 فیصد تھی، دو ہزار سترہ میں ہونے والی ملک کی چھٹی مردم شماری کے مطابق تعداد گھٹ کر بمشکل چار فیصد رہ گئی ہے۔ تیزی سے اقلیتی آبادی میں کمی کی وجہ ریاست کا اپنی ذمہ داریوں کو ٹھیک سے ادا نہیں کرنا ہے، ریاست غیر مسلم پاکستانیوں کو برابر شہری ہی تسلیم نہیں کر رہی، وہ ان کے جان و مال کا تحفظ کرنے میں ناکام ہے، ہمارے آئین کا آرٹیکل 14 کہتا ہے انسانی وقار، گھر، چادر اور چار دیواری کی حرمت کی ذمہ داری ریاست کی ہے، وہ یہ کہتے ہوئے کسی خاص یا اکثریتی مذہب کی جانب اشارہ نہیں کر رہا، بلکہ تمام شہریوں جس میں مسلمان، عیسائی، ہندو سمیت تمام مذاہب جنس جس میں عورت، مرد یا ٹرانس جینڈر سب شامل ہیں، جب ریاست نے ذمہ داری لی ہے۔ اس کے بعد جڑانوالہ میں ریاست کی آنکھ کے سامنے لوگوں کے گھر جلائے گئے، متاثرہ مقامات خواتین کی بے حرمتی کی گئی، خواتین اپنے بچوں سمیت خوفزدہ ہو کر بے سرو سامانی میں گھروں کو چھوڑنے پر مجبور ہوئیں، ان حالات کی تمام تر ذمہ داری ریاست ہے۔ یہی ریاست آگے ہی سامنے میں وعدہ کرتی ہے اور آرٹیکل نمبر 20 کہتا ہے، ہر شخص کو اپنے مذہب میں قائم رہنے اس پر عمل کرنے اس کی تعلیمات کا ذکر کرنے کا حق حاصل ہے، اسی کے آگے یہ آئین کہتی ہے ہر شہری اپنی مذہبی عبادت گاہیں اور ادارے بنا سکتا ہے اور انہیں قائم بھی رکھ سکتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے، ریاست ان کے تحفظ کی ذمہ دار اور ضامن ہے۔ لیکن دوسری طرف دو ہزار بائیس کے بارہ مہینوں میں تین لڑکیوں کے جبری تبدیلی مذہب کے کیس رپورٹ ہوئے دو ہزار اکیس میں 27 کیس دو ہزار بیس میں یہ تعداد 31 تھی ان میں زیادہ تر کمسن بچیاں تھیں، اس پوری صورت حال کے بعد متاثرین کیسے ریاست کے وعدوں پر یقین کریں۔

جنگ: جن واقعات کا آپ ذکر کر رہے ہیں ہیومن رائٹس کمیشن کی شکایت پر ریاست کا واقعات کی روک تھام یا قانونی سازی کے لیے ردعمل اور کردار کیا رہا؟

قاضی خضر: ریاست نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایسے

فادر ماریو روڈرکس

ریورنڈ ڈاکٹر معظم جان


قاضی خضر


انتھونی نوید

ریورنڈ دانش پیٹر


زاہد فاروق

حالات سے نمٹنے کے لیے ملکی اور عالمی فورمز پر بارہا وعدے کیے ہیں، دستخط کیے ہیں کہ ہم اپنے ملک میں انسانی حقوق بالخصوص اقلیتی طبقے کے حالات کو بہتر کریں گے، ریاست میں عورتوں، بچوں، کسانوں کے حالات بہتر کریں گے جس کی عوض دینے انہیں فائدہ پہنچانے کے لیے جی ایس پی پلس سے بھی نوازا ہے، لیکن ریاست تمام وعدوں میں ملک کے کمزور طبقے اور مذہبی اقلیتوں کو تحفظ دینے میں ناکام نظر آتی ہے۔ ہیومن رائٹس کمیشن 1986 میں وجود میں آیا ہے اور جب سے کمیشن پاکستان میں انسانی حقوق کی صورت حال کے نام سے سالانہ رپورٹ جاری کر رہا ہے جس میں تمام صوبوں کے اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی حالت زار کا ذکر ہوتا ہے، امتیازی قوانین کی نشاندہی کرتا ہے اور کیا کرنا چاہیے یہ کا ایڈوائزری بھی دیتا ہے۔

جنگ: ہیومن رائٹس کمیشن کیا کسی مقدمے میں فریق بنتی ہے؟

قاضی خضر: دو ہزار 14 میں سپریم کورٹ کا فیصلہ بڑا واضح ہے جس میں ریاست کو پابند کیا گیا ہے، جڑانوالہ کے حادثے کو جوڑ کر دیکھیں تو ریاست کی ذمہ داری تھی کہ وہ عبادت گاہوں اور اقلیتی لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرتی لیکن ایسا نہیں ہوا، ریاست وہاں بھی ناکام ہوئی ریاست کے قول و فعل میں تضاد نظر آتا ہے۔

جنگ: جڑانوالہ سانحے کی تازہ ترین کیا صورت حال ہے، پاکستان اسلامی ریاست ہے، آپ کے خیال میں ایسی کون سی خامیاں ہیں جس کی وجہ سے ایسے واقعات ہو رہے ہیں، اور آپ لوگوں کی شکایات دور نہیں کی جا رہی؟

ریورنڈ دانش پیٹر: پوری دنیا جانتی ہے جڑانوالہ کیا ہوا جہاں بھی مسیحی آباد ہیں وہاں سے شکایات کی ایک لمبی فہرست ہے، حکومت کے مطابق اس نے جڑانوالہ متاثرین ہر خاندان کو فی کس بیس لاکھ دیے ہیں، لیکن کیا سارے متاثرین کو مل گئے ہیں اس کی تصدیق ابھی نہیں کی جا سکتی، ابھی پچاس افراد نے اس رقم کے ملنے کا بتایا ہے، جب کہ متاثرہ خاندان کی تعداد 200 کے لگ بھگ ہے۔ جس میں نذر آتش اور لوٹ مار کا شکار گھر شامل ہیں، اور بے گھر ہونے والے وہ خاندان بھی شامل ہیں جنہوں نے عدم تحفظ کے سبب اپنے گھروں کو چھوڑ دیا ہے اور دوسری جگہ چلے گئے ہیں۔

جنگ: اس ہنگامے میں کتنے چرچ متاثر ہوئے ان کی بحالی کے لیے حکومت کیا کر رہی ہے؟

ریورنڈ دانش پیٹر: 22 چرچ مکمل جلانے کے بعد مسمار کر دیے گئے ہیں، اور اس کے علاوہ بعض ایسے چرچ ہیں جس میں گھس کر توڑ پھوڑ لوٹ مار کر کے نقصان پہنچایا گیا ہے، ایسے چرچ کی تعداد 40 کے قریب ہے، کچھ لوگوں کے مطابق حکومت نے کہا ہے وہ انہیں از سر نو تعمیر کرے گی۔

جنگ: جڑانوالہ کا یہ متاثرہ علاقہ کوئی خاص محلہ ہے یا کوئی پھیلا ہوا علاقہ ہے؟

ریورنڈ دانش پیٹر: پہلے دن ہی ہم انتھونی نوید (سابق رکن سندھ اسمبلی) کی قیادت میں متاثرہ علاقے گئے تھے سب کچھ جلا ہوا نظر آ رہا تھا، متاثرہ علاقہ ایک ہی تھانے کی حدود میں شامل ہے، جو ہم میڈیا اور دیگر ذرائع متاثرہ علاقوں کے طور پر عیسیٰ نگری اور کرسچین ٹاؤن صرف دو کی رپورٹ کر رہے ہیں، حقیقت میں متاثرہ اس سے زیادہ علاقے ہیں، نزدیک کے کئی چک دیہات اور گاؤں کے گلی محلے اور چرچ ہیں، وہاں آباد کرسچین گھرانے لوٹ مار اور تشدد کا نشانہ بنے، ایسے ہی ایک علاقے میں پادری صاحب کے گھر گئے جو مکمل لوٹ لیا گیا ہے۔ حکومتی امداد کے صرف بیس لاکھ روپے سے تباہ و برباد لٹے خاندان بحال نہیں ہو سکتے ہم اسے لالی پاپ سمجھتے ہیں، وہاں کے متاثرہ آبادی ان چیزوں سے انہیں اندازہ ہو گیا جیسے ان کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

جنگ: سانحے کے بعد کئی مذہبی رہنماؤں اور علماء نے متاثرہ علاقوں کے دورے کیے، اس کا کوئی اثر ہوتا ہے؟

ریورنڈ دانش پیٹر: میں اسے دوسری نظر سے دیکھتا ہوں، کیوں کہ ماضی میں سانحہ گوجرہ، لاہور، کراچی سمیت ملک کے کئی مقامات پر دیگر ایسے واقعات ہوئے ہیں لیکن کسی واقعہ کا حل نہیں نکلا، اس لیے میں تو ناامید ہوں، ہمارے بزرگ کہتے تھے مسیحی ہو ہندو ہو یا کوئی اور سب ریاست پاکستان کے برابر مالک ہیں، لیکن ہم اب سمجھتے ہیں ابھی صرف اقلیت ہیں، متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں تو وہاں کی دیواروں پر لکھا ہے وی دونٹ بی لانگ ہیئر کرسچین ناٹ سیف، اگر ہماری قوم میں ایسے خیالات پروان چڑھنے شروع ہو گئے جس میں وہ ریاست کو اپنا ملک نہ سمجھیں اور ایسے میں مزید پرتشدد واقعات ہوئے تو ریاست میں حالات خطرناک رخ اختیار کر سکتے ہیں۔

جنگ: جنگ فورم اقلیتوں کے بجائے ہمیشہ آئینی طور پر درست لفظ غیر مسلم پاکستانی استعمال کرتا ہے، پیپلز پارٹی کا منشور اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے بڑا واضح ہے۔ اقلیت سے غیر مسلم پاکستانی بننے میں مزید کتنا سفر باقی ہے جہاں سب خود کو برابر کے شہری سمجھیں؟

انتھونی نوید: پاکستان کی غیر مسلم اکائیاں جب بھی مشکل میں آئیں، جنگ فورم مدد میں ایک قدم آگے ہوتا ہے، یکجہتی و درگی کے لیے چند غیر سرکاری تنظیموں کے مطابق جڑانوالہ حادثے میں 26 کے قریب چرچ نذر آتش کر کے تباہ کیے گئے ہیں اور 500 کے قریب خاندان متاثر ہوئے ہیں جس میں 128 گھر ہیں۔ جڑانوالہ ایک ٹاؤن ہے جس میں دو بڑی آبادیاں کرسچین ٹاؤن اور عیسیٰ نگری ہیں۔ کرسچین کالونی قیام پاکستان سے پہلے کی آبادی ہے، یہاں کے اطراف میں مسیحی آبادی کے آٹھ سے دس دیہات کو براہ راست نشانہ بنایا گیا، ان کی عبادت گاہوں، گھروں اور املاک کو تباہ و برباد کیا گیا جس میں عیسیٰ نگری، کرسچین کالونی، شاہد کالونی، اسد کالونی، چک نمبر دو ناصر کالونی، چک نمبر 240،238 وغیرہ اور بہت سے دیہات ہیں۔ بڑے چرچ میں کیتھولک چرچ اور دیگر ہیں اس کے علاوہ گھروں میں بنائی گئی سات آٹھ عبادت گاہیں بھی شامل ہیں۔ اقلیت، غیر مسلم پاکستانی اور پاکستانی بنانیا انجمن 1947 سے موجود ہے۔ 90 کی دہائی سے بھی شانتی نگر، گوجرہ، سانگلہ ہل، فیصل آباد اور ایک طویل داستان ہے، ایسے واقعات رک نہیں رہے، اس بار نئی تازہ ترین جس علاقے کو خاص طور پر نشانہ بنایا گیا، جڑانوالہ سے مرد جڑی ہیں، اس علاقے کی جڑیں اس علاقے کی تحریک آزادی سے جا کر ملتی ہیں، یہ انگریز کے خلاف مزاحمت کرنے والے اعلان جنگ کرنے والے کردار بھگت سنگھ کا علاقہ ہے، قیام پاکستان سے پہلے یہ سکھ اکثریت علاقہ تھا ہندوؤں کی بھی بڑی تعداد آباد تھی، مسلمان کثیر تعداد میں آباد تھے عیسائی آباد تھے وہاں 1906 سے بنا ہوا گورنمنٹ اسلامیہ اسکول ہے۔ سب ایک عرصے تک ساتھ رہے ہیں، اس کارروائی سے ان جڑوں کو کاٹنے کی کوشش کی گئی ہے آج ہم یہ سوچنے پر مجبور ہیں، ہمارے پرچم میں سفید رنگ ہماری نشاندہی کرتا ہے جس پر ہم فخر کرتے ہیں لیکن ایسے واقعات کے بعد ہمیں یہ محسوس ہوتا ہے جیسے اس طرح ہمیں ریاست نے پہلے دن سے علیحدہ کر دیا ہے، جسے متواتر مختلف واقعات سے ثابت بھی کیا ہے۔ 1973 کا آئین بنیادی انسانی حقوق سے بھرا ہوا ہے، ریاست ہر چیز آئینی طور پر مہیا کرتی ہے، تو اگر اس قسم کے واقعات ہو جائیں تو ریاست ایسے اقدام کرے، ایسی مثال قائم کرے کوئی سچا ہے یا جھوٹا، ریاست رٹ قائم کرنے کے لیے اس کی کوئی مثال قائم کرے، شانتی نگر جلا، پھر گوجرہ جلایا وغیرہ وغیرہ آج تک کسی کو سزا نہیں ملی، اگر کسی نے جھوٹا الزام لگایا تو اس کے خلاف کوئی کارروائی تو ہو کوئی مثال نظر آئے، ریاست اپنا ردعمل بھی تو دکھائے۔ آج پھر جڑانوالہ پر سب سر جوڑ کر بیٹھے ہیں لیکن دوسری طرف پنجاب کے نگران وزیر اعلیٰ نے پہلے دن جائے وقوع کا دورہ کیا تو اس ہی دوران چک 238 میں اس واقعہ کی وجہ سے ایک متاثرہ شخص اعجاز مسیح دل کا دورہ پڑنے سے اپنی جان گنوا بیٹھا، انتقال ہونے پر وزیر اعلیٰ پنجاب کو مرحوم کے گھر تعزیت کے لیے جانا چاہیے تھا لیکن وہ نہیں گئے۔ جب ہمارے نگران وزیر اعظم وہاں گئے تو پنجاب کے نگران وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر کہا کہ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ وزیر اعظم نے حلف اٹھاتے ہی پہلا دورہ جڑانوالہ کا کیا ہے۔ افسوس ناک حادثے کے بعد کیا یہ بات کہنے کی تھی، یہ بے حسی ہے، ہمارا موقف واضح ہے کہ پاکستان سو فیصد مذہبی انتہا پسندی کا شکار نہیں ہے لیکن ریاست کو ان قوتوں کو

مکمل چار دیواری، گیٹڈ کمیونٹی
عسکری اور ملیر کینٹ جیسا طرز رہائش

ملیر کینٹ سے
منظور شدہ

KING'S GROUP

KING'S GRAND APARTMENTS

4, 5, 6 & 8 ROOM APARTMENTS

NEAR RIM JHIM TOWERS, SCHEME 33



LIMITED TIME OFFER

4 Bedroom, Drawing,
Lounge (2000 Sq. FT.) & Parking

قیمت 26,500,000

قبضہ 1 سال میں

ادائیگی 2 سال میں

3 Bedroom, Drawing,
Lounge (1500 Sq. FT.) & Parking

اصل قیمت 20,000,000

ON FULL CASH PAYMENT

صرف 16,000,000

قبضہ چند مہینے میں

3 Bedroom Lounge
(1250 Sq. FT.) & Parking

اصل قیمت 16,500,000

ON FULL CASH PAYMENT

صرف 12,500,000

قبضہ چند مہینے میں

A Project of
KING'S GROUP

Member of
abad
Association of Builders and Developers of Pakistan
Since 1972

Marketing Consultant
CITY PROPERTY

Opp. Kiran Hospital & Adj New Rizvia Society,
Scheme 33, Karachi.
☎ 0311-1554647, 0300-7000983

www.kingsgroup.com.pk
info@kingsgroup.com.pk
www.facebook.com/KingsGroupBuilders

جنگ کلاسیفائیڈ

پاکستان کا سب سے بڑا کلاسیفائیڈ اخبار

پراپرٹی گائیڈ

PROPERTY GUIDE



VILLAS VILLAS VILLAS

FOR SALE ON 120 YARDS

▶▶ SINGLE STORY DEMAND 1.10 CRORE

▶▶ DOUBLE STORY 4 BEDROOMS DEMAND 1.40 CRORE, NERA BABA MOR

Strictly No Brokers, Only Genuine Parties may Contact

CROWN ESTATE Abdul Wahid (Since 1978) 0308-9071167
021-35854065,021-35854041
021-35854042,021-35854043

VILLAS VILLAS VILLAS

FOR SALE IN DHA CITY

ON 125, 136, 146, 160, 190 YARDS
IN 3 YEARS EASY INSTALLMENTS
DOWN PAYMENT 10%

Strictly No Brokers, Only Genuine Parties may Contact

CROWN ESTATE Abdul Wahid (Since 1978) 0308-9071167
021-35854065,021-35854041
021-35854042,021-35854043

BURJ-UL-IBAAD

دکانیں ہی دکانیں ☆ چھوٹے بڑے سائز کی دکانیں موجود پروجیکٹ ڈبل بیسمنٹ اور گراؤنڈ اسٹرکچر تیار ☆ مزید کام تیزی سے جاری ☆ بکنگ 12 لاکھ سے بقایا 6 سے 8 ماہ میں مزید تفصیلات کیلئے رابطہ کریں

ARYA ENTERPRISE ASSOCIATE 0312-2337717
PARTNERS OF 0340-8636361
PARTNER MARKETING 0311-1177919

BURJ-UL-IBAAD

مین جناح ایونیو سے متصل 6/5/4 کمروں کے سپر لگژری اپارٹمنٹس تمام سہولیات کے ساتھ ☆ بکنگ صرف 18 لاکھ سے ☆ بقایا 3 سال کی آسان اقساط میں

انویسٹرز کیلئے اسپیشل ڈسکاؤنٹ

ARYA ENTERPRISE ASSOCIATE 0312-2337717
PARTNERS OF 0340-8636361
PARTNER MARKETING 0311-1177919

GROCERY/ MART FOR SALE

A Retail outlet fully furnished with Acs, Freezers, Shelving POS machines etc is available for sale. The facility is located in DHA Phase 6, Off Khayaban e Ittehad. It is surrounded by residential and commercial occupants and the location is ideal for a convenience store given the fact that there is no other retail outlet in the radius of around 2 KM.

The facility is ready for operation and the prospective operator only needs to put Inventory in it. This facility is available either on Sale basis or on Rental basis. Depending on the credentials of the Buyer, the possibility of a Joint Venture/Partnership can also be considered.

Interested parties may send their intent to own this facility by

WhatsApp:03319272742

بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن
BUILDING AND CONSTRUCTION

کنسٹرکشن / ڈیمولیشن

سول انجینئرز بمعہ تعمیرات ٹھیکیدار سے مکان، بنگلوز، رہائشی پلازہ بلڈنگ، فیکٹری تعمیر کروائیں نیز رینوویشن اپ گریڈ بلڈنگ ڈیمولیشن نقشہ تیار، SBCA سے نقشہ پاس کروائیں S.S.Construction:0333-2103745

کیش میمو ADJ-27411

Makhdoom-Builder

اپنی زمین پر خوبصورت اور پائیدار مکان بنانے کیلئے ہم سے رجوع کریں انشاء اللہ معیار کی ضمانت ہوگی ہمارے زیر تعمیر اور تیار شدہ مکان کا وزٹ کریں اور پھر فیصلہ کریں 0316-2362671،0300-8947262

NB-209/03-09-23

پروفیشنل انجینئرز کی زیر نگرانی مکان، فیکٹری، مسجد پرانے گھر کو جدید طرز پر رینوویشن زمین، مکان آپ کا ہمارا پوری ذمہ داری (نوید) 0333-0260206

کیش میمو 27535

گھر، بلڈنگ کی رینوویشن مینٹیننس ورک کنسٹرکشن کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں میٹریل کیساتھ یا صرف لیبر ریٹ پر تمام کام کروائیں 021-35166444، shegrp@gmail.com، 0310-4623594

کیش میمو 27537

کرائے پر درکار
REQUIRED FOR RENT

انڈسٹریل اسٹیٹ

کورنگی انڈسٹریل ایریا مہران ٹاؤن 1000 اسکوائر فٹ سے 1 لاکھ اسکوائر فٹ کرائے کیلئے جگہ درکار ACC/RCC گودام فیکٹری پلاٹ 0313-0319810

کیش میمو 27548

اسکول اور کوچنگ کیلئے صدر، جوہر، گلشن میں مناسب کرایہ پر جگہ درکار ہے رابطہ کریں 0319-7592221

کیش میمو 27540

گلستان جوہر کے قرب و جوار میں طالب علم کو رہائش کے لئے شیئرنگ پر جگہ درکار ہے رابطہ کے لئے (شوکت) موبائل نمبر 0318-6996255

کیش میمو 27546

ہمیں ہاکس بے یا کیماڑی پورٹ کے قریب تقریباً 50 ہزار اسکوائر فٹ شیڈ ویئر ہاؤس کی ضرورت ہے متعلقہ کمپنی سے گزارش ہے کہ اس نمبر پر فوری رابطہ کریں۔ سید ریحان علی فون 0322-2224115، ای میل rehan.ali@siemens.com

B-octopus



کرائے پر خالی
AVAILABLE FOR RENT

گلستان جوہر

عمران خان نے جرنیلوں کے ساتھ مل کر سبھی جماعتوں کے ساتھ ہاتھ کر دیا، جب انہوں نے سر پہ ہاتھ رکھنے والوں کے ساتھ ہاتھ کرنے کی کوشش کی تو ان کے ساتھ ہاتھ ہو گیا۔ شریف خاندان نے ہاتھ دکھایا تو منہ کی کھانی پڑی، پھر فوج کے ساتھ مل کر عمران خان کو ہاتھ دکھانے کی کوشش کی تو پوری پی ڈی ایم کے ساتھ ہاتھ ہو گیا اور اب سب کے ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے ہیں کہ عوام کو منہ دکھانے کے لائق نہیں رہ گئے۔ کس منہ سے کہتے ہیں کہ ریاست جو بچانی تھی جو کبھی ان کے ہاتھ میں نہ تھی، جو چھوٹی موٹی سیاست تھی اس کا بھی منہ کالا کروا بیٹھے۔ اب لندن میں بغلیں بجائیں بھی تو کیسے کہ واپسی پر جوتیاں پڑیں گی یا ہار۔ خیر سے مسلم لیگی پارٹی کو بھولے بسرے جمہوری اصولوں کی یاد آئی بھی تو پانی سر سے گزر چکا ہے۔ عمران خان کے ہائبرڈ رجیم اول کے اندرونی خلفشار سے کچھ حاصل نہ ہو سکا تو شہباز شریف کی سمجھوتے کی اسپیڈ پہ اتحادی حکومت اگر وسیع البنیاد ہائبرڈ رجیم دوم بنی بھی تو تمام تر سویلین اوقات اور جمہوری شان گنوا کر۔ اب جب ہائبرڈ رجیم سوم کی تیاری ہے تو نواز شریف کو کوئی واپسی کی تاریخ سوجھ رہی ہے تو ہماری سیاست کے پی ایچ ڈی آصف علی زرداری کی شطرنج کی بساط الٹ کر رہ گئی ہے۔ لے دے کے بچا ہے تو تن تنہا عمران خان اور اس کی پارٹی کے چند سر پھرے جن کے پاس مستقبل کی سیاست کا کوئی جمہوری و عوامی خاکہ ہے، نہ عوام سے پاسداری کا کوئی عہد نامہ۔ اور منا بھائی نہ چاہتے اور نہ جانتے ہوئے بھی بغیر کسی حکمت عملی کے سرگرداں چلے جا رہا ہے۔ تاک تو یہاں مارنے سے کوئی فرق پڑنے والا نہیں کہ ریاست کا فولادی پرنالہ اپنی جگہ پہ قائم ہے۔ تو پھر جمہوری پھریرا کون اٹھائے؟ سول سوسائٹی کے نازک کندھے ابھی یہ بوجھ اٹھانے کو تیار نہیں۔ جب سب جمہوری پلیٹ فارم کو چھوڑ گئے تو کوئی تو بولے اور جمہوری شاہراہ پہ چل نکلنے کی راہ دکھائے۔ یا پھر غضب کا شکار عوام میدان میں اتریں گے تو کوئی نہ ہو گا کہ جو بچا لے!

(کالم نگار کے نام کے ساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

خالد احمد: چند شرارتی یادیں

روزن دیوار سے
عطاء الحق قاسمی
attaul.haq@janggroup.com.pk

آج خالد احمد مرحوم ایک بار پھر یاد آ رہا ہے، خصوصاً لاہور سے لندن تک کے سفر کی یادیں، بہت ہانٹ کر رہی ہیں۔ یہ 24 مئی 1989ء کی بات ہے جب ہم تین چار دوست انجمن ترقی اردو برطانیہ کی دعوت پر برطانیہ کیلئے روانہ ہوئے۔ خالد احمد بہت متنوع شخصیت کا مالک تھا۔ اول درجے کا شاعر، بہت پڑھا لکھا، بذلہ سنج اور بعض امور میں بالکل دکھری ٹائپ کا شخص۔ ان دنوں جہاز کے سفر کے دوران سگریٹ نوشی کی اجازت تھی۔ ہائے کتنے اچھے دن تھے۔ خالد احمد کی زندگی میں میرے اور خالد احمد کی وجہ سے سگریٹ ساز ادارے یہ منافع بخش کاروبار چھوڑنے پر کیسے رضامند ہو سکتے تھے، خالد اور میں جہاز میں ایک دوسرے کے عقب میں بیٹھے تھے، تاہم چند گھنٹوں کے سفر کے دوران مجھے اپنی کوتاہ دامنی کا شدت سے احساس ہوا، دھواں خالد کے صرف منہ سے خارج نہیں ہو رہا تھا بلکہ لگتا تھا اس کا پورا جسم چمنی بنا ہوا ہے۔ لندن میں تو اعجاز احمد اعجاز کمرے میں دھواں بھرا دیکھ کر فائر بریگیڈ کا نمبر ڈائل کرنے لگا تھا، یہاں جہاز میں بھی ایئر ہوسٹس احتیاطاً پانی کا جگ ہاتھ میں لئے اس کے گرد و نواح میں پھرتی رہی، خالد نے لندن سے واپس لاہور تک کے سفر کے دوران ایک ریکارڈ قائم کیا جو زیادہ سے زیادہ وقت باتھ روم میں گزارنے کا تھا، خالد نے لندن میں بھی اتنا وقت لندن میں نہیں گزارا جتنا لندن کے باتھ رومز میں گزارا۔

پی آئی اے کے جمبو جیٹ نے بیچ میں ایتھنز کیا تو وہاں پاکستان کے ممتاز ترین باؤلر اور عظیم انسان عبدالقادر اپنے مداحوں کے درمیان گھرے نظر آئے۔ مداح ان سے اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کر رہے تھے، خالد احمد دونوں ہاتھوں سے اپنی گرتی پتلون کو اوپر اٹھاتا تیز تیز قدم اٹھاتا ان کی طرف بڑھا اور عبدالقادر کو مخاطب کر کے کہا اگر میں آپ کو پہچاننے میں غلطی نہیں کر رہا تو آپ عبدالقادر ہیں؟ عبدالقادر نے جواب دیا جی آپ کا خیال صحیح ہے، اس پر خالد بہت خوش ہوا اور کہا جناب میرا تو مسئلہ حل ہو گیا آپ اکثر یہیں بھی آتے رہتے ہیں، آپ کو تو پتہ ہو گا یہاں باتھ روم کدھر کو ہے۔ جب ہم لندن سے ہوتے ہوتے برمنگھم پہنچے، وہاں ایک ممتاز پاکستانی اصغر نسیم چوہدری نے ہمارے اعزاز میں شعری نشست رکھی، شعری نشست کے بعد اس محل نما گھر کے سوئمنگ پول پر عشائیے کا اہتمام تھا، جہاں نسیم صاحب نے اپنی غزل سنائی۔ مشاعرے کے بعد خالد ان کی طرف گیا اور کہا آپ نے ابھی جو غزل پڑھی وہ بہت اچھی تھی، اس کے بعد میزبان اور مہمان میں یہ مکالمہ ہوا۔

نسیم: بہت بہت شکریہ۔

خالد: میں نے آپ سے یہ غزل بیس برس قبل حلقہ ارباب ذوق کے اجلاس میں سنی تھی۔

نسیم: حلقہ ارباب ذوق کے اجلاس میں؟

خالد: جی جی، حلقہ ارباب ذوق کے اجلاس میں۔

نسیم: لیکن میں تو کبھی حلقے کے اجلاس میں نہیں گیا۔

خالد: آپ بھول رہے ہیں، آپ نے یہ غزل وہاں پڑھی تھی۔

نسیم: نہیں برادر میں نے تو کبھی حلقہ ارباب ذوق کی شکل تک نہیں دیکھی۔

خالد: تو صاحب میں جھوٹ بول رہا ہوں۔

نسیم: توبہ توبہ جناب آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں، میرا مطلب ہے آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

خالد: تو گویا آپ نے یہ غزل حلقے میں نہیں پڑھی؟

نسیم: جی نہیں۔

خالد: مگر میں نے یہ غزل بیس برس قبل حلقے میں سنی تھی، اگر آپ نے نہیں تو پھر کسی اور نے پڑھی ہو گی۔

اس پر میزبان نے سر پیٹ لیا اور کہا جناب یہ میری غزل ہے، کوئی اور میری غزل کیسے پڑھ سکتا ہے۔

بریڈ فورڈ پہنچے تو وہاں دوستوں کی محفل خوب جمی، مگر تھوڑی ہی دیر بعد یہ محفل ساقی فاروقی اور خالد احمد کے ساتھ مکالمے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ساقی فاروقی بلند پایہ شاعر، خاصے پڑھے لکھے اور جملے باز تھے۔ یہ تینوں خصوصیات اپنے خالد احمد میں بھی موجود تھیں۔ یہاں میں نے ساقی فاروقی کو پہلی دفعہ کسی سے زچ ہوتے دیکھا۔ دراصل خالد احمد اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی ایک خاص مخلوق تھا، دیکھنے میں لاابالی پن کا شکار، بظاہر صرف فقرے باز، ہر بات کو فقروں میں اڑا دینے والا مگر یہ بات اس کے قریبی دوست ہی جانتے تھے کہ وہ جب اپنی آئی پر آتا تو بالکل کسی اور روپ میں دکھائی دیتا۔ آج وہ اپنی آئی پر آیا ہوا تھا، ساقی کی زبان سے کوئی ایسی بات نکل گئی جس نے خالد کو ’’رواں‘‘ کر دیا اور اب ساقی کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ اس جن کو واپس بوتل میں کس طرح بند کرے۔ خالد کے کچھ جملے ملاحظہ فرمائیں۔

’’ساقی بھائی ن۔م۔ راشد ایک ایسا بینک ہے جہاں آپ اپنی صلاحیتیں ایک عرصے سے جمع کرا رہے ہیں مگر اس بینک سے کوئی چیک بھی آنر نہیں ہو گا۔‘‘ ’’اگر میں کہوں کہ ساقی ایک ماسٹر شاعر ہے تو برا مانیں، کیونکہ ہر شاعر میجر شاعر نہیں ہوتا، اکثر ماسٹر ہی ہوتے ہیں مگر دس شاعر مل کر بھی ایک حالی اور ایک داغ نہیں بن سکتے۔‘‘

ہم نے ’’کلیشے‘‘ کا لفظ بہت محدود کر دیا ہے، مثلاً اگر میں ’’سرو دستار‘‘ کہوں تو یہ کلیشے ہے کیونکہ یہ بہت دفعہ استعمال ہو چکا ہے۔ چنانچہ آج کا نیا ادب بھی کلیشے ہے کہ اس میں کہی جانے والی باتیں بار بار ایک ہی پیرائے میں بیان ہوتی چلی جا رہی ہیں۔ آپ دو سال پہلے تک جو نظم یا غزل کہتے تھے، میرے نزدیک وہ کلیشے کے زمرے میں آتی تھی، لیکن اب ایسا نہیں کیونکہ آپ نے ایک ایسا ایڈیم ایجاد کر لیا ہے جو نام نہاد کے قریب ہونے کے باوجود اس سے دور ہے۔ ایذرا پاؤنڈ مشرقیوں کے لئے پسندیدہ شاعر ہے کیونکہ اس نے اپنی شاعری کی بنیاد مشرق ہی سے یعنی چینی شاعری سے اٹھائی ہے چنانچہ وہ ہمیں اپنے بہت قریب لگتا ہے۔ مغرب کے لئے وہ مختلف آواز تھی، اس نے مغرب سے خود کو اپنی ماسٹری سے منوایا۔ ایک پرانی کہاوت ہے، آئیں سفید بالوں کا احترام کریں خصوصاً اپنے سفید بالوں کا۔ اور میں اس کہاوت پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا۔‘‘

اور اب آخر میں خالد احمد کا ایک شرارتی جملہ۔ خالد پاکستان میں ایک شاعر سے کسی بات پر الجھ پڑا اور کوئی ایسی بات کہہ دی جو اسے نہیں کہنا چاہیے تھی، دوستوں نے کہا ابھی جاؤ اور اس شاعر سے معذرت کرو۔ خالد اٹھا اور اس شاعر کی طرف گیا اور جاتے ہی اس کے پاؤں پکڑ لئے اور بہت لجاجت بھرے انداز میں کہا ’’مجھے معاف کریں، میں آپ کا کتورا (پلا) ہوں۔‘‘

اپنی پسند کا مفکر تلاش کریں

ذرا ہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

کبھی کبھی فلسفیوں کی بھی سمجھ نہیں آتی، جس کو دیکھو اپنی اینٹ اور ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنائے بیٹھا ہے۔ آپ جس بھی مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہوں، آپ کو اپنے مطلب کا فلسفی مل جائے گا۔ اگر قنوطی ہیں تو شوپنہار حاضر ہے، اگر رجائیت پسند ہیں تو ایپی کیورس کی تحریریں پڑھ لیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ خارجی دنیا محض ہمارے ذہن کی اختراع ہے تو جارج برکلے آپ کا انتخاب ہونا چاہیے اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس زندگی میں دکھوں سے نجات ممکن نہیں الا یہ کہ نروان حاصل کیا جائے تو پھر مہاتما بدھ سے بہتر کوئی شخص نہیں جو آپ کے مڈ لائف کرائسس کا مداوا کر سکے۔ اگر آپ کا میلان صوفیانہ اور طبیعت درویشانہ ہے تو مولانا روم سے بہترین مرشد کوئی نہیں اور اگر مادی دنیا پر حکومت کرنے کے اسرار و رموز سیکھنا چاہتے ہیں تو پھر میکاولی سے بہتر استاد کوئی نہیں۔ اگر آپ کو خدا اور اس کے وجود سے متعلق دلائل درکار ہیں تو سینٹ تھامس ایکوائنس سے استفادہ کریں اور اگر آپ کا رجحان الحاد کی جانب ہے تو برٹرینڈ رسل کا مضمون ’’میں مسیحی کیوں نہیں ہوں؟‘‘ پڑھ لیں۔ اگر آپ ایک ایسی سوسائٹی تشکیل دینے کے خواہاں ہیں جہاں ریاست اور فرد کے مابین ایک لکھے پڑھے معاہدے کے تحت امور چلائے جائیں تو ظاہر ہے کہ آپ کو فرانسیسی مفکر روسو سے رجوع کرنا پڑے گا لیکن اگر آپ اس رویے کو چیلنج کرنا چاہتے ہیں بلکہ اخلاقیات کے ہر پہلو پر سوال اٹھانا چاہتے ہیں، طاقت اور جبروت کو نئے زاویے سے دیکھنا چاہتے ہیں تو پھر فریڈرک نطشے کے اوبر مینش بن جائیں اور اس کی عجیب و غریب کتاب ’’زرتشت نے کہا‘‘ پڑھنی شروع کر دیں۔ اگر آپ تاریخ کو ایک جدلیاتی عمل سمجھتے ہیں (نہ جانے اس کا کیا مطلب ہے) اور یہ کہ تاریخ اپنے عمل اور ردعمل کے نتیجے میں آگے بڑھتی ہے تو پھر ہیگل کا فلسفہ آپ کے لیے مفید رہے گا لیکن اگر آپ انقلابی سوچ کے حامل ہیں اور سرمایہ دارانہ نظام کو ہر برائی کی جڑ سمجھتے ہیں اور یہی آپ کے نزدیک بنیادی فلسفہ ہے تو پھر ہیگل کے فلسفے کو سر کے بل کھڑا کریں اور کارل مارکس کو اپنا آئیڈیل فلسفی مان لیں، آپ کو لگے گا جیسے ہر مسئلے کا حل مارکسزم میں ہے۔ اگر آپ ذاتی مسرت اور خوشی کا راز پانا چاہتے ہیں اور یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آسودہ اور ہر حال میں مطمئن زندگی کیسے بسر کی جا سکتی ہے تو پھر حکیم سینیکا کے خطوط پڑھ لیں، ایپکٹیٹس کی تعلیمات کا جائزہ لیں یا پھر مارکس اوریلیس کی مختصر کتاب ’’استغراق‘‘ پڑھ لیں، یہ تمام رواقی فلسفی آپ کو سمجھائیں گے کہ اس زندگی کو گزارنے کا بہترین طریقہ کیا ہے۔ لیکن جب آپ ان حکما کو پڑھ کر فارغ ہوں گے تو پتا چلے گا کہ ایک صاحب البرکامیو نام کے بھی گزرے ہیں جن کا کہنا تھا کہ یہ زندگی ہی بے مقصد ہے، اس کائنات میں معنی تلاش کرنا سعی لاحاصل ہے، انسان یہ کام کر ہی نہیں سکتا۔ لیکن اگر آپ خود کو اتنا لاچار اور بے بس نہیں سمجھتے اور اس دنیا کو بھی لغو نہیں مانتے تو بہت اچھی بات ہے، اس دنیا میں انصاف کا نظام قائم کریں، ایسے جیسے امریکی فلسفی جان راولز نے بتایا تھا کہ یوں سمجھیں کہ آپ کو ایک نئی دنیا اور اس کے اصول و ضوابط تشکیل دینے کا کام سونپا گیا ہے مگر اس نئی دنیا میں آپ کا کردار کیا ہو گا یہ آپ کو بھی نہیں معلوم، صرف اسی صورت میں آپ حقیقی انصاف پر مبنی کوئی نظام تشکیل دے سکیں گے۔ یہ کام تو بہت شاندار ہے مگر کیا اس سے بھی زیادہ ضروری یہ بات نہیں کہ عورتوں کو ان کے حقوق دیے جائیں، آخر وہ صدیوں سے مردوں کی محکوم رہی ہیں تو پھر کیوں نہ سب سے پہلے سیمون دی بووا کی ’’دی سیکنڈ سیکس‘‘ پڑھیں۔ لیکن یہ تو ہم بہت آگے نکل آئے، ابھی تو عقل کے بنیادی مسائل ہی طے نہیں ہوئے، انسانی دانش کی حدود ہی متعین نہیں ہو سکیں، ابھی تو اس پر ہی اتفاق نہیں ہو سکا کہ ہم ہیں یا نہیں ہیں، ڈیکارٹ کہتا ہے کہ چونکہ میں سوچتا ہوں اس لیے میں ہوں جبکہ کانٹ صاحب فرماتے ہیں کہ انسانی عقل محدود ہے اور اس میں لامحدود سما ہی نہیں سکتا۔ کانٹ نے اس کے علاوہ اخلاقیات پر بھی پر مغز قسم کی گفتگو کی ہے اور بتایا ہے کہ زندگی میں کوئی بھی ایسی صورتحال یہ جواز فراہم نہیں کر سکتی جس کی بنا پر آپ اخلاقیات کے آفاقی اصولوں کو توڑنے پر آمادہ ہو جائیں۔ اس سے زیادہ خوبصورت بات بھلا کیا ہو سکتی ہے مگر کانٹ سے پہلے سپینوزا بتا گئے تھے کہ ہماری زندگیوں میں سب کچھ پہلے سے طے شدہ ہے، اخلاقیات اور انسانی آزادی وغیرہ سب وہم کا کارخانہ ہے۔ یہ بات سارتر کو بالکل پسند نہیں آئی، انہوں نے کہا کہ انسانی وجود ہر شے پر مقدم ہے، انہوں نے وجودیت پر کافی ضخیم کتاب لکھی جس میں انہوں نے انسان کے بارے میں کہا کہ وہ آزاد رہنے پر مجبور ہے۔ Condemned to be free کا یہی ترجمہ ہو سکتا ہے۔ یہ سب باتیں اپنی جگہ ٹھیک ہیں یا غلط، اس کا فیصلہ تو بہت مشکل ہے لیکن اس کارخانے میں مسٹر چارلس ڈارون کو کہاں فٹ کریں؟ ٹھیک ہے کہ وہ ان معنوں میں فلسفی نہیں جن معنوں میں ہم اس وقت بات کر رہے ہیں مگر ’’مولوی‘‘ ڈارون نے زندگی کی ابتدا کے بارے میں جو نظریات پیش کیے وہ آج درست ثابت ہو رہے ہیں اور یہ فلسفے کا بنیادی موضوع ہے۔ اب ڈارون تو بہت پرانی بات ہوئی دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی، کارل پوپر صاحب تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ میں تو کچھ بھی نہیں مانتا سب کچھ ثابت کرو الف سے لے کر ی تک، اس بات کو انہوں نے ’’اصول رد کذب‘‘ کا نام دیا۔ چلیے ٹھیک ہو گیا مگر اب زبان کا مسئلہ درپیش ہوا۔ اب تشریف لائے جناب لڈوگ وٹگنسٹائن، انہوں نے کہا کہ ہر فلسفی نے الفاظ کو اپنی مرضی کا مطلب دیا ہے جبکہ ہر شخص کے نزدیک کسی بھی لفظ کے کئی مطالب ہو سکتے ہیں، کچھ باتیں ایسی بھی ممکن ہیں جو شاید کہی نہ جا سکتی ہوں اور ان کیلئے مناسب الفاظ ابھی ایجاد ہی نہ ہوئے ہوں (لڈوگ کے فلسفے کی کم از کم مجھے تو یہی سمجھ آئی ہے)۔

اب آپ ہی بتائیے کہ اگر بات یہاں تک آن پہنچی ہے کہ انسان اس ہزار سال میں اپنا مافی الضمیر ہی بیان کرنے سے قاصر ہے تو پھر بندہ کس فلسفی کی بات مانے اور کس کی رد کرے۔ فلسفے سے یہ بیزاری اپنی جگہ مگر اس کے بغیر گزارہ بھی نہیں کہ یہ فلسفیانہ سوال و جواب ہی تو علم و دانش کی میراث کا باعث ہیں۔ بقول غالب ’’انہیں سوال پہ زعم جنوں ہے کیوں لڑیے... ہمیں جواب سے قطع نظر ہے، کیا کہیے!‘‘

چیز .... انور شعور

جو رٹ لگا رہے ہیں فقط انتخاب کی
ان دوستوں کی مانگ فقط انتخاب ہے
حالانکہ احتیاج ہے جس چیز کی ہمیں
وہ چیز انتخاب نہیں، انقلاب ہے

اوورسیز پاکستانیوں کے ساتھ مذاق



یاران وطن
☆☆☆
محمد عرفان صدیقی
siddiqui.irfan@janggroup.com.pk

یہ مذاق نہیں تو اور کیا ہے کہ آئی ایم ایف سے ایک ارب ڈالر کے قرض کیلئے پوری ریاست عالمی بینک کے سامنے ناک رگڑنے کو تیار تھی، اس ایک ارب ڈالر کے قرض کے حصول نے عوام کو مہنگے ترین بجلی کے بلوں اور تاریخ کے مہنگے ترین پٹرول کے ذریعے خودکشیوں پر مجبور کر دیا، لیکن سالانہ تیس ارب ڈالر زرمبادلہ پاکستان بھیجنے والے ایک کروڑ اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مراعات کے نام پر مذاق کیا گیا، جی ہاں اگر آپ ایک اوورسیز پاکستانی ہیں اور آپ ان مراعات کی تفصیلات سنیں تو آپ کو بھی ہنسی آ جائے کہ حکومت آپ سے مراعات کے نام پر کیا مذاق کر رہی ہے، حکومتی اعلان کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی رقوم کیلئے ایک نئے ’’ڈائمنڈ کارڈ‘‘ کا اجرا کیا جا رہا ہے اور یہ سالانہ 50 ہزار ڈالر سے زیادہ رقم بھیجنے والوں کو جاری کیا جائے گا۔ ڈائمنڈ کارڈ ہولڈرز کو جو مراعات دی جائیں گی ان میں ایک غیر ممنوعہ ہتھیار کا لائسنس، گرین پاسپورٹ، پاکستانی سفارت خانوں اور قونصل خانوں میں ترجیحی بنیادوں پر رسائی اور پاکستانی ایئرپورٹس پر تیز ترین امیگریشن کی سہولیات شامل ہیں۔ جبکہ یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ ریمیٹنس کارڈ ہولڈرز کو قرعہ اندازی کے ذریعے بڑے انعامات دینے کیلئے اسکیم کا اجرا بھی کیا جائے گا۔ اب ان مراعات کی حقیقت بھی جان لیں یعنی جو اوورسیز پاکستانی پچاس ہزار ڈالر بینکنگ چینل کے ذریعے پاکستان بھیجے گا اسے ایک ڈائمنڈ کارڈ جاری کیا جائے گا اور اس پر جو پہلی سہولت دی جائے گی وہ ایک ممنوعہ بور کے ہتھیار کا لائسنس ہو گا، میرے خیال سے بیرون ملک بسنے والے پاکستانی ایک پرامن ماحول میں رہنے کے عادی ہیں اس لیے ایک خطرناک ہتھیار کے لائسنس کیلئے کوئی بھی اوورسیز پاکستانی اتنی بڑی رقم نہیں بھیجے گا، اگلی سہولت گرین پاسپورٹ یعنی جس کے ذریعے انہیں پاکستان کے ایئرپورٹس پر تیز ترین امیگریشن کی سہولت حاصل ہو سکے گی تو جو شخص پچاس ہزار ڈالر پاکستان بھیج رہا ہے وہ بلاشبہ ایک عظیم شخص ہی ہو گا اور عظیم شخص چند ہزار روپے دیکر یا اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے یہ مراعات پہلے ہی حاصل کر رہا ہے، جبکہ ایسے عظیم پاکستانیوں سے پاکستانی سفارتخانے خود رسائی حاصل کرتے ہیں انہیں سفارتخانوں میں رسائی کی ضرورت نہیں ہوتی، لہٰذا یہ بھی کوئی پرکشش سہولت نہیں، پاکستان کے ایئرپورٹس اور سفارتخانوں میں اصل تکالیف تو ان ملازمت پیشہ اوورسیز پاکستانیوں کو ہوتی ہیں جو ماہانہ صرف اپنی تنخواہ جو چند سو ڈالرز ہوتی ہے اپنے اہل خانہ کو بھجوانے کی سکت رکھتے ہیں ان کا نہ ایئرپورٹ پر اور نہ ہی سفارتخانوں میں کوئی پرسان حال ہے ان کیلئے حکومت نے کوئی مراعات نہیں دیں جو اصل میں ان کے مستحق ہیں، لہٰذا دیکھا جائے تو ڈالر بھیجنے کے سب سے اہم ذریعے یعنی اپنے ہی ہم وطن اوورسیز پاکستانیوں کیلئے حکومت نے صرف نام کی مراعات کا اعلان کیا ہے، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اوورسیز پاکستانیوں سے کہا جاتا ہے کہ جو پاکستانی سال میں پچاس ہزار ڈالر وطن بھیجے گا وہ بغیر ڈیوٹی چھوٹی گاڑی پاکستان لا سکے گا، جبکہ ایک لاکھ ڈالر بھیجنے والا پاکستانی پندرہ سو سی سی تک کی گاڑی بغیر ڈیوٹی پاکستان لا سکے گا، جبکہ دو لاکھ سے پانچ لاکھ ڈالر والا کوئی بھی گاڑی بغیر ڈیوٹی پاکستان لا سکے گا، صرف اتنا ہی نہیں بلکہ ہر وہ اوورسیز پاکستانی جو دس ہزار ڈالر ماہانہ پاکستان بھیجے گا اس کے لیے حکومت فی ڈالر پانچ روپے اضافی ادا کرے گی، ساتھ ہی حکومت فوری طور پر اوپن مارکیٹ ریٹ کا خاتمہ کرے کیونکہ یہ اوپن مارکیٹ ریٹ ہی ڈالر کی قیمت میں مصنوعی اضافے اور حوالے ہنڈی کی وجہ ہے۔ پھر حکومت اوورسیز پاکستانیوں کو ایک موبائل فون بغیر ڈیوٹی لانے کی سہولت دے، آپ یقین کریں اگر حکومت ایک کروڑ بیرون ملک پاکستانیوں کو تحفظ اور باعزت سہولتیں فراہم کرے تو ان کی جانب سے ملنے والی ترسیلات صرف ایک سال میں با آسانی پچاس ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں، لیکن پاکستان میں تو اوورسیز پاکستانیوں کو اتنا ستایا جاتا ہے جس کی مثال کراچی میں سو ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے والے سنگاپوری نژاد ایک پاکستانی کی ہے جنھوں نے سو ملین ڈالر کی کراچی میں سرمایہ کاری کی اور آج تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے در پے ہیں، اللہ تعالیٰ حکومت کو ملک کیلئے صحیح فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بجلی کے دکھ لازوال ہیں

دیوار پہ دستک
☆☆☆
منصور آفاق
mansoorafaq@gmail.com

دکھ بہت بڑھ گئے ہیں۔ ہر شخص کسی نہ کسی تکلیف میں ہے۔ جسمانی اور ذہنی بیماریاں اپنے عروج پر ہیں۔ گھریلو زندگی تباہ ہوتی جا رہی ہے۔ بچوں کی تربیت کی طرف کسی کا خیال ہی نہیں۔ ساس اور بہو کے مسائل تو خیر پرانے زمانے کی باتیں ہیں۔ اب تو میاں بیوی بھی دونوں انتہاؤں پر ایک کمرے میں رہتے ہیں لیکن ایک جیسے خواب نہیں دیکھتے۔ محبت کو گھن کی طرح سرمایہ پرستی نے چاٹ لیا ہے۔ خوشی ناپید ہے۔ دکھ ہی دکھ۔ غم ہی غم۔ پریشانیاں ہی پریشانیاں۔ ہر طرح ٹینشن۔ یہی ہمارے دور کا تعارف ہے۔ روحیں پیاسی ہیں۔ جسم بھی شاداب نہیں۔ ان سب چیزوں کا ایک مداوا ہے ایک ہی علاج ہے۔ اس پروردگار کی طرف پلٹ جائیں جس نے سلسلہ ارض و سما چلا رکھا ہے۔ اسی کی طرف جائیں جو غار حرا میں گھنٹوں کا مراقبہ کرتے تھے۔ قرآن ہے۔

’’تم اپنے رب کا ذکر کرو سب سے جدا ہو کر‘‘

آیئے مراقبے میں اترتے ہیں۔ یہ مراقبہ آپ کو ہر طرح کے ڈپریشن سے نجات دلائے گا۔ لیٹیے، کچھ دیر ذہن کو خالی رکھا مگر ذہن زیادہ خالی نہ رہ سکا۔ خیال آنے لگتے ہیں۔ دیکھئے۔ چاروں طرف دیکھئے کہ ارد گرد کیا کیا موجود ہے۔ پہلے موڑ پر پچھلے ایک سال میں جتنی باتیں جتنے دکھ جتنی حسرتیں جتنی ناراضیاں جتنی مسرتیں، جتنی آرزوئیں، جتنی تمنائیں، جتنے منظر آپ کے ہم سفر ہوئے سب نظر آ جائیں گے۔ وہ چیزیں جنہیں آپ بھلا چکے ہیں یا نظر انداز کر چکے ہیں۔ جن کی موجودگی کو غیر موجودگی میں بدل چکی ہے۔ وہ سب دکھائی دے رہی ہیں۔ اگر ایسا ہوا تو آپ سمجھیں کہ مراقبے کے سفر کا واقعی آغاز ہو گیا۔

اس بات کی طرف دیکھئے۔ یہ بات ہیں تیس سال پہلے ہوئی تھی، پھر کبھی یاد ہی نہیں آئی۔ اس کی طرف دھیان ہی نہیں گیا۔ یہ کہاں سے نکل پڑی ہے۔ اس کو چھوتا ہے یا چھوڑ دیتا ہے۔ یعنی اس کے ساتھ کچھ دیر ٹھہرتا ہے یا آگے بڑھ جاتا ہے۔ نہیں ہمیں رکنا ہے۔ اس خیال کو جھٹک دینا ہے۔ ہم اس راستے پر تھوڑا سا اور آگے چل پڑے۔ بس ہم چلتے جا رہے ہیں، ادھر ادھر دیکھتے جا رہے ہیں اور صرف نظر کرتے جا رہے ہیں۔ ہمیں رفتہ رفتہ معلوم ہو گا کہ گزشتہ زندگی کی تمام بھولی بسری یادیں یہاں موجود ہیں۔ ساری مردہ باتیں یہاں زندہ ہیں۔ ان میں سے کچھ پھول بن کر کھل رہی ہیں، کئی عفریت بن چکی ہیں۔

ادھر دیکھئے۔ کئی عفریت اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ کئی کھلتی ہوئی کلیوں کو روندتے ہوئے ہم پر حملہ آور ہونے والے ہیں۔ آگے سے کئی بھوت کئی چڑیلیں ہماری طرف بڑھنے لگی ہیں اور ہم نے پیچھے کی طرف دوڑ لگا دی ہے۔ ابھی ہم باطن میں داخل نہیں ہوئے تھے۔ ابھی ہم روح کے دروازے تک بھی نہیں پہنچے تھے۔ یہ تو روح کی کائنات کے باہر کا منظر تھا۔ روح کی کائنات اتنی وسیع ہے کہ اس کے سامنے یہ کائنات جس میں ہم رہتے ہیں کچھ بھی نہیں ہے۔

چلیں ہم نے ہمت کی اور دوبارہ باطن کی طرف چلنے لگے۔ اس مرتبہ ہم نے تلوار میان سے نکالی۔ یعنی اللہ ہو کا ورد شروع کر دیا۔ ہم دیکھنے لگے کہ راستے میں بکھرتے ہوئے ناسوروں اور حسرتوں کے عفریتوں کو یہ تلوار ہلاک کرتی چلی جا رہی ہے۔ ہم گناہوں کی خندقیں عبور کرنے لگے ہیں۔ گھپ اندھیرے میں ہماری نیکیوں کی مشعلیں ہمارے ارد گرد جگنو جگنو جل اٹھی ہیں اور ہم روح کے دروازے تک پہنچ گئے۔ ہم باطن کے وسیع و عریض گیٹ کے سامنے پہنچ گئے ہیں۔ یہ بڑا دروازہ یہ گیٹ بند ہے لیکن دروازے کے باہر بے پناہ سکون ہے۔ چاندنی میں چنبیلی، چنبیلی کی خوشبو ہے۔ ہوا میں نرمی بھی اور خنکی بھی۔ جو بند گیٹ کی درزوں سے نکل نکل کر ہماری طرف آ رہی ہیں۔ ہم نے وہیں ڈیرے ڈال لیے اور اللہ ہو کا ورد جاری رکھا۔ مگر یہ سکوت ذات۔ یہ روحانی تسلی اس وقت تک رہتی جب تک کوئی حادثہ نہیں ہوتا۔ کوئی دکھ جنم نہیں لیتا۔ کوئی تکلیف پیدا نہیں ہوتی۔ کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ کوئی روگ نہیں لگتا۔ یعنی دنیا کا کوئی خیال دھیان میں نہیں آتا۔ کوئی مصیبت یاد نہیں آتی۔ جیسے ہی کچھ ہوتا ہے۔ سارے عفریت پھر زندہ ہو جاتے ہیں اور ہماری طرف لپکتے ہیں۔ ہمیں پھر اپنی جان بچانے کیلئے وہاں سے بھاگ کر واپس آنا پڑتا ہے۔ یہ سب کچھ کیوں ہوتا ہے اس کا سبب صرف اتنا ہے کہ ہم اپنی روح کو جانتے ہی نہیں۔ باطن سے کبھی ملے ہی نہیں۔ اندر کی طرف کبھی گئے ہی نہیں۔ شعور ذات کے در کبھی وا کیے ہی نہیں۔ کبھی اپنے ساتھ چند لمحے گزارے ہی نہیں۔ کبھی خود سے ملاقات کی ہی نہیں۔ کبھی اپنے آپ سے ملے ہی نہیں۔ ہمیں کبھی تنہائی میسر آ بھی جائے تو ہم اس سے دہشت زدہ ہو جاتے ہیں۔ کسی اور کو تلاش کرنے لگتے ہیں۔ اور جب عبادات کرتے ہیں تو صرف ہمارے ہونٹ ہل رہے ہوتے ہیں۔ جو کچھ ہم نے رٹا ہوا ہوتا ہے۔ اسے دہرا رہے ہوتے ہیں۔ دماغ میں کچھ اور ہوتا ہے۔ خدا کے ساتھ مکالمہ بھی کرتے ہیں تو خدا کو خارج میں دیکھتے ہیں۔ عرش پر کہیں بیٹھا ہوا خیال کرتے ہیں۔ ہم نے اس خدا کو کبھی سجدہ نہیں کیا جو ہمارے اندر موجود ہے۔ جو شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ یہ باتیں پھر کسی وقت کریں گے کہ دروازے پر دستک ہو رہی ہے، وہ چاہتے ہیں بجلی کے بلوں کے خلاف احتجاج میں ان کے ساتھ شرکت کروں۔ اس وقت بجلی کا مسئلہ ہے پوری قوم کو لاحق ہے۔ پتہ نہیں کتنے لوگ خودکشیاں کر چکے ہیں۔ اللہ غفور و رحیم ہے ضرور ہمارے حال پر رحم فرمائے گا۔

طاقتور ملک کے صدور کا حال

خلیل احمد نینی تال والا
☆☆☆
Khalil.ahmed@janggroup.com.pk

ابراہم لنکن کا والد ایک کاریگر انسان تھا، یہ کسان بھی تھا، جولاہا بھی اور موچی بھی، یہ جوانی میں کاؤنٹی کے امرا کے گھروں میں جاتا اور ان کے خاندان کے جوتے سیتا تھا۔ 1861ء میں ابراہم لنکن امریکہ کا صدر بن گیا، اس وقت امریکی سینیٹ پر جاگیرداروں، تاجروں، صنعتکاروں اور سرمایہ کاروں کا قبضہ تھا، یہ لوگ سینیٹ میں اپنی کمیونٹی کے مفادات کی حفاظت کرتے تھے، ابراہم لنکن صدر بنا تو اس نے امریکہ میں غلامی کا خاتمہ کر دیا، اس نے ایک فرمان کے ذریعے باغی ریاستوں کے غلاموں کو آزاد کر کے فوج میں شامل کیا۔ امریکی اشرافیہ لنکن کی اصلاحات سے براہ راست متاثر ہو رہی تھی۔ چنانچہ یہ لوگ ابراہم لنکن کے خلاف ہو گئے، یہ ابراہم لنکن کی شہرت کو بھی نقصان پہنچاتے تھے اور اس کی کردار کشی کا بھی کوئی موقع ضائع نہیں کرتے تھے، یہ لوگ سینیٹ کے اجلاس میں ابراہم لنکن کا مذاق اڑاتے تھے لیکن لنکن کبھی اس مذاق پر دل گیر نہ ہوا اور ہمیشہ کہتا تھا میرے جیسے شخص کا امریکہ کا صدر بن جانا ان تمام لوگوں کے ہزاروں لاکھوں اعتراضات کا جواب ہے چنانچہ مجھے جواب دینے کی کیا ضرورت ہے۔ ابراہم لنکن کس قدر مضبوط اعصاب اور حوصلے کا مالک تھا، آپ اس کا اندازہ اس واقعے سے لگا لیجئے، یہ اپنے پہلے صدارتی خطاب کیلئے سینیٹ میں داخل ہوا، یہ صدر کیلئے مخصوص نشست کی طرف بڑھ رہا تھا اچانک ایک سینیٹر اپنی نشست سے اٹھا اور ابراہم لنکن سے مخاطب ہو کر بولا ’’لنکن صدر بننے کے بعد یہ مت بھولنا تمہارا والد میرے خاندان کے جوتے سیتا تھا۔‘‘ یہ فقرہ سن کر پورے سینیٹ نے قہقہہ لگایا، لنکن مسکرایا اور سیدھا ڈائس پر چلا گیا اور اس سینیٹر سے مخاطب ہو کر بولا ’’سر! میں جانتا ہوں میرا باپ آپ کے گھر میں آپ کے خاندان کے جوتے سیتا تھا اور آپ کے علاوہ اس ہال میں موجود دوسرے امرا کے جوتے بھی سیتا رہا، لیکن آپ نے کبھی سوچا امریکہ میں ہزاروں موچی تھے مگر آپ کے بزرگ ہمیشہ میرے والد سے جوتے بنواتے تھے کیوں؟ اس لئے کہ پورے امریکہ میں کوئی موچی میرے والد سے اچھا جوتا نہیں بنا سکتا تھا، میرا والد ایک عظیم فنکار تھا، اس کے بنائے ہوئے جوتے محض جوتے نہیں ہوتے تھے، وہ ان جوتوں میں اپنی روح ڈال دیتا تھا، میرے والد کے پورے کیریئر میں کسی نے ان کے بنائے ہوئے جوتے کی شکایت نہیں کی، آپ کو آج بھی میرے والد کا بنایا جوتا تنگ کرے تو میں حاضر ہوں، میں بھی جوتا بنانا جانتا ہوں میں آپ کو اپنے ہاتھوں سے نیا جوتا بنا کر دوں گا لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ میں سے کوئی میرے والد کے کام کی شکایت نہیں کرے گا کیونکہ پورے امریکہ میں میرے والد سے اچھا موچی کوئی نہیں تھا۔ مجھے اس عظیم موچی کا بیٹا ہونے پر فخر ہے۔‘‘ ابراہم لنکن نے تقریر ختم کی اور صدارت کی کرسی پر بیٹھ گیا، پورے ہال کو سانپ سونگھ گیا، لنکن پر فقرہ کسنے والے سینیٹر نے شرمندگی کے عالم میں سر جھکا لیا اور اس کے بعد کسی امریکی سیاستدان نے لنکن کو موچی کا بیٹا نہیں کہا۔ ابراہم لنکن نے اپنے بیٹے کے استاد کو ایک شہرہ آفاق خط لکھا اس کے الفاظ کچھ یوں تھے کہ میرے بیٹے کو وہ طاقت عطا کرنے کی کوشش کیجئے کہ ہر شخص کی بات سنے لیکن یہ بھی بتائیے کہ جو کچھ سنے اسے سچ کی کسوٹی پر پرکھے اور درست ہو تو عمل کرے۔ اسے دوستی کیلئے قربانی دینا سکھائیے۔ اسے بتائیے کہ اداسی میں کیسے مسکرایا جاتا ہے۔ اسے بتائیے کہ آنسوؤں میں کوئی شرم نہیں۔ اسے سمجھائیے کہ منفی سوچ رکھنے والوں کو خاطر میں مت لائے اور خوشامد اور بہت زیادہ مٹھاس سے ہوشیار رہے۔ آپ اس کے استاد ہیں اس سے شفقت سے پیش آئیے مگر پیار اور دلاسہ مت دیجئے۔ کیونکہ یاد رکھئے فولاد لوہے کو بھڑکتی ہوئی آگ ہی فولاد بنایا کرتی ہے۔ اسے سکھائیے گا کہ ہر شخص کھرا نہیں ہوتا۔ لیکن اسے یہ بھی بتائیے کہ ہر غنڈے کے مقابلے میں ایک ہیرو بھی ہوا کرتا ہے۔ ہر خود غرض سیاستدان کے مقابلے میں ایک دوست بھی ہوا کرتا ہے۔ اگر آپ بتا سکیں تو اسے کتابوں کے سحر کے بارے میں بتائیے۔ لیکن اسے اتنا وقت ضرور دیجئے کہ وہ آسمانوں پر اڑتے والے پرندوں کے دائمی راز، شہد کی مکھیوں کے سورج سے تعلق اور پہاڑوں سے پھوٹنے والے پھولوں پر بھی غور کر سکے۔ اسے بتائیے کہ اسکول میں نقل کر کے پاس ہونے سے فیل ہو جانا زیادہ باعزت ہے۔

اب آتے ہیں دنیا کا سب سے زیادہ طاقتور ملک امریکہ اور اسکے سب سے زیادہ طاقتور صدور اور ایک ایک بار نہیں 2،2 بار، جارج بش سینئر، جارج بش جونیئر، بل کلنٹن اور بارک اوباما کی طرف اور سوچئے کہ جو دنیا کے ایک نمبر ملک کے آٹھ آٹھ سال صدر رہے ہیں۔ اگلے پاس کتنی پراپرٹیاں ہوں گی، کتنا پیسہ ہو گا، کتنے ہیرے جواہرات ہوں گے مگر آپ یہ سن کر تعجب کریں گے۔ 2018 جارج بش سینئر جب ان کی موت ہوئی ہے تو اسکے پاس اپنی پنشن کے علاوہ کچھ نہیں تھا اور جارج بش جونیئر آج بھی 2016 ماڈل کی گاڑی چلاتے ہیں، اور ان کی بیوی ایک کمپنی میں ملازمت کر رہی ہے۔ بل کلنٹن کے بارے میں تو آپ نے اخبارات میں سنا ہی ہو گا ان کی اس سے بھی بری حالت ہے اور درمیان میں تو بالکل مت پوچھیں، وہ موٹیویشنل اسپیکر ہیں اسکول، کالج، یونیورسٹی میں اپنی موٹیویشنل تقریر سے اپنا کام چلاتے تھے اگلی بیگم نے بھی بائیوگرافی لکھی ہے۔ آپ سوچئے بارک اوباما کا تو کیا کہنا ہے ان کی بیٹی آج بھی کیشئر کی نوکری کر رہی ہے۔ بارک اوباما کی بیگم آج بھی ایک کمپنی میں نوکری کر رہی ہے۔ اوباما آج بھی اپنی وکالت کر رہے ہیں، ایسے ہی ایماندار لوگ بیٹھے ہیں جن کی وجہ سے آج امریکہ کے لوگ خوشحال ہیں۔

[illegible] Website:www.jang.com.pk [illegible] ایڈیٹر انچیف: میر شکیل الرحمٰن

سرِ راہ گزر

پروفیسر سید اسرار بخاری
☆☆☆

ہندوستانیت اور ہندوتوا

جب سے برطانوی سامراج برصغیر کو آزادی دے کر رخصت ہوا ہے منظر پر دو ملک پاکستان، بھارت دو آزاد ریاستیں وجود میں آئیں اور اس خطے میں ان دونوں ملکوں میں حق ہمسائیگی پامال ہونے کا آغاز ہوا جو آج بھارتی انتہا پسندی اور ہندوتوا کے نتیجے میں اپنی انتہا کو پہنچ گیا ہے، کشمیر پر حق خود ارادیت کی قرار دادوں کے باوجود مقبوضہ کشمیر پر ناجائز قبضہ پوری انسانی دنیا کو نظر آتا ہے مگر مظلوم کشمیریوں کو ان کا حق آزادی نہیں دیا گیا، آج سرحد پار سے بھارت کے 40 کروڑ مسلمانوں پر جس طرح کے مظالم انتہا پسند ہندوؤں کی طرف سے وہاں کے متعصب ہندو حکمران ڈھا رہے ہیں وہ پوری دنیا کے لئے ایک روز افزوں خطرہ ہے جس کا ادراک ہونے کے باوجود کسی جانب سے کوئی عملی اقدام نظر نہیں آ رہا۔ اس وقت انتہا پسند ہندوتوا بھارتی وزیر اعظم کو ظلم کا استعارہ بنا چکا ہے، اقلیتوں کے ساتھ جو نارواسلوک روا رکھا جا رہا ہے اس میں کوئی کمی نہیں آ رہی، امریکا، بھارت ہو یا اقوام متحدہ بھارت میں انسانی حقوق کی پامالی کا کوئی نوٹس نہیں لے رہے، سیکولر ہندوستانیت کو آل انڈیا نیشنل کانگریس کے رہنما کیوں زندہ نہیں کرتے؟ اگر بھارت میں انتہا پسندانہ انسانیت سوز کارروائیاں اسی طرح جاری رہیں تو ہم پوری بھارتی قوم کو یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ وہ اپنے حکمرانوں کو اعتدال پر لائیں ورنہ ان کا ملک اپنی ہی لگائی آگ کی نذر ہو جائے گا، پاکستان کے طول و عرض میں دہشت گردی پر کون کون تیل چھڑک رہا ہے ہمیں بھی معلوم ہے اور پوری انسانی بستی کو بھی، واضح رہے کہ ہمیشہ بھارت ہی کی طرف سے بھرپور جارحیت ہوئی جبکہ پاکستان مدافعانہ پالیسی پر کاربند ہے، یہ پوری دنیا کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو ایٹمی قوتیں آمنے سامنے ہیں۔ اس انسانی دنیا کے مفاد میں ہے کہ بڑی قوتیں بھارت کو اعتدال پر لائیں۔

☆☆☆☆

سب نے خطا کی کوئی مانتا نہیں

خدایا ہم سب خطا کار ہیں اب لمحہ اعتراف ہے لیکن اب بھی اگر ہر فرد قومی سطح پر اپنی سوچ کو لے آئے تو اس کی ذات کے ساتھ اوروں کا بھی بھلا ہوگا، بہت ہو چکی اب ہمیں سب اختلافات بھلا کر صراط مستقیم پر جادہ پیما ہو جانا چاہیے۔ اگر کوئی ارادہ کرے کہ وہ اپنے قول و فعل سے کسی کا نقصان کرے گا نہ دل دکھائے گا، تو بخدا یہ معاشرہ بہتری کی طرف لوٹ آئے گا، ہمیں اندازہ ہے کہ ہماری اکثر برائیاں اور جرائم حالات اور باہمی سخت رویوں کا جبر ہیں تو اس کے لئے حکمرانوں، ارباب سیاست اور دانشوروں کو آگے آنا چاہیے، جنگل میں ناچنے والے سارے مور، موریاں عوام کے میلے میں آ کر اپنا علم و فن دکھائیں تاکہ بہتر نتائج نظر بھی آئیں۔ محض باتوں اور لفظوں سے کچھ نہ ہوگا اب اس پیارے وطن کو شاد آباد رکھنے کے لئے ہر طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، اگر کسی بستی میں ظلم ہو رہا ہو اور وسیع پیمانے پر تو ظالموں کا ہاتھ روکنا ہر باسی کا فرض ہے، اور اگر یہ نہیں کر سکتے تو پھر دین بھی یہی کہتا ہے کہ اس بستی کو چھوڑ دو، ویسے آپس کی بات ہے کہ ہم میں کوئی بھی ملک کی بہتری سے انکاری نہیں مگر یہ انسانی فطرت ہے کہ ہر فرد دیکھتا ہے کہ کسی نے اچھائی کی طرف قدم بڑھایا یا نہیں، جونہی کوئی انسان بارش کا پہلا قطرہ بنتا ہے باران رحمت ساری بستی کو صاف کر کے ہرا بھرا کر دیتا ہے اور اگر ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہے تو ہم عوام ہوں، حکومت ہو سیاسی قائدین ہوں کوئی بھی کچھ نہیں کر سکے گا۔

☆☆☆☆

ایک ہی راستہ... اجتماعی قومی مفادات فورم

سیاسی پولرائزیشن اس وقت عروج پر ہے اور ہماری قومی سطح پر عاقبت نااندیشی میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ، یہ دور وگ ہے جس نے ہمیں وہاں لا کھڑا کیا ہے کہ نہ پائے ماندن نہ جائے رفتن، اگر ماضی کی غلطیوں اور اچھائیوں کو سامنے رکھ کر ہم من حیث القوم، بالخصوص اہل سیاست حلف لے کر ایک فورم میں شامل ہو کر ایک وسیع تر قومی ایجنڈا طے کر لیں تو ملک جو ایک جگہ ٹھہر گیا ہے آگے بڑھ سکتا ہے، اس مقصد کے حصول کے لئے سب کو اپنی ذات سے بالاتر ہو کر مشترکہ متفقہ طویل المیعاد پروگرام پر عمل پیرا ہونا ہی پڑے گا، باقی رہی سیاست، انتخابی بیانیہ تو ہر جماعت اپنے اپنے منشور پر چلے، جسے بھی رب ذوالجلال اقتدار دے وہ کرسی کا حق ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں کما حقہ ادا کرے، ہم اب مزید ناپسندیدہ طرز عمل کا بوجھ اٹھاتے رہیں گے تو ہم غریب ہوں یا امیر خوش نہیں رہ سکیں گے، دل کا سکون نہ پا سکیں گے، کچھ بھی ہو جائے کیسا بھی اختلاف ہو حسن اخلاق کو ترک نہ کریں، ذرا جرم کی رفتار تو دیکھیں کہ پاک وطن کا کوئی گوشہ اس سے خالی نہیں، 76 سالہ غفلت کے سیاہ بادل کیسے چھٹیں گے کیا ہم اس کے لئے بھی راہ راست پر نہیں آئیں گے؟ اگر ہمارا سمت درست نہ ہوگا تو یہ سیاسی کشمکش ہمیں مکمل تباہ کر دے گی، جو ہو گیا سو ہو گیا حالات کی ستم ظریفی ہمارے ہی ہاتھوں کی کمائی ہے، یہ تو ہمارے کریم و رحیم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا خصوصی فضل ہے کہ اب تک بچے ہوئے ہیں، اچھے کام بھی ہوئے ہیں مگر برے کاموں کا گراف کافی اونچا ہے، یہ مہنگائیاں تو امریکا، برطانیہ اور کئی دیگر ملکوں میں بھی آتی ہیں مگر ان کے حکمرانوں کی بہتر حکمت عملی نے عام آدمی کی ناک کا آخری سرا نہیں جلنے دیا اور ہمارا عام آدمی خودکشی پر مجبور ہے۔

☆☆☆☆

پاکستان ہے تو ہم ہیں

o... نگران وزیر اعظم بھوکے ننگے عوام سے اب اس کے سوا کیا کہہ سکتے ہیں: بیو یار تنگ نہ کر۔

o... کیا عوام کو معلوم نہیں کہ حکومت کے پاس ان کا خیال رکھنے کے سوا کچھ نہیں، الیکشن ہونے دیں پھر جو حکومت آئے گی ان کے سامنے پرامن احتجاج کریں، وہ بھی کیئر ٹیکر حکومت کا جملہ دہرائے گی۔

o... پرویز الٰہی رہائی پا کر بھی اسلام آباد پولیس کے ہاتھوں گرفتار۔ ڈاہڈی مشکل پے گئی خان دی یاری؟

o... تجزیہ کار: کیا عوام کا غصہ الیکشن میں یا کسی اور صورت میں سامنے آئے گا؟

ان کے پیٹ میں کچھ ہے نہیں خالی پیٹ غصہ کہاں سے آئے گا۔ اس وقت سٹاک میں جتنے بھی موجود ہیں ان میں سے کسی کو ووٹ دینے سے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا، ہاں فی سبیل اللہ ووٹ دینا ہے تو شوق سے دیں۔

o... پاکستان سے محبت کرنے والے ہیرو ورشپ نہ کریں، ہر فرد ملت کے مقدر کا ستارہ بن سکتا ہے کہ وہ اپنی ترقی کا محور پاکستان کی ترقی کو بنائے۔

☆☆☆☆

وہ لاہور کہیں کھو گیا



حرف آغاز
☆☆☆
واصف ناگی
wasifnagi@janggroup.com.pk

(گزشتہ سے پیوستہ)

گزشتہ ہفتے ہم نے گورنر ہاؤس کے ساتھ ساتھ ریڈیو پاکستان لاہور کی پہلی اور قدیم ترین کوٹھی کا ذکر کیا تھا۔ ویسے ہم قارئین کو یہ بتاتے چلیں لاہور ریڈیو کا آغاز وائی ایم سی اے (ینگ مین کرسچن ایسوسی ایشن) کی تاریخی عمارت سے ہوا تھا۔ یہ تاریخی خوبصورت عمارت آج بھی موجود ہے۔ مگر کوئی اس کا پرسان حال نہیں۔ اس کا سفید اور خاکی بڑے بڑے ٹائلوں والا فرش بھی دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔ اس وائی ایم سی اے کے ہال میں آغا شورش کاشمیری اور کئی دیگر رہنماؤں نے جلسے کئے اور پھر جلوس کی صورت میں یہاں سے چیرنگ کراس جایا کرتے تھے۔ ہم نے بھی آغا شورش کاشمیری کے کئی جلسے جلسوں میں یہاں شرکت کی اور جلوسوں میں پولیس کی لاٹھیاں بھی کھائیں اور بھاگ کر ڈبل ڈیکر میں سوار ہو کر اپنی جان بھی بچائی۔

خیر جس عمارت کا ہم ذکر کر رہے ہیں یہ ایمپریس روڈ اور ڈیونڈ روڈ کے سنگم پر واقع ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آج شاید ہی کسی لاہوریے کو اس تاریخی عمارت کے بارے میں پتہ ہو کیونکہ ریڈیو پاکستان یہاں سے کئی برس قبل اپنی نئی عمارت جو کہ پی ٹی وی کے ساتھ ہے وہاں منتقل ہو گیا تھا۔ اس تاریخی عمارت جہاں سے مصطفیٰ علی ہمدانی نے 14 اگست 1947ء اور 15 اگست کے انتہائی ابتدائی لمحات میں یہ اعلان کیا تھا کہ یہ پاکستان براڈ کاسٹنگ سروس ہے۔ عزیز قارئین یہ بات نوٹ فرمائیں پاکستان کا پہلا یوم آزادی 15 اگست 1947ء کو ہی منایا گیا تھا۔ ابھی صرف چند روز پہلے تک ریڈیو پاکستان کی یہ پرانی عمارت اپنی اصل شکل و صورت میں موجود تھی اب اس کو شادی گھر میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ کسی بھی حکومت کو اس بات کا احساس نہ ہوا کہ اس تاریخی عمارت کو محفوظ کیا جائے۔ یہاں ریڈیو پاکستان لاہور کی تاریخ لکھی گئی ہے۔ اس ریڈیو پاکستان لاہور نے پاکستان ٹیلی ویژن اور فلم کو بہترین اداکار دیئے، بہترین شاعر، ڈرامہ نگار، نغمہ نگار اور موسیقار دیئے تھے۔ کیا کیا صداکار یہاں پر ہوتے تھے، ان کا پھر کبھی ذکر کریں گے۔

لیں جناب گورنر ہاؤس کے پچھلے دروازے سے جب آپ دربار ہال کی طرف جائیں تو آپ کو ایک تاریخی پیالہ نظر آئے گا۔ یہ پیالہ بدھا کا پیالہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ پیالہ کئی صدیاں پرانا ہے۔ موجودہ گورنر محمد بلیغ الرحمان نے اپنے اسٹاف کو حکم دے رکھا ہے کہ اس پیالے میں ہر وقت پانی رہنا چاہیے تاکہ پرندوں کو کوئی تکلیف نہ ہو۔ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ گورنر محمد بلیغ الرحمان گورنر ہاؤس کے اندر مختلف پرندوں اور دیگر جانوروں کا خیال بہت زیادہ رکھتے ہیں۔ اس قدیم پیالے کی ایک تاریخ ہے۔ بدھا کا یہ پیالہ ایک انگریز ڈپٹی کمشنر کو باجوڑ میں ملا تھا جو اس نے اس وقت کے گورنر کو دے دیا تھا۔ یہ پیالہ صدیوں پرانا ہے جو آج بھی اپنی اصل حالت میں موجود ہے۔ گورنر ہاؤس کے اندر ایک قدیم پیانو بھی ہے جو گوروں کے زمانے کا ہے۔ بڑا خوبصورت اور کلاسک پیانو ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ لاہور کے کئی تعلیمی اداروں میں گوروں نے اپنے زمانے میں بڑے خوبصورت پیانو رکھے تھے جو غائب کر دیئے گئے۔ مثلاً کوئین میری کالج کا پیانو ہم نے خود 1990ء تک دیکھا، پھر اچانک غائب کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ کنیئرڈ کالج، ایچی سن کالج، کیتھڈرل چرچ اور لیڈی میکلیگن کالج اور اسکول میں بھی ہم نے پیانو دیکھے تھے۔ کنیئرڈ کالج کا پیانو آج بھی اپنی اصل حالت میں ہے مگر بجتا نہیں۔ کیتھڈرل چرچ جسے عرف عام میں لکڑ گرجا بھی کہا جاتا تھا اس کا پیانو ہوا کے ذریعے چلتا تھا۔ اس گرجے کو ککڑ گرجا اس لئے کہا جاتا تھا کہ اس گرجے کے اوپر ہوا کا رخ معلوم کرنے کیلئے ایک مرغا لگا ہوتا تھا اس لئے لاہوریے اس کو ککڑ گرجا کہا کرتے تھے۔

گورنر ہاؤس میں 1890ء میں ایک تاریخی پیانو لایا گیا تھا۔ ایک مدت تک تو یہ پیانو بجتا رہا۔ خصوصاً گورے گورنر کے دور میں یہاں جو تقاریب ہوتی تھیں تو اس پیانو کا خوب استعمال ہوتا تھا اس دور میں گورنر ہاؤس کا ماحول اور یہاں کے طور طریقے آج کے مقابلے میں بہت مختلف تھے۔ انگریز دور میں گورنر ہاؤس کے ارد گرد کا علاقہ بہت کھلا اور صاف ستھرا تھا، امریکن قونصل جنرل کے آفس کے آنے سے قبل گورنر ہاؤس کا پچھلی طرف کا دروازہ اور ایمپریس روڈ کی سڑک خوبصورت درختوں سے ڈھکی ہوئی تھی اب یہ سڑک اور علاقہ بہت گندا اور بدنما ہو چکا ہے۔ یہ تاریخی پیانو قیام پاکستان کے بعد خراب ہو گیا اور ایک مدت سے خراب پڑا ہوا تھا۔ چنانچہ گورنر بلیغ الرحمان نے اس تاریخی پیانو کو درست کرانے کی بہت کوشش کی، کئی پیانو ٹھیک کرنے والے مستری، مکینک، کاریگر بلوائے گئے، آخر ایک ایسا پیانو ساز مل گیا جس نے اس پیانو کو درست کر دیا۔ یہ بات قارئین کیلئے یقیناً دلچسپی کا باعث ہوگی کہ پیانو جو کاریگر ٹھیک کرتا ہے وہ پیانو کے پچھلی طرف اپنا نام، تاریخ اور پیانو کی سروس کا پورا ریکارڈ بھی درج کر دیتا ہے تاکہ جب بھی کوئی نیا پیانو ٹھیک کرنے والا آئے تو اس کو پتہ چل سکے کہ اس نے پیانو میں کیا درست کیا تھا۔ پیانو کو درست کرنے اور بجانے کی تاریخ ایک کپڑے پر ایک مختلف انداز میں درج ہے۔ بظاہر وہ رنگین دھاگے نظر آتے ہیں، مگر یہ بڑے قیمتی ہیں۔ چنانچہ معلوم ہوا کہ 1904ء اور 1908ء میں اس پیانو کی سروس ہوئی۔ پھر 1940ء میں اس کی آخری سروس ہوئی تھی اس کے بعد اب 2023ء میں سروس کی گئی۔ جس کے بعد اس پیانو نے کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ امید ہے کہ موجودہ گورنر پنجاب اب کسی تقریب میں اس تاریخی اور قدیم پیانو کو نہ صرف لوگوں کو سنوائیں گے بلکہ اس کا باقاعدہ استعمال بھی کیا جائے گا۔ گورنر ہاؤس کے اندر بے شمار تاریخی اور نادر اشیاء خصوصاً قدیم تلواریں، بندوقیں، خنجر اور دیگر قیمتی اور نایاب اشیاء موجود ہیں۔ مثلاً آج بھی گورنر ہاؤس میں ایک ایسی تاریخی انتہائی قیمتی لکڑی کی میز ہے جو ہینڈل کے ذریعے کھلتی، بڑی اور لمبی ہوتی جاتی ہے۔ شاید لوگوں کو یاد ہو کہ کسی زمانے میں موٹر گاڑیوں اور ٹرکوں کو اسٹارٹ کرنے کیلئے لوہے کے ہینڈل کے ذریعے انجن کو اسٹارٹ کرنا پڑتا تھا، اسی طرح کا ہینڈل ہے جس سے یہ میز کھلتی اور بند ہوتی ہے۔ گورنر ہاؤس میں بڑا خوبصورت انگریز دور کا فرنیچر ہے۔ ملکہ الزبتھ کا سویٹ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ (جاری ہے)

طرزِ حکمرانی اور بیوروکریسی میں اصلاحات؟

نظر کش
☆☆☆
نعیم مسعود

قومی کیلئے قوت بخش اور تسلی بخش ہونا ضروری ہے ورنہ بناؤ کے بجائے بگاڑ کے اتنے در بچے کھل جاتے ہیں کہ رہے نام اللہ کا۔ آئین ایک زندہ دستاویز ہے تو اس کا صاف مطلب اتنا ہے یہ کوئی ڈیڈ باڈی نہیں، نہ محض ایک تاریخ ہے کہ ہم راوی اور مورخ کے بیچ میں پھنس کر رہ جائیں۔ دفعات، آئین کی ساخت اور فعل کی بنیادی اکائیاں ہوتی ہیں اور ہر اکائی ریاست کے ہر فرد کیلئے آکسیجن مہیا کرتی ہے۔ وہ آرٹیکل جو کسی ادارے کے سربراہ سے بلاواسطہ تعلق رکھتا ہو وہ ہر شہری سے بالواسطہ تعلق رکھ رہا ہوتا ہے!

ضروری ہے حکومت ذمہ داری لے اور لیڈر شپ دے، ایسا نہیں کہ پہلے تو کوئی سیاہ و سفید کا مالک ہو اور بعد میں خراب کام کی ذمہ داری لینے میں ٹیل و حجت سے کام لے جبکہ کامیاب کام کا باپ بننے میں لمحہ بھر کی دیر نہ کرے۔ وہ جو ناکامی بیوروکریسی پر ڈالنے کا فیشن ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ اقتداری عاقبت نااندیش ہی نہیں کام چور بھی ہے۔ سیاست ایک ذمہ داری ہے جسے کچھ اکابر تو عبادت بھی گردانتے ہیں پس یہ ثابت ہوا حکمرانی میں امور کو احسن انداز میں نمٹانا حکومتی نمائندے یا وزیر پر واجب ہی نہیں فرض بھی ہے۔ مثلاً کا "فرض" اور منسٹر کی "ڈیوٹی" ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، کوئی اسے سیاسی تناظر میں لے یا مذہبی زاویے میں۔

بات جب ذمہ داری یا فرض نبھانے کی ہوتی ہے تو حکومت اپنے غیر سیاسی دست و بازو ڈھونڈتی ہے، اس چناؤ میں میرٹ یا کسی ضابطے کو بروئے کار لانے اور اقربا پروری یا رشوت و سفارش بالائے طاق رکھنے کا خصوصی اہتمام عمل میں لایا جاتا ہے۔ جب کوئی سیکرٹری، معاون یا مشیر لگانا ہو تو محض ماجھا گاما یا جاجا ماما لگانا مقصود نہیں ہوتا کسی مفید شخصیت کو دریافت کرنا پڑتا ہے یا معقول شخصیت میں خوبیوں کو اجاگر کرنا ہوتا ہے۔ اور یہ سب ہم اور ہمارے حکمران نہیں سوچیں گے تو افسر شاہی کیسے سوچے گی؟

بڑے اداروں کے چیئرپرسن، ایم ڈی یا ممبرز لگانے کا مطلب ہے حکومت اپنے پاؤں مضبوط کرنے کے درپے ہے اس ضمن میں وہ اگر چیئرمین واپڈا، انجینئر میں اسٹیل مل یا چیئرمین سول ایوی ایشن یا سی ڈی اے وغیرہ اس کو لگائے جس کا میرٹ محض یہ ہو کہ یہ مخالف سیاسی جماعت کی خبر لیتا رہا ہے یا اپنی سیاسی جماعت کے اہم رکن کا سالا یا بہنوئی ہے، اس کا مطلب یہ ٹھہرا کہ آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے جا رہے ہیں۔ اسی طرح پلاننگ کمیشن، پی ایم ڈی سی یا کسی بھی اقتداری اور بورڈ یا ہائیر ایجوکیشن کمیشن، صوبائی ہائر ایجوکیشن کمیشن یا وی سیز جیسے سربراہان یا ممبران کو خود ساختہ میرٹ انجینئرڈ میرٹ کے ذریعے گوز حد کی کاشت کو دوام بخشتے جا رہے ہوں تو یقیناً کل احتساب بھی ہوگا اور حساب کتاب بھی۔ پھر کیا بہانہ بنائیں گے کہ منسٹر کا نہیں منسٹری کا قصور ہے، صاحب کا نہیں دفتری بابو کا قصور ہے؟ لیڈر شپ وزیر اعظم، وزرائے اعلیٰ، وزراء اور ادارہ جاتی سربراہان کی یا وہ بابو؟ پس ضرورت اس امر کی ہوتی اور رہتی ہے کہ وزیر ذمہ داری لے سیکرٹری نہیں۔ اس کیلئے تین چیزیں بیک وقت درکار ہیں 1۔ پاورفل ہونا، 2۔ تعلیم کے ساتھ حکمت سے آشنا ہونا، 3۔ وہ تگڑا و دار کہ جو مالدار سے مرعوب نہ ہو۔ ہر جگہ تجربہ نہیں، کہیں ساتھ جرات اور حکمت بھی درکار ہوتی ہے۔ ہر جگہ نمبرز نہیں کہیں قوی اعصاب بھی لازم ہیں۔ ہر جگہ انگریزی نہیں کئی جگہوں پر ساتھ ایمانداری کی گھن گرج بھی چاہئے۔ ایسے نہیں کہ جیسے جاتے جاتے پی ڈی ایم سارے سربراہی عہدے ہی اگلے چار پانچ سال کیلئے اقربا میں بانٹ گئی!

ایک اوپن سیکرٹ بتائیں کچھ ماہ قبل ایک بائیسویں گریڈ کے مسلسل تیسرے سرکاری ادارے میں مزے لینے والے ایگزیکٹو کے پاس بیٹھے تھے، حضور کہنے لگے اگر میں یہاں پرائیویٹ یونیورسٹی میں ہوں تو یہ یونیورسٹی اپاہج ہو جائے، اس صاحب سے کوئی پوچھے آپ کو ریاست نے تین جگہ اس لئے وی سی لگایا تھا آخر آپ پرائیویٹ سیکٹر کے اور پرائیویٹ سیکٹر آپ کا فرنٹ مین بن جائے؟ پرائیویٹ سیکٹر بھی ہمارا ہی ہے تاہم آپ کا فرض ہے ریاستی نمائندہ ہوتے ہوئے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹرز میں صحت مندانہ مقابلہ کی فضا پیدا کریں۔ ایسے سربراہ کو تو اسٹیٹس مین ہونا چاہئے کہ مال و زر سے مرعوب نفسیاتی مریض۔

دو مختلف ضلعی افسران سے ایک دفعہ پوچھا کہ آپ کو بالائی افسر سے ڈر لگتا ہے یا عدالت سے۔ کہنے لگے دونوں سے نہیں۔ دونوں "مینیج" ہو جاتے ہیں ہمیں ڈر عوامی نمائندے سے لگتا ہے کہ وہ کہیں بھی پنچایت یا کچہری لگا لیتا ہے اور عوام اس کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، پھر وہ زمانہ و مردم شناس اور ہردلعزیز بھی ہوتا ہے۔ گر وہ سیانا لیڈر بھی ہو تو عدالت یا صوبائی افسر سے بہت اوپر کی بات ہوتا ہے، واضح رہے یہ کہ ایک افسر محکمہ ہیلتھ کا تھا اور دوسرا ایس پی!

ہم تو کہتے ہیں چیک بک پر دستخط بھی وزیر/لیڈر شپ کے کر دیں کہ آئندہ بلا ہوا تھا بہانے بازیاں کیسی؟ کمشنر یا چیف سیکرٹری جیسے لاری اڈے بھی کیوں؟ وزرائے اعلیٰ کی براہ راست محکمہ سیکرٹری سے ہیلو ہائے ہو اور ضلعی آفیسرز کی اپنے متعلقہ سیکرٹری سے اور ضلعی پولیس آفیسر کی اپنے آئی جی سے۔ یہ پولیس میں بھی ڈی آئی جی/ڈویژنل افسر کیوں؟

آئین تو کمال زندہ دستاویز ہے، جو تحریری آئین کے بغیر ہیں اور اخلاقیات و روایات کو مقدم جانتے ہیں ان برطانیہ، کینیڈا، نیوزی لینڈ، سعودی عرب اور اسرائیل کا معیار تو دیکھئے! وزیر اعظم، سالار اعظم سے عادل اعظم تک آئین، اخلاقیات اور روایات کو دیکھ لیں تو کوئی سانحہ جڑانوالہ ہو نہ سانحہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، نہ بجلی بلز اور نہ منتشر جی آئی ایم ایف کا ڈومین ہوں، جہاں ایک عادل اسٹیک ہولڈر کو ساتھ بٹھانے کے بجائے ایک "پارٹی" ڈی پی او کو بٹھانے تو شاید وزاہد بھی ہراساں نہیں ہوگا کیا؟

حاکمین اور بابو عمائدین ریاستی امور ایک دوسرے کے کندھوں پر ڈالیں گے تو پوری ریاست ہی عالمی اداروں کے کندھوں پر چلی جائے گی!

کیا واپڈا کے بغیر زندگی ممکن ہے؟

ماجرا
☆☆☆
بلال الرشید
Bilal.rasheed@janggroup.com.pk

سوال یہ ہے کہ کیا واپڈا کے بغیر آج کا انسان زندگی بسر کر سکتا ہے؟ دانستہ طور پر میں نے یہاں "واپڈا" کا لفظ استعمال کیا ہے، "بجلی" کا نہیں۔ بجلی کے نرخ میں حالیہ خوفناک اضافے کے بعد کئی خودکشیاں سامنے آئی ہیں۔ ایک مفلوک الحال شخص نے موٹر سائیکل بیچ کر پچیس ہزار کا بل ادا کیا۔ اگلے مہینے پچیس ہزار کا بل سامنے آیا تو خودکشی کر لی۔ ایک بوڑھے آدمی نے اسلام آباد میں کھٹ پل سے کود کر اپنی جان لے لی۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بجلی کا بل ادا کرنا اگر آپ کی استطاعت سے باہر ہو چکا، آپ کا میٹر کٹنا اور گھر کا اندھیروں میں ڈوب جانا اگر طے ہو چکا تو کیا خودکشی کے علاوہ اور کوئی صورت باقی نہیں؟ کیا اپنی جان لے کر اولاد کو زمانے کے حوالے کر دینا چاہیے؟

لوگ کہیں گے ایک دولت مند باپ کا بیٹا کیسے اس موضوع پر بات کر سکتا ہے؟ میں تیرہ برس کا تھا، آٹھویں جماعت میں جب ہاسٹل میں داخل ہوا۔ سہولتوں کے عادی لڑکے کیلئے سخت ضابطوں والا ماحول۔ فجر سے پہلے اٹھا دیا جاتا۔ شدید سردی میں صبح سویرے سخت ورزش کرائی جاتی۔ پانی کی وہاں قلت تھی۔ رفع حاجت اور وضو کیلئے پانی لوٹے میں لے جانا پڑتا۔ غسل کیلئے بالٹی بھر کے۔ سردیوں میں باری باری لڑکے گیزر میں لکڑیاں جلاتے۔ گرم پانی کی ٹونٹی ایک ہی تھی۔

میں بیس برس کا تھا، جب حفظ کا شوق ہوا۔ مدرسے میں اکثر بجلی آنکھ مچولی کرتی۔ شدید حبس کے دنوں میں لباس پسینے سے بھیگ جاتا۔ جب بجلی آتی تو پنکھے کی ہوا گیلے لباس کی وجہ سے ناگوار گزرتی۔

پانچ سال قبل چوچ شیتاں میں جانوروں کا ڈیرہ بنانے کیلئے ایک گھر اور ملحقہ زمین کرائے پر لی۔ پرانے کرائے دار افغان مہاجر تھے۔ معلوم ہوا کہ کئی سال سے بجلی انہوں نے استعمال ہی نہیں کی۔ پانی کی ٹینکی بھی نہیں تھی۔ پانی وہ قریب کنویں سے بھر کے لایا کرتے۔

انسان عادی ہو جاتا ہے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ بجلی اور اس سے چلنے والی سہولتیں ابھی ایک ڈیڑھ صدی کی بات ہیں۔ ماضی کے عظیم بادشاہ گھوڑے پہ سفر کرتے رہے، گاڑی نہیں۔ بجلی اس وقت ایجاد ہی نہیں ہوئی تھی۔ فریج اور ٹیلی ویژن اور نہ موبائل فون۔ آج تو آدمی کے پاس متبادل موجود ہے۔ ایک غریب سے غریب شخص زیادہ سے زیادہ دس ہزار روپے بل ادا کر سکتا ہے۔ اسے اچانک پچیس ہزار روپے کا بل موصول ہوتا ہے۔ ایک دو مہینے کسی نہ کسی سے ادھار لے کر ادا کرتا ہے۔ تیسرے مہینے پانی اس کے سر سے گزر جاتا ہے۔ وہ اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ میٹر اب کٹ کے رہتا ہے اور گھر اندھیروں میں ڈوب کے رہتا ہے۔ بجلی کی سہولت کا انسان شدید عادی ہو چکا اور اس کے بغیر زندگی کا اس کے لیے کوئی تصور نہیں۔ شدید جذباتی کیفیت میں وہ خودکشی کا فیصلہ کر لیتا ہے۔ یہ وہ غریب ترین شخص ہے، جس کے گھر میں صرف ایک دو پنکھے اور انرجی سیور استعمال ہو رہے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اسے دس ہزار روپے کا کوئی آپشن مل جائے تو وہ خودکشی نہیں کرے گا۔ قریب چالیس ہزار روپے میں اسے وہ سولر پینل اور بیٹری مل سکتی ہے، جس سے اس کے گھر کے دو پنکھے اور دو تین انرجی سیور چل سکتے ہیں۔ اگر آپ بیٹری نہیں لے سکتے تو پہلے صرف سولر پینل خریدیں۔ یاد رہے کہ واپڈا سے آپ کا لین دین ختم ہو چکا ہے۔ آپ جو ہر مہینے اسے دس ہزار روپے ادا کر رہے تھے، وہ اب آپ نے ادا نہیں کرنے۔ کسی سے تیس چالیس ہزار کا قرض لے لیں اور ہر مہینے دس دس ہزار کر کے یہ قرض ادا کر دیں۔ آہستہ آہستہ آپ کی چھت پہ اتنی سولر پلیٹیں اور اتنی بیٹریز اکٹھی ہو جائیں گی کہ آپ کے گھر کی بجلی کی تمام ضروریات اس سے پوری ہو سکیں گی۔

انسان بجلی کا اتنا عادی ہو گیا ہے کہ اس کے بغیر زندگی گزارنے کا اس کے پاس کوئی تصور نہیں۔ اسے یہ یاد ہی نہیں کہ تین لاکھ برس انسان نے بجلی کے بغیر ہی گزارے ہیں۔ یہ ایجاد تو ابھی کل کی بات ہے۔ پیغمبر اور اصحاب نے بجلی کے بغیر ہی اپنی خیرہ کن زندگیاں گزاریں۔

تنگی کا انسان عادی ہو جاتا ہے۔ کیا عمران خان اس زندگی کا عادی تھا، جس سے اٹک جیل میں اسے گزارا جا رہا ہے۔ آٹھ بائی دس فٹ کا زندان، گندا بیت الخلا، کیڑے مکوڑے اور اس حالت زار پہ دشمنوں کی ہنسی۔ وہ تو ہر قسم کی آسائشوں کا عادی تھا۔ اس پہ اگر وہ اس جذباتی سوچ میں گم ہو جائے کہ میں نے اس قوم کیلئے کیا کچھ کیا اور آج میں کس حال میں پڑا ہوں؟

جذباتی نہیں ہونا ہوتا۔ اگر میٹر کٹنے کے خوف سے آپ اپنی جان لے لیتے ہیں تو آپ کی اولاد کا کیا ہوگا؟ اسے نہ صرف بجلی نہیں ملے گی بلکہ خوراک اور باپ کے سائے سے بھی وہ محروم ہو جائے گی۔ اس لحاظ سے تو آپ کی بیوی آپ سے کہیں دلیر ہے، جو آپ کی خودکشی کے بعد ہر قسم کے حالات کا اکیلے سامنا کرے گی اور خودکشی کا نہیں سوچے گی۔ لوگ بے انتہا تکلیف دہ اور لاعلاج بیماری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس کے باوجود تمام عمر تکلیف برداشت کرتے ہیں۔ خودکشی کوئی آپشن نہیں اور واپڈا کے بغیر زندگی عین ممکن ہے۔ کوشش کر کے اس جذباتی کیفیت سے خود کو نکالیے!

بجلی کے ہوشربا بل!



محمد منصور خان
☆☆☆

بجلی کے نرخوں میں طوفانی اضافے کا سلسلہ عالمی مالیاتی ادارے کے ساتھ رواں برس ہونے والے معاہدے کے بعد شروع ہوا۔ مالیاتی ادارے کی جانب سے بجلی کے گردشی قرضوں کے حجم کو کم کرنے کے اقدامات کی شرط ان معاشی شرائط کا حصہ ہے جن پر عمل درآمد کی یقین دہانی پر مالیاتی ادارے سے معاملات طے پائے۔ اس میں دو رائے نہیں کہ گردشی قرضے توانائی کے شعبے کیلئے بھیانک صورت اختیار کر چکے ہیں۔ اس وقت اندازے کے مطابق ان قرضوں کا حجم ڈھائی ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکا ہے۔ 30 فیصد کے قریب پہنچی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے کم اور درمیانی آمدنی والے طبقے کیلئے روزمرہ کی ضروریات کا پورا کرنا ناممکن ہو چکا ہے بجلی کے بے تحاشا اضافی بوجھ نے اس طبقے کو چکرا کر رکھ دیا ہے۔ شہریوں کی جانب سے سخت ردعمل کا اظہار سامنے آیا ہے جو سوشل میڈیا پر حکمرانوں اور پالیسی سازوں کو بددعائیں دیتے نظر آئے۔ عوام بجا طور پر اس امر کا شکوہ کر رہے تھے کہ وہ پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں ان کیلئے بچوں کی فیس ادا کرنا اور دو وقت کی روٹی کھانا بھی مشکل ہو چکا ہے گھروں کے کرائے ادا کرنے کی بھی ان میں سکت نہیں رہی اور ادویات کی قیمتیں بھی ان کی پہنچ سے باہر نکل چکی ہیں۔ اب حکومت بجلی کے نرخوں میں مزید اضافہ کر کے انہیں قبرستان کی جانب ہی دھکیل رہی ہے۔ نیپرا نے اب سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے نام پر بجلی کے نرخ ساڑھے چار روپے فی یونٹ تک مزید بڑھانے کی منظوری دے دی ہے۔ اب خبر ہے کہ جلد بجلی کی فی یونٹ قیمت 90 روپے ہو جائے گی۔

بھارت میں ایک یونٹ بجلی کی قیمت 17 روپے اور بنگلہ دیش میں 13 روپے، افغانستان میں 8 روپے اور ایران میں 10 روپے ہے یہ تخمینہ پاکستانی کرنسی کے حساب سے ہے۔ اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یو این ڈی پی نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا ہے کہ پاکستانی حکومت ہر سال اشرافیہ کو ساڑھے سترہ ارب ڈالر کی مراعات و سہولیات مہیا کرتی ہے۔ یہ نہایت حیرت انگیز اور افسوسناک بات ہے کہ جو ملک ایک ایک دو دو ارب ڈالر کیلئے کشکول لے کر دنیا بھر کے ملکوں اور اداروں کے آگے ہاتھ پھیلا رہا ہے وہاں ایک طبقے کو ساڑھے سترہ ارب ڈالر کی مراعات و سہولیات دی جاتی ہیں۔ بجلی کے ٹیرف کا تعین نیپرا کرتا ہے، نیپرا نے قیمت کے تعین کیلئے تین معیارات مقرر کر رکھے ہیں۔ ایندھن کی قیمت، زر مبادلہ کی شرح اور قرضوں پر شرح سود اور ان تینوں چیزوں میں اضافہ ٹیرف بڑھنے کا لازمی سبب بنتا ہے۔ اگر کھپت زیادہ ہو تو کپیسٹی چارجز میں کمی سے ٹیرف کم ہوتا ہے۔ ملک اس حال کو پہنچ چکا ہے کہ آج خانہ جنگی کے سے حالات پیدا ہو گئے ہیں۔ اس صورتحال کی بڑی وجہ یکے بعد دیگرے حکومتیں بنانے والی سیاسی جماعتیں پوری طرح ذمہ دار ہیں۔ یہ جماعتیں حکومت حاصل کرنے کیلئے کسی بھی حد تک جانے کو تیار رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی طرف سے سرکاری افسران اور اشرافیہ کو ایسی مراعات اور سہولیات دی جاتی ہیں جن کا دنیا کے کسی بھی ملک میں کوئی تصور نہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ جب تک یہ مراعات و سہولیات کلی طور پر ختم نہیں کی جاتیں تب تک ملک کو مستحکم نہیں بنایا جا سکتا۔ بجلی کے بلوں میں غیر معمولی اضافے کے خلاف ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے جا رہے ہیں۔ مختلف شہروں میں بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں کے عملے پر تشدد کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ 2022ء میں واپڈا سے وابستہ سرکاری اداروں کے 189000 ملازمین نے 8 ارب 19 کروڑ روپے مالیت کی بجلی مفت استعمال کی۔ پی ڈی ایم حکومت کے گزشتہ 15 ماہ میں 500 ارب روپے کی بجلی چوری ہوئی۔ صرف شعبہ توانائی کے ریگولیٹر ادارے نیپرا کے مطابق سرکاری ملازمین نے ایک برس میں 34 کروڑ 46 لاکھ یونٹس بجلی استعمال کی۔ فرینک ٹھیڈٹ ایک جرمن الیکٹریکل انجینئر تھا جو جنرل مشرف کے دور میں کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کا چیئرمین بنایا گیا۔ بجلی چوری روکنے کیلئے اسکو ٹاسک دیا گیا کہ دیکھا جائے کہ کون کون بجلی چوری میں ملوث ہے۔ چھ مہینے تک کراچی اور اسکے مضافات کا سروے کر کے ایک رپورٹ وفاقی حکومت کے پاس بھجوائی گئی کہ پچاس فیصد حکومتی ادارے خود بجلی چوری میں ملوث ہیں، چالیس فیصد صنعت کار یعنی انڈسٹریلسٹ چوری کر رہے ہیں اور دس فیصد کچی آبادیاں اور غریب طبقہ بجلی چوری میں ملوث ہے اور حکومت چاہتی ہے کہ پکڑ دھکڑ کی ابتدا غریب اور کچی آبادیوں سے شروع کی جائے۔ پھر وہ اس ملک کو خیرباد کہہ کر جرمنی چلا گیا اور جاتے جاتے کہہ گیا کہ اس ملک میں محکمہ حکومتی ادارے اور صنعت کار کرتے ہیں اور گرا غریب کو دیا جاتا ہے۔ مفت بجلی بند ہونی چاہیے۔ چاہے صدر، وزیراعظم، وزیروں، ججز، جرنیل، افسر شاہی، واپڈا یا دوسرے بجلی کے محکمے کے ملازمین اور پارلیمنٹیرین وغیرہ ہوں۔ ایک یونٹ بھی فری نہ دیا جائے۔ آئی پی پیز سے معاہدے ختم ہونے چاہئیں کہ یہ سب فراڈ پر قائم ہیں۔ ان کے مالکان کے اوپر ایف آئی آر درج کر کے انہیں گرفتار کرنا چاہیے۔ ملک میں فرنس آئل اور امپورٹڈ کوئلہ سے بجلی بنانے پر پابندی لگائی جائے۔ بجلی کی چوری عام طور پر محکمہ کی سہولت کاری سے ہوتی ہے۔ اس پر سخت ترین سزائیں دی جائیں۔ ہر سال تقریباً 500 ارب روپے کی چوری ہوتی ہے۔ عوام کو بلا سود آسان شرائط پر سولر پینل اور تکنیکی مدد فراہم کی جائے۔ بجلی 500 یونٹ تک استعمال کرنے والوں کو حکومت سبسڈی دے۔ یہ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے کہ ملک اور عوام کے مسائل کی بڑی وجہ اشرافیہ کو دی جانے والی مراعات اور سہولیات ہیں جو قومی خزانے پر بھاری بوجھ ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ فی الفور ان مراعات و سہولیات میں مناسب کمی کرے اور اس کمی سے جو رقم حاصل ہو اسے عوام کو ریلیف دینے پر خرچ کیا جائے۔ اگر حکومت نے اس موقع پر بھی ہوش کے ناخن نہ لیے تو وہ وقت دور نہیں جب ملک میں حالات بہت زیادہ بگڑ جائیں گے اور عوام کا غم و غصہ اس نہج پر پہنچ جائے گا جہاں کوئی بھی اسے قابو نہیں کر سکے گا۔

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

سید مودودیؒ سے سراج الحق تک



مارگلہ
☆☆☆
نواز رضا

82 سال قبل کی بات ہے مفکر اسلام سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کی دعوت پر نقل مکانی کر کے پنجاب کے دل لاہور میں ڈیرہ لگا لیا اور عمر بھر اسی شہر میں رہے۔ 26 اگست 1941ء کو اسلامیہ پارک میں 75 چیدہ چیدہ شخصیات نے مل کر اسلامی تحریک کی بنیاد رکھی، اس کا نام جماعت اسلامی رکھا گیا۔ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کو پہلا امیر منتخب کرایا گیا وہ 31 سال تک جماعت اسلامی کے بلا شرکت غیرے امیر رہے جن شخصیات کو سید مودودیؒ کی قربت حاصل رہی ان کا جماعت اسلامی اور معاشرے کے اندر مقام رہا ہے، آج بھی جماعت اسلامی کے ارکان کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی تھی لیکن سید مودودیؒ کی شخصیت کا بڑا دبدبہ تھا وہ اپوزیشن کی تحاریک کے روح رواں رہے۔ ایوب خان کی آمریت ہو یا ذوالفقار علی بھٹو کی فسطائیت یہ سید مودودیؒ ہی کی شخصیت تھی جس نے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کی، ختم نبوت کی تحریک میں جن دو شخصیات کو سزائے موت سنانے کا حکم سنایا گیا ان میں ایک سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ اور دوسرے مولانا عبدالستار نیازیؒ تھے جماعت اسلامی نے 1946ء کے انتخابات میں یونینسٹ پارٹی کے مقابلے میں آل انڈیا مسلم لیگ کی حمایت کی۔ قیام پاکستان کے بعد قائداعظمؒ نے سید مودودیؒ کو ریڈیو پاکستان پر "پاکستان میں اسلامی نظام" سے آگاہی پر لیکچر دینے کی ذمہ داری سونپی آج جماعت اسلامی، پاکستان کی سب سے منظم جماعت ہے جس کے ارکان کی تعداد 46 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے، جماعت اسلامی کی اسٹریٹ پاور سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا، ملین مارچ ہو یا لانگ مارچ جماعت اسلامی نے اپنی سیاسی قوت کو منوایا ہے ملک میں سیلاب کی تباہ کاری ہو یا زلزلہ میں بستیاں صفحہ ہستی سے مٹ جائیں ہر جگہ جماعت اسلامی کے کارکن الخدمت کی شکل میں نظر آتے ہیں عام آدمی ہو یا کوئی صاحب ثروت اس کا تعلق کسی بھی سیاسی جماعت سے ہو وہ الخدمت کو ہی عطیات دیتا ہے لیکن انتخابات میں جماعت اسلامی کو تعلیم یافتہ بستیاں یا مذہبی علاقوں کے سوا دیگر مقامات سے حوصلہ افزا ووٹ نہیں ملتے ممکن ہے جماعت اسلامی کے اعلیٰ فورم پر اس پہلو پر سیر حاصل گفتگو ہوئی ہو شاید یہی وجہ ہے کہ جماعت اسلامی نے اتحادوں کی سیاست کو خیرباد کہہ دیا ہے، جماعت اسلامی کی اعلیٰ قیادت کا موقف ہے کہ جماعت اسلامی کو انتخابی اتحادوں کی سیاست نے سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے جب تک جماعت اسلامی آئی جے آئی کے پلیٹ فارم پر مسلم لیگ (ن) کی اتحادی جماعت رہی دونوں نے اس کے ثمرات سے فائدہ اٹھایا، اسی طرح جب دو متحدہ مجلس عمل کے پلیٹ فارم پر جمعیت علما اسلام کی اتحادی جماعت رہی مذہبی ووٹ منقسم نہ ہوا اس اتحاد کا زیادہ فائدہ جمعیت علما اسلام نے اٹھایا تو جماعت اسلامی اسی وجہ سے متحدہ مجلس عمل سے الگ ہو گئی اور سولو فلائٹ کا فیصلہ کیا۔ اب جماعت اسلامی ملکی سیاست میں تیسری قوت بن کر ابھرنے کی کوشش کر رہی ہے، جماعت اسلامی مسلم لیگ (ن) کی فطری طور پر اتحادی جماعت ہے لیکن مسلم لیگ (ن) کے اندر "روشن خیال" عناصر دائیں بازو کی جماعت کا بوجھ اٹھانے کیلئے تیار نہیں اور وہ اپنے آپ پر روشن خیالی کی "تہمت" لگانے پر فخر کرتے ہیں دوسرے یہ کہ وہ جماعت اسلامی کے بڑھتے "مطالبات" کے سامنے سر تسلیم کرنے پر تیار نہ تھے۔ مسلم لیگ (ن) کے روشن خیال عناصر نے طے شدہ ایجنڈے کے تحت دونوں جماعتوں کے درمیان فاصلے بڑھا دیئے، جماعت اسلامی اور مسلم لیگ (ن) آئی جے آئی میں اکٹھے رہے ہیں جب کہ جمعیت علما اسلام بوجوہ الگ تھی۔ جماعت اسلامی اور جمعیت علما اسلام متحدہ مجلس عمل کا حصہ تھیں تو دونوں مسلم لیگ (ن) سے دور تھیں، جماعت اسلامی کا نظم و نسق مثالی رہا ہے ماسوائے گیٹ میں نکتہ نظر کا اختلاف، جماعت اسلامی کو تقسیم نہ کر سکا سید مودودیؒ جماعت اسلامی کو سیاسی تحریک کے طور پر آگے لے کر جانا چاہتے تھے لیکن کچھ شخصیات اسے محض دعوتی تحریک تک محدود رکھنا چاہتی تھیں ڈاکٹر اسرار احمد، ارشاد حقانی، مصطفیٰ صادق اور امین احسن اصلاحی جماعت اسلامی سے الگ تو ہو گئے لیکن جماعت اسلامی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا یا اسی طرح قاضی حسین احمد کی امارت میں جماعت اسلامی کے اندر "بغاوت" ہوئی لیکن یہ سب کچھ صرف قاضی حسین احمد کے طرز سیاست کے خلاف ردعمل تھا۔ حکیم محمود احمد سرو سہارنپوری نے اپنی سرگرمیاں اصلاح معاشرہ تک محدود رکھیں اور یہ تحریک ان کی زندگی تک ہی قائم رہی جماعت اسلامی میں انتخابات کیلئے امیدوار بننا "جرم" تصور کیا جاتا تھا لیکن شاید اب یہ کچھ تبدیل ہو گیا ہے اب جماعت اسلامی کا ٹکٹ ہولڈر بننے کے لئے اپلائی کرنا معیوب نہیں سمجھا جاتا اسلام آباد میں ہمارے ایک دوست نے جماعت اسلامی کے ٹکٹ کے لئے "عمارت" تک قربان کر دی اور ایک ایسی جماعت جائن کر لی جو ان کی سیاسی سوچ سے دور دور تک مطابقت نہیں رکھتی تھی سید ابوالاعلیٰ مودودی، میاں طفیل محمد، قاضی حسین احمد، سید منور حسن، اور سراج الحق علی الترتیب ووٹ کی پرچی سے امیر جماعت اسلامی منتخب ہوئے۔ اتحادوں کی سیاست میں ہمیشہ جماعت اسلامی نے سیکرٹری جنرل کے عہدے کو ترجیح دی۔ جماعت اسلامی کا انتظامی ڈھانچہ اس قدر مضبوط ہے کہ اس میں شگاف ڈالنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوئی جماعت اسلامی میڈیا یا ایک محاذ پر ایک متحرک جماعت سمجھی جاتی ہے امیر العظیم کے بعد قیصر شریف میڈیا کے محاذ پر سرگرم عمل ہیں صفدر چوہدری مرحوم کی کمی پوری کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن جس تیزی سے سوشل میڈیا کا رول بڑھا ہے مالی وسائل رکاوٹ بن رہے ہیں۔ 2013ء کے انتخابات میں جماعت اسلامی ساڑھے دس لاکھ ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی لیکن پچھلے 10 سال میں جماعت اسلامی کے ووٹ بینک میں خطرناک حد تک کمی آئی ہے جماعت اسلامی کی اسٹریٹ پاور میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ امیر جماعت اسلامی کی اپیل پر چند گھنٹوں میں کلمہ طیبہ کے پرچم اٹھائے کارکن سڑکوں پر نکل آتے ہیں جماعت اسلامی کا یہ طرہ امتیاز ہے۔ سید مودودیؒ سے لے کر سراج الحق تک جتنے امراء منتخب ہوئے لوگ ان کی دیانت داری اور پاک دامنی کی قسمیں اٹھاتے ہیں۔ (جاری ہے)

تعصب اور نفرت کی آگ



نذیر ڈھوکی
☆☆☆

جھوٹ، جھوٹ متواتر جھوٹ بول کر لوگوں کو گمراہ کرنے کا دھندہ ابھی جاری ہے، بھٹو سے حسد کرنے والوں کو کون سمجھائے کہ عمران نیازی کی گرفتاری سے بھٹو کا کیا تعلق؟ کیا عمران نیازی کو صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جیل میں ڈالا ہے؟ جو عمران خان کی ہمدردی میں ٹسوے بہاتے ہوئے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید سے نفرت کا اظہار کر رہے ہو۔ معروف شاعر افتخار عارف نے 4 اپریل 1978 کو کہا تھا

بولتی آنکھیں چپ دریا میں ڈوب گئیں
شہر کے سارے تہمت گر خاموش ہوئے

کیا واقعی تہمت گر خاموش ہو گئے ہیں یا انہوں نے تہمت گری کے ذریعے عوام الناس کو گمراہ کرنے کو اپنا دھندہ بنا لیا ہے۔ دراصل ایک سوچ تقریباً نصف صدی سے عوامی شعور کے خلاف مہم جوئی میں مصروف ہے عوام کے شعور کو کچلنے کے لیے کبھی تعصب دار مچائے گئے تو کبھی لسانی اور فرقہ وارانہ تعصب کے کانٹوں کی آبیاری کی گئی۔ کبھی نرسری میں سیاستدان اگائے گئے تو کبھی جہاد کے نام پر شدت پسندوں کی آبیاری کی گئی۔ میرا صرف ایک ہی سوال ہے کہ اگر قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید کی ملک کیلئے خدمات کو فراموش کیا جائے تو ہمارے پاس فخر کرنے کیلئے بچتا ہی کیا ہے؟

ہم پاکستان کی ایٹمی قوت پر فخر کرتے ہیں مگر بھول جاتے ہیں اس کے بانی بھٹو شہید ہیں، ہم 1973 کے آئین کا حلف لیتے ہیں مگر بھول جاتے ہیں کہ قوم کو آئین کا تحفہ دینے والا کون ہے؟ ہیوی مشینری فیکٹری اور ایروناٹیکل کمپلیکس بھی بھٹو شہید کی ہی تو نشانیاں ہیں۔ چاروں صوبوں میں میڈیکل کالج یونیورسٹیوں اور کیڈٹ کالجز کا قیام بھی بھٹو شہید کے کارنامے ہیں۔ جی ہاں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے پاکستان کے ہر شہری کو پاسپورٹ بنوانے کا حق دیا جس کی وجہ سے آج کروڑوں پاکستانی دنیا بھر میں آباد ہیں۔ آج اگر ہر پاکستانی کو ووٹ کا حق حاصل ہے تو یہ بھی بھٹو شہید کا کارنامہ ہے۔ زرعی اصلاحات ہوں یا لیبر اصلاحات یہ بھی شہید ذوالفقار علی بھٹو کا کارنامہ ہے۔ ہم کیسے بھول سکتے ہیں کہ پاکستان اسٹیل ملز بھی شہید بھٹو کا ہی تحفہ ہے۔

سوال یہ ہے کہ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید 20 دسمبر 1971 میں اقتدار میں آئے ساڑھے چار سال کے دوران انہوں نے تاریخ ساز کام کیے ان کے پاس وقت کب تھا کہ کسی گمنام مخالف کو انتقام کا نشانہ بناتے؟ میں نے بہت سارے انقلابیوں کی لکھی ہوئی کتابیں پڑھی ہیں مگر کسی نے غریبوں کی حالت بدلنے کی بات نہیں کی مگر قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے ضرور کی انہوں نے کہا کہ "یہ قدرت کا قانون نہیں ہے کہ غریب ہمیشہ غریب ہی رہے" حقیقت یہ ہے کہ بھٹو شہید نے طبقاتی نظام کے بخیے ادھیڑ دیئے تھے۔ قائد عوام شہید نے سیاست کو محلات سے نکال کر عوام کے درمیان لا کھڑا کر دیا۔ دنیائے اسلام کے ہیرو شاہ فیصل شہید، شیخ زاید بن سلطان، شاہ حسین اور یاسر عرفات ان کے عشاق تھے۔ کون بھول سکتا ہے کہ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے اسلامی ممالک کے درمیان رنجشیں ختم کر کے انہیں لاہور میں اکٹھا کیا تھا، یہاں بھٹو شہید ہی تھے جنہوں نے کہا تھا کہ وائٹ ہاؤس میرے قدموں کے نیچے ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو ملک کو ایٹمی طاقت بنانا چاہتے تھے وہ ایٹم بم کے ذریعے پاکستان کو زرعی، زراعت اور صحت کے شعبے میں ملک کو سپر طاقت بنانا چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہم گھاس کھا لیں گے مگر ملک کو ایٹمی طاقت ضرور بنائیں گے۔ مگر ہوا کیا ان کے خلاف سازشوں کے جال بنے گئے، پی این اے یعنی پاکستان قومی اتحاد جوڑا گیا، ڈالروں نے چمک دکھائی اور اقتدار کے تمنائیوں نے اپنے ہی ملک پر قبضہ کیا اور پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کی جستجو کرنے والے قائد عوام بھٹو شہید کو تختہ دار پر لے جا کر یہ باور کرایا گیا کہ یہ وہ جگہ ہے جہاں گھاس نہیں اگتی۔

حقیقت تو یہ ہے کہ 4 اپریل 1979 کو قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید کا قتل نہیں ہوا پاکستانی قوم کو تختہ دار پر چڑھایا گیا تھا، قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے قوم کو مضبوط تر بنایا تھا مگر اقتدار کے لالچیوں نے پاکستانی قوم کو برادری، زبان اور فرقہ واریت میں تقسیم کر دیا۔ میرا سوال یہ ہے کہ بھٹو شہید سے نفرت کی بنیاد پر کب تک قوم کو گمراہ کرنے کی مشقت جاری رہے گی؟ یہ بات طے ہے کہ لیڈر ہمیشہ پیدا ہوتے ہیں۔ وہ قوم کی تقدیریں بدلتے ہیں۔ مقتل میں جا کر قوم کے سامنے سرخرو ہو کر زندہ جاوید بن جاتے ہیں۔ ان کی ابدی آرامگاہ پر کروڑوں لوگ آ کر حاضری دیتے ہیں۔ گملے میں اگائے ہوئے سیاستدانوں کو حکمران تو بنایا جا سکتا ہے مگر وہ لیڈر کبھی نہیں بن سکتے۔

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

مراسلات

عوام کے مسائل

احمد وقاص ریاض
☆☆☆

صبح کے اوقات میں گھر سے نکلیں تو سڑکوں پر کاروبار، ملازمت اور اسکول کالج جانے والے طالب علموں کا رش ہوتا ہے۔ کام پر جاتے ہوئے فوجی بھرتی کے مرکز کے سامنے سے گزرنے کا اتفاق ہوتا ہے جہاں مہینے میں چند روز دور دراز سے نوعمر بچے بچیاں فوجی بھرتی کے ابتدائی ٹیسٹ وغیرہ دینے آتے ہیں۔ آج بھی گزرتے ہوئے کثیر تعداد میں بچے بچیوں کو اپنے والدین یا بھائیوں کے ہمراہ بھرتی مرکز کے باہر دیکھا تو دو روز قبل شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں اور ان کے پیاروں کے دکھ کا احساس کر کے دل سوگوار ہو گیا مگر حوصلہ بھی ہوا کہ وطن کیلئے جانیں قربان کرنے کا جذبہ رکھنے والوں کی تعداد میں کمی نہیں ہوئی۔ اسی سڑک پر کچھ فاصلے پر ایک ایلیٹ کلاس کے بچوں کا پرائیویٹ اسکول ہے جہاں سینکڑوں گاڑیاں بچوں کو اسکول لانے لیجانے پر مامور ہیں۔ چھٹی کے ٹائم اسکول کے سامنے مین سڑک پر ٹریفک بلاک ہو جاتی ہے مگر اسکول انتظامیہ اور اس طرح کے تمام اسکول جہاں بچوں سے لاکھوں روپے فیسوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے وصول کیے جاتے ہیں مناسب پارکنگ اور ٹریفک کی روانی کیلئے چند ہزار کے ہیلپر رکھنے کو تیار نہیں، حکومت کو چاہیے کہ تمام بڑے تعلیمی اداروں کو پابند کرے کہ بچے پرائیویٹ گاڑیوں پر اسکول کالج آنے کے بجائے خصوصی منی بسوں اور ویگنوں میں پک اینڈ ڈراپ ہوں۔ سوا کروڑ سے زائد آبادی والے بے ترتیب شہر لاہور کیلئے سرکاری ٹرانسپورٹ ناکافی ہے اور عوام کی اکثریت کی سفری ضروریات پرائیویٹ بسوں، ویگنوں اور رکشوں وغیرہ سے پوری ہوتی ہیں تاہم پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں لگاتار اضافے نے تعلیمی اداروں اور دفاتر جانے والے لوگوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، سڑکوں اور چوراہوں پر مرد و خواتین اور طالب علم منی بسوں اور رکشہ چلانے والوں سے کرائے پر بحث کرتے دکھائی دیتے ہیں جبکہ موٹر سائیکل سوار معاشی مشکلات کی وجہ سے محض ایک دو لیٹر پٹرول ڈلواتے ہیں اور اکثر تیل ختم ہونے پر موٹر سائیکل لٹا کر پٹرول کے چند قطرے انجن تک پہنچانے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ شہروں میں بے ہنگم ٹریفک کا یہ حال ہے کہ ٹریفک قوانین کی پابندی صرف موٹر سائیکل سواروں کے ہیلمٹ اور کمرشل ٹرانسپورٹ کو چیک کرنے کی حد تک رہ گئی ہے۔ لین ڈسپلن اور مقررہ رفتار کی پابندی سے ڈرائیور حضرات مبرا ہیں اور ٹریفک پولیس اہلکار بھی کام کی زیادتی اور ٹریفک لوڈ کی وجہ سے بے بس نظر آتے ہیں۔ چند روز قبل شہر کی مصروف شاہراہ پر ایک افسوسناک حادثہ رونما ہوا۔ کسی کالج کی طالبہ بس میں سوار ہونے کیلئے سڑک عبور کرنے لگی اور گاڑیوں کے راستہ نہ دینے کی وجہ سے سڑک کے بیچ تیز رفتار موٹر سائیکل سے ٹکرا کر شدید زخمی ہو گئی۔ بروقت ایمرجنسی وارڈ پہنچنے سے اس کی جان تو بچ گئی مگر اس کا تعلیمی سمسٹر ضائع ہو گیا۔ مہذب معاشروں اور ترقی یافتہ ملکوں میں کوئی شخص سڑک عبور کرنے لگے تو دونوں طرف سے ٹریفک رک جاتی ہے اور راستہ دینے والوں کو پیچھے والے ہارن بجا کر اپنی خفگی کا اظہار بھی نہیں کرتے۔ ملک میں بدترین معاشی حالات کے باوجود سرکاری سطح پر وسائل اور گاڑیوں کا بے دریغ استعمال جاری ہے، اعلیٰ حکومتی عہدیداران مہنگی گاڑیوں میں سفر کرتے دکھائی دیتے ہیں جو ایک مقروض ملک کیلئے شرم کا باعث ہے۔ امریکہ، کینیڈا اور دوسرے مغربی ممالک میں صرف محکمے کے انچارج، سیکرٹری یا کمشنر کے پاس سرکاری گاڑی ہوتی ہے باقی تمام افسران و اسٹاف ذاتی گاڑیاں یا پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرتے ہیں۔ عوام کو بجلی، پٹرول، گیس، پانی وغیرہ کی مد میں ریلیف دینا تو شاید حکومت کے بس کی بات نہیں مگر مفت مراعات ختم کر کے اور تیرہ سو سی سی سے بڑی تمام سرکاری گاڑیاں نیلام کر کے حاصل کی گئی رقوم عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر دی جائے تو شاید غریب عوام کے دکھوں کا کچھ مداوا ہو جائے۔

لاہور اور دوسرے شہروں میں مختلف مقامات پر صاحب ثروت حضرات کی طرف سے مفت کھانے کے مراکز پر طویل قطاریں دیکھنے کو ملتی ہیں جن میں مختلف پرائیویٹ اداروں کے ملازم اور سیکورٹی گارڈ بھی کھڑے نظر آتے ہیں۔ امیر لوگوں کی دولت اور حیثیت میں جائز ناجائز طریقے سے حیرت انگیز اضافے اور متوسط طبقے کو غربت کی طرف دھکیلے جانے سے ملک بحرانی کیفیت سے دوچار ہوتا نظر آ رہا ہے۔ کمزور معیشت، مستقبل سے متعلق بے یقینی، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، کاروباری بندش، سیاسی محاذ آرائی اور آبادی میں بے تحاشا اضافہ جس کی وجہ سے خوراک کا بحران وغیرہ وہ چند فیکٹر ہیں جن پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اندرونی و بیرونی سازشوں کی ٹارگٹ ہماری ریاست کو فوری راست اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ نئے وسائل پیدا کرنا، امن و امان کی صورت حال بہتر بنانا، خواتین اور اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ بھی ریاست کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ان حالات کو بہتری کی طرف لانے کیلئے مخلص، ایماندار اور محب وطن لیڈر شپ کی ضرورت ہے ورنہ حالات گمان سے زیادہ بدتر ہو سکتے ہیں۔

(صاحب مضمون سابق وزیر اطلاعات پنجاب ہیں)

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

سید علی گیلانی کی دوسری برسی



عارف الحق عارف
☆☆☆

بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی کیلئے زندگی کی آخری سانسوں تک ۹۳ سال کی ضعیف العمری کے باوجود جدوجہد کرنے والے قائد تحریک کشمیر اور بطل جلیل سید علی گیلانی کا یکم ستمبر کو دوسرا یوم شہادت تھا۔ اس موقع پر مقبوضہ کشمیر اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی کی جدوجہد کے اس عظیم قائد کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں البتہ اس سلسلے میں سید علی گیلانی کو خراج عقیدت، میری نظر میں شہید کے شایان شان قرار نہیں دیا جا سکتا جس کو وزارت خارجہ اور وزارت اطلاعات کی کم فہمی اور کشمیریوں کی ۹۳ سالہ جدوجہد آزادی سے لاعلمی ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ ان تیاریوں کا پول ہمارے ایک کشمیری دانشور اور جدوجہد کشمیر کے ایک مجاہد امام مسعودی نے اپنے ایک وی لاگ میں بڑے دکھ بھرے انداز میں پیش کیا ہے جس کو ہم ان کی زبانی پیش کر رہے ہیں وہ "Imam Masoodi is feeling disappointed in Islamabad" کے کیپشن کے ساتھ کہتے ہیں کہ "ایک منٹ مجھے تھوڑا سا پانی لینے دیں تاکہ میں اپنی Frustration (پریشانی) اور Anxiety (تشویش) کو کچھ calm down (کچھ کم) کر سکوں۔ السلام علیکم جی! بہت معذرت کہ شروع ہی میں مجھے یہ انداز اختیار کرنا پڑا۔ بات ہی کچھ ایسی ہے کہ مجھے بڑا دھچکا لگا اور دکھ محسوس ہوا تو میں نے مناسب سمجھا کہ جلدی سے کسی جگہ پہنچوں اور جو تشویش ہے وہ آپ تک پہنچاؤں تاکہ اس کے نتیجے میں کوئی تاثر قائم ہو سکے۔ بات یہ ہے کہ آپ سب جانتے ہیں کہ دو دن بعد سید علی گیلانی علیہ رحمت کا دوسرا یوم شہادت ہے میں اپنے ایک دوست کے ڈپلومیٹک انکلیو میں چھوڑنے گیا وہاں جاتے ہوئے اور واپس آتے ہوئے میں نے دیکھا کہ سید علی گیلانی کے (یوم شہادت) حوالے سے ہورڈنگز، سائن بورڈز اور بینرز وغیرہ لگے ہوئے ہیں۔ خوشی محسوس ہوئی لیکن بڑی شدت سے یہ بھی محسوس ہوئی کہ ان پر جو کچھ تحریر کیا گیا ہے، وہ کوئی خاص نہیں، عام سا مواد ہے، عام سا سلوگن ہے جس لیول کی وہ شخصیت (سید علی گیلانی) تھے اس لیول کا مواد یا تحریر مجھے وہاں نظر نہیں آئی جس سے شدید مایوسی ہوئی۔ بڑی تشویش ہوئی کہ کنونشن سنٹر کے باہر ایک گلوب (دنیا کا نقشہ) لگا ہوا ہے۔ گلوب ذرا سا (Tilt) جھکا ہوا ہونا چاہیے لیکن کسی وزیر اعظم کے کہنے پر اسے سیدھا بنا دیا گیا۔ اس کے سامنے جو ہورڈنگ تھا، اس پر سید علی گیلانی کی تصویر کے ساتھ جو کچھ لکھا ہوا تھا اس پر مجھے تشویش ہوئی اس پر انگریزی میں لکھا تھا "The man who hated India" (اس شخص نے انڈیا سے نفرت کی) ارے بھائی! آپ کو علی گیلانی کو (ان کی جدوجہد آزادی کو اجاگر کرنے کے بجائے) انڈیا سے نفرت کرنے والا دکھا کر کیا ملے گا؟ وہ شخص (علی گیلانی) جس نے اپنی زندگی کی 60 بہاریں قید و بند کی صعوبتوں میں گزاریں۔ ۹۰/۸۰ سال کی عمر میں وہ کشمیر کی آزادی کیلئے لڑتا رہا، کبھی ایک بار بھی اس نے اپنے ہاتھ میں گن نہیں اٹھائی، کسی بے گناہ کو مارنے کا حکم نہیں دیا، فوج کے ساتھ مزاحمت کی۔ انہوں نے کشمیریوں کو سیاسی اور سماجی جدوجہد کیلئے ابھارا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ (مقبوضہ کشمیر) اسمبلی کے ممبر رہے۔ انہوں نے (جدوجہد آزادی کیلئے) جمہوریت کا راستہ اختیار کیا۔ آخر جب کشمیری قوم مجبور ہو گئی تب بھی انہوں نے کسی بے گناہ کے خون کو سپورٹ نہیں کیا۔ وزارت خارجہ میں بیٹھے لوگو، وزارت اطلاعات میں بیٹھے ہوئے لوگو۔ (یہ آپ نے کیا کیا)۔ خدا کیلئے یہ طرز عمل بند کرو، بہت ہو گئی، آپ کو کوئی کام نہیں آتا تو کسی ماہر سے مشورہ کر لو، ہم جیسے والنٹیئر (رضا کار) سے جو میڈیا یا منصوبہ بنانے کے طالب علم ہیں، ہم رضا کارانہ طور پر Campaign ڈیزائن کرنے کا طریقہ بتا دیتے۔ میں آخر میں اپیل کرتا ہوں ان بااثر لوگوں اور ٹی وی اینکرز سے، جن کی آواز سنی جاتی ہے، ایسے مواقع پر کشمیر کے نام پر جو کچھ بھی کیا جا رہا ہو، اس کو دیکھیں، سنیں اور اس Campaign کو درست کرنے کیلئے اپنی آواز فیصلہ کرنے والوں تک پہنچائیں۔" کتنی مایوسی اور دکھ ہے ہمارے کشمیری دانشور کی ان باتوں اور اپیل میں کہ ہم پاکستانی جن کو سید علی گیلانی اپنا وطن قرار دیتے رہے اور کہتے رہے کہ کشمیر پاکستان کا فطری حصہ اور اس کی شہ رگ ہے جس کے پرچم کو پاکستان کے یوم آزادی اور یوم قرارداد پاکستان کے موقع پر بلند کرتے رہے اور کشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق اور آزادی کیلئے پوری عمر جدوجہد کرتے رہے اور جس پاکستان کے پرچم کے ساتھ والہانہ عشق کرتے ہوئے اپنی جان، جان آفرین کے سپرد کر دی اور کشمیر کو پاکستان کا حصہ قرار دلوانے کی خاطر مجموعی طور پر 29 سال سے زیادہ پس دیوار زنداں رہنا پسند کیا۔ ان کے بارے میں یہ جملہ لکھ کر ان کو محض انڈیا سے نفرت کرنے والا بنا کر پیش کیا جائے۔ آپ خود سوچیں کہ کیا سید علی گیلانی جیسے بطل حریت اور مجاہد آزادی کے لیے ایسے الفاظ کا استعمال مناسب ہے؟

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

قرآن کریم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی ﷺ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کیلئے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہوں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

TENDER NOTICE

NO: TN/PROC/2324/0004, 0005 & 0005

1. Sealed Tender(s) are invited from registered reputed manufacturers/suppliers/authorized agents for supply of the following items:

Tender No.	S. No	IT ref No.	Item Name	Tender Basis	Tender Fee (Rs)	Submission Date
0004/ISB	1.	ISB/LIT/22/2324/14	CHAIR, TABLE, CREDENZA, VISITOR CHAIR, DESK, CENTER TABLE, SOFA SEAT.	FOR	2,000	20-09-23
	2.	ISB/LIT/22101315/2324/24	FILE CABINET	FOR	1,000	20-09-23
	3.	ISB/LIT/241315/2324/39	TONER CARTRIDGE	FOR	2,000	20-09-23
	4.	ISB/LIT/2424/2324/40	AIR CONDITIONER	FOR	1,000	20-09-23
	5.	ISB/LIT/241315/2324/55	EXTENSION MODULE, POWER SUPPLY	FOR	2,000	20-09-23
	6.	ISB/LIT/241315/2324/56	TONER CARTRIDGE	FOR	2,000	20-09-23
	7.	ISB/LIT/241315/2324/57	FIREWALL	FOR	2,000	20-09-23
0005/LHR	1.	LHR/LIT/20151011/ 2324/42	Inductor Kit	FOR	1,000	20-09-23
	2.	LHR/LIT/20171113/ 2324/43	Floor Polisher Machine	FOR	2,000	20-09-23
	3.	LHR/LIT/20151011/ 2324/44	Resistor Kit	FOR	1,000	20-09-23
	4.	LHR/LIT/20151011/ 2324/45	Power Supply	FOR	2,000	20-09-23
	5.	LHR/LIT/20171113/ 2324/46	Photostat Paper	FOR	2,000	20-09-23
	6.	LHR/LIT/20151011/ 2324/47	Firewall	FOR	4,000	20-09-23
	7.	LHR/LIT/20151011/ 2324/48	Workstation, Computer, TFT, LED Monitor	FOR	4,000	20-09-23
	8.	LHR/LIT/20151011/ 2324/49	Computer, LED Monitor	FOR	2,000	20-09-23
	9.	LHR/LIT/20151011/ 2324/58	Computer, LED Monitor	FOR	2,000	20-09-23
	10.	LHR/LIT/20151011/ 2324/60	Air Conditioner	FOR	2,000	20-09-23
	11.	LHR/LIT/20171113/ 2324/62	Office Table, Chair, Work Station, Center Table, Corner Table, Coat Hanger.	FOR	2,000	20-09-23
0005/KHI	1.	HQ/LIT/251412/2324/51	PIPE	FOR	2,000	20-09-23
	2.	HQ/LIT/251412/2324/52	HELICOIL INSERT,	FOR	2,000	20-09-23
	3.	HQ/LIT/251412/2324/53	GRINDING WHEEL	FOR	1,000	20-09-23
	4.	HQ/LIT/251412/2324/54	MOISTURE METER	FOR	2,000	20-09-23
	5.	HQ/LIT/101315/2324/59	SOAP	FOR	2,000	20-09-23
	6.	HQ/LIT/101315/2324/61	DETERGENT, DISH WASHING POWDER	FOR	1,000	20-09-23
	7.	HQ/LIT/22121412/2324/63	WORKSTATION	FOR	5,000	20-09-23

2. Tender documents can be downloaded by registered suppliers/firms from our website www.eproc8402.com and offers can be submitted in the light of guidelines provided therein. Technical & Financial Offers may please be submitted at the addresses given/mentioned at page no. 1 of the IT. Please fill the Tender document duly signed & stamped along with covering letter on your firm Letter-Head. Please note that Buyer does not sell hard copies of the Tender documents, unless specified so.
3. Proposals/Bids/Offers must be submitted on the given submission date against tender latest by 1400 hours. The opening of bid(s) will be carried out at 1430 hours on the respective submission date.
4. Tender Notice is also available at PPRA website www.ppra.org.pk.
5. The organization reserves the right to reject all bids under proviso provided under rule No. 33 of PPP Rules, 2004.
6. Incomplete, conditional, ambiguous or doubtful Proposals/Bids/Offers will not be considered.
7. All bidders shall abide by the Terms & Conditions attached with the tender form.
8. For any queries please contact on Phone No: 92-21-99241765-79 Ext: 2803, 2805, 2810, 2816.

Note: Please submit the Tender fee through our MCB online account (Account details are available on our website) from any online MCB branch in Pakistan and attach its original receipt with Technical Quotation.

Sd/-
Director General Logistics
P.O. Box: 8402, Karachi-75270

PID(K)699/2023

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، شہید بے نظیر آباد بمقام نوابشاہ

نمبر BISE/STORE/SBA/-485 مورخہ 29/اگست 2023

نیلامی نوٹس

ردی کاغذات یعنی پرانے / استعمال شدہ آنسر اسکرپٹس (20 صفحات) آنسر اسکرپٹس برائے پریکٹیکلز (04 صفحات) جوابی اسکرپٹس برائے کلیمنٹس (04 صفحات) سائز "8.8"X11.2 بابت SSC/HSC پارٹ I&II سالانہ امتحانات 2022 کے اور دیگر اشیاء کی فروخت کیلئے نیلام عام 18-09-2023 کو سہ پہر 02:00 بجے بورڈ کی پریمیسز میں ہوگا۔ قابل نیلام میٹریل "جیسا ہے اور جہاں ہے" کی بنیاد پر کسی یوم کار پر دفتری اوقات کے دوران ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

شرائط وضوابط:

دلچسپی کے حامل اشخاص / پارٹیز نیلامی کے یوم دوپہر 1:30 بجے تک -/2000 روپے (ناقابل واپسی) بطور پارٹیسپیشن فیس کے چالان کے ساتھ سیکریٹری BISE شہید بے نظیر آباد بمقام نوابشاہ کو سادہ کاغذ پر ایک درخواست دے سکتے ہیں۔

شرکاء کو شرکت سے قبل -/200,000 روپے بشکل ڈیمانڈ ڈرافٹ بطور بڈ منی بنام سیکریٹری BISE شہید بے نظیر آباد بمقام نوابشاہ جمع کرانی ہوگی بڈ منی جمع کرانے میں ناکامی کی صورت میں آکشن کے عمل میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

کامیاب پیشکش دہندہ کو موقع پر ہی پیشکش کردہ ریٹ کا 25% بورڈ کے متعلقہ اکاؤنٹ میں جمع کرانے ہونگے اور پیشکش کی باقیماندہ رقم چیئرمین شہید بے نظیر آباد بمقام نوابشاہ کی جانب سے سب سے اونچے ریٹ کی منظوری کے بعد 03 دن کے اندر قابل ادائی ہوگی۔ جس میں ناکامی پر بڈ منی اور 25% کی شرح سے ڈپازٹ ضبط کر لئے جائینگے۔

بڈ منی مبلغ -/200,000 روپے کامیاب پیشکش دہندہ کی پیشکش کی رقم میں شامل کر لی جائیگی اور ناکام پیشکش دہندگان کو ان کی بڈ منی موقع پر ہی واپس کر دی جائے گی۔

نیلام کردہ میٹریل کو مکمل ادائیگی کے بعد 05 دن کے اندر دفتر ہذا کی پریمسز سے ہٹا لینا ہوگا۔ جس میں ناکامی پر بولی دہندہ کو -/1000 روپے یومیہ سرچارج جمع کرانا ہوگا۔

سرکاری قواعد کے مطابق کامیاب پیشکش دہندہ کو انکم ٹیکس سروسز پر سیلز ٹیکس (SRB) قابل اطلاق ریٹس پر اسٹامپ ڈیوٹی بالترتیب کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

افسر مجاز کو تمام یا کوئی پیشکش مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

دیگر شرائط وضوابط (اگر کوئی ہوئیں) کا اعلان نیلام کے وقت کر دیا جائیگا۔

یہ نیلامی نوٹس بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisesba.edu.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

دستخط...... سیکریٹری

INF-KRY:No.3858/2023

0243-362525

پڑھے گا سندھ۔۔۔۔۔ بڑھے گا سندھ

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

T# 03/23-24

REQUEST FOR PROPOSAL (RFP)

Securities and Exchange Commission Pakistan (SECP) intends to construct its Head Office Building at Mauve Area, G-11/1, Islamabad. SECP Head Office Building will be planned and constructed according to Capital Development Authority (CDA) approved zoning regulations in respect of Public Area Buildings. Estimated covered area of the building is 217,500 sq.ft. comprising of 12 Floors.

SECP intends to hire the services of Engineering/Architectural Consulting Firm for following Project:

Detailed Engineering Design & Construction, Supervision of SECP Head Office Building at G-11/1, Islamabad

SECP invites Proposals from the Engineering Consulting Firms for above mentioned Project who are registered with PEC/PCATP and on Active Taxpayers List of the Federal Board of Revenue. Single Stage Two Envelope procedure as per PPRA Rules will be adopted along with Method of Selection of Consultants "Quality & Cost Based Selection (QCBS)"

The Proposals should be accompanied by bid security (refundable) amounting to Rs.1,000,000 (Rupees One Million) in shape of either pay order, demand draft in favor of the Securities and Exchange Commission of Pakistan. Cheque will not be acceptable. The bid security instrument should be made part of the Technical Proposal.

Complete set of the RFP document containing scope of work, detailed terms and conditions, etc. may be obtained by the interested consulting firms free of cost from SECP's website **https://www.secp.gov.pk/procurement/**.

Pre-proposal Meeting will be held at **1100Hrs on September 08, 2023** at Training Room, 3rd Floor, NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.

Proposals in accordance with the instructions in the RFP document, must reach the tender box at Ground Floor, NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad on or before **September 21, 2023 by 1500Hrs**. Technical Proposal will be opened on the same day at 1530Hrs. This advertisement is also available on PPRA's website at **www.ppra.org.pk** and SECP's website at **www.secp.gov.pk**

PID(I)1344/23

Engr. Anwar Ghani, Project Manager

Securities and Exchange Commission Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue Islamabad
Email: anwar.ghani@secp.gov.pk, Phone : 051-9195551

MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY

e-Bidding System

شفاف، تیز اور جدید

PROPOSALS FOR PRE-QUALIFICATION

04X SPECIAL MAINTENANCE WORKS UNDER AMP 2023-24 (BALOCHISTAN-SOUTH REGION, KHUZDAR)

1. National Highway Authority (NHA) **invites e-Applications** from the Constructors, registered with Income Tax Department and who are on Active Taxpayers List of the Federal Board of Revenue having valid registration with Pakistan Engineering Council in Category **C-4** with Specialization in **C-01 & CE-10** for prequalification of works with following details:

S #	DESCRIPTION	CHAINAGE KM ~ KM	TENDER NUMBER	ENGINEER'S ESTIMATE (RS.)
i.	SPECIAL MAINTENANCE WORKS UNDER AMP 2023-24	36 ~ 40 **(M-8)**	SM-2023-24-BS-1001	36,356,660/-
ii.		53 ~ 58 **(M-8)**	SM-2023-24-BS-1002	34,501,416/-
iii.		85 ~ 87 **(M-8)**	SM-2023-24-BS-1003	33,225,143/-
iv.		101 ~ 102 **(M-8)**	SM-2023-24-BS-1004	21,647,584/-

2. The procurement shall be done through NHA e-Bidding System **www.ebidding.nha.gov.pk**. All Prospective Applicants are required to create their "On-line User Account" for participation in the procurement process. User Guide and video tutorial, illustrating the steps to create "On-line User Account", are available on homepage of NHA e-Bidding website. Access to 'NHA e-Bidding System' will be granted upon submission of pre-requisite documents as per guideline. PQ applications submitted by using NHA e-bidding system will only be considered, whereas other applications will be rejected. User Guide and video tutorial are also available on homepage of NHA e-Bidding website.
3. Prequalification documents, containing detailed terms and conditions can be downloaded free of cost from NHA website **(www.nha.gov.pk)** on **September 11, 2023.** Applicants are also advised to follow the NHA website for updates of schedule and addendum(s), if any.
4. The e-Applications must be prepared and submitted through NHA e-Bidding System in accordance with the instructions provided in the prequalification documents. The hard copy of e-Applications generated through NHA e-Bidding System, must reach at the address mentioned below, on or before **September 20, 2023 @ 1100 Hours.** e-Applications (submitted through NHA e-Bidding System) and the envelope containing hard copy of e-Application, will be opened on the same day at **1130 Hours.**
5. This Advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk.**

DIRECTOR MAINTENANCE (BALOCHISTAN-SOUTH) REGION
National Highway Authority
NHA Complex, Main RCD Highway, Khuzdar
Phone: 0848-412301, Fax: 0848-412390, Email: balsouthkhuzdar@gmail.com

PID(I)1407/23

INDUS RIVER SYSTEM AUTHORITY (IRSA)

INVITATION FOR BIDS FOR SOLARIZATION

For the promotion and development of indigenous renewable energy resources in the country, improving energy mix and to arrest drain of precious foreign exchange on import of fossil fuels, the Government of Pakistan (GoP) has launched multiple solar power initiatives. Solarization of Public Sector Buildings through transparent competitive bidding process in one of the component of these initiatives.

Indus River System Authority (IRSA) invites bids for the "Design, Supply, Installation, Testing & Commissioning of net-metering based Solar PV Systems" at their premises from the certified installer under Alternative Energy Development Board (AEDB) (Certification) Regulations, 2021.

Method of procurement "Single Stage" – Two Envelope bidding process will be adopted as per PPRA rules. Bidding Documents containing detailed terms and conditions are available at IRSA website i.e. www.pakirsa.gov.pk. The price of the Bidding documents is Rs. 10,000 which can be purchased from IRSA on or before 26th September, 2023 through pay order or a bank draft in favor of "IRSA Authority Fund". The bids of only those Bidders will be considered who have purchased the Bidding documents from IRSA.

All bids accompanied by a Bid Security amounting to Rs. 9,000/- per Kw and all other documents as specified in the respective Bid documents must reach at the Office of Secretary IRSA, on or before 26th September, 2023 at 1200 hrs. The Technical Bids will be opened on the same day at 1400 hrs in the presence of the bidder's representative who choose to attend at the same address. This advertisement is also available on PPRA Website (www.ppra.org.pk) and IRSA Website (www.pakirsa.gov.pk).

(Muhammad Khalid Idrees Rana)
Secretary
Indus River System Authority (IRSA)
Government of Pakistan
35, Mauve Area, G-10/4, Islamabad

PID(I)1416-23

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ محمد یاسر اقبال بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد اقبال شناختی کارڈ نمبر 4250191256587 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔محمد عامر اقبال (بیٹا) 2۔عریبہ نور (بیٹی) 3۔محمد عمر اقبال (بیٹا) 4۔ارم اقبال (بیٹی) 5۔محمد یاسر اقبال (بیٹا) 6۔شہناز بیگم (زوجہ) 7۔محمد یاسین اقبال (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ اسد اللہ اوٹھو بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد پنہل اوٹھو شناختی کارڈ نمبر 4120623649995 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔اسد اللہ اوٹھو (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
KOTRI-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ عامر بھنگانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی عبدالستار بھنگانی شناختی کارڈ نمبر 4220104443989 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔منصور بھنگانی (بیٹا) 2۔شاہ ہاشم بھنگانی (بیٹی) 3۔عامر بھنگانی (بیٹا) 4۔وسیم بھنگانی (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AYESHA MANZIL-DSFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ پیر امتیاز حسین بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی پیر ریاض علی شناختی کارڈ نمبر 4540189121443 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔نسرین بی بی (بہن) 2۔تسلیم بی بی (بہن) 3۔پیر امتیاز حسین (بھائی) 4۔پروین بی بی (بہن) 5۔پیر الطاف حسین (بھائی) 6۔[illegible] نصیب بی بی (بہن) 7۔پیر عاشق حسین (بھائی)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
NAWABSHAH-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ عذرا بیگم بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی خورشید بیگم شناختی کارڈ نمبر 4210114461916 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔عذرا بیگم (بہن) 2۔منجیدہ بیگم (بہن)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AYESHA MANZIL-DSFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ یونس بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد ابراہیم شناختی کارڈ نمبر 4250148775697 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔یونس (بیٹا) 2۔ساجدہ (زوجہ) 3۔خلیل احمد (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ عنایت اللہ کوکر بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی بصران شناختی کارڈ نمبر 4320358618560 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔مختیار احمد کوکر (بیٹا) 2۔محمد اسماعیل (بیٹا) 3۔نور النساء (بیٹی) 4۔عنایت اللہ کوکر (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
LARKANA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ علی احمد قریشی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی الطاف احمد قریشی شناختی کارڈ نمبر 4210179339953 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔عائزہ الطاف (بیٹی) 2۔علی احمد قریشی (بیٹا) 3۔صبا الطاف (زوجہ)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ حبیب اللہ بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد بلاول منگنیجو شناختی کارڈ نمبر 4520894219575 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔عاصمہ (بیٹی) 2۔غلام النبی (بیٹا) 3۔آصف علی (بیٹا) 4۔قلندر بخش (بیٹا) 5۔حبیب اللہ (بیٹا) 6۔سونا (بیٹی) 7۔محمد سلیم (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
KHAIRPUR-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ سونیا مبشر بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی مبشر احمد قریشی شناختی کارڈ نمبر 4220179965541 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔سونیا مبشر (بیٹی) 2۔شاہدہ پروین (زوجہ) 3۔دعا مبشر (بیٹی) 4۔مبشرہ علی (بیٹی) 5۔صبا فیصل (بیٹی) 6۔شازیہ احمد (بیٹی) 7۔مظہر احمد قریشی (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ ثاقب رفیق بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی حسن رفیق بلوچ شناختی کارڈ نمبر 4410303004891 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔مہوش رفیق (بیٹی) 2۔ثاقب رفیق (بیٹا) 3۔نگار رفیق (زوجہ)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
CLIFTON-DSFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ صدام حسین بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی غلام نبی شناختی کارڈ نمبر 4220105230531 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔فرحت (بیٹی) 2۔اسلام نبی (بیٹا) 3۔عدنان حسین (بیٹا) 4۔بلال حسین (بیٹا) 5۔فضل ربی (بیٹا) 6۔حمزہ (بیٹا) 7۔صدام حسین (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ روشن بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی حمید شناختی کارڈ نمبر 4230108655177 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔روشن (بہن) 2۔شیرین (بہن)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ شمائلہ بیگم بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی شفیق احمد شناختی کارڈ نمبر 4220160516821 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔شمائلہ بیگم (زوجہ) 2۔اسامہ شفیق (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
KORANGI KARACHI-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ عاصمہ خالد شیخ بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی خالد محسن شیخ شناختی کارڈ نمبر 6110101426519 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔مریم شیخ (بیٹی) 2۔محمد سعد شیخ (بیٹا) 3۔عاصمہ خالد شیخ (زوجہ)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
CLIFTON-DSFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ محمد احسان بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی بخت نصیب بی بی شناختی کارڈ نمبر 1540106847540 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔شیر علی خان (بیٹا) 2۔محمد ذاکر (بیٹا) 3۔ناہیدہ بی بی (بیٹی) 4۔تسلیم (بیٹی) 5۔عابد (بیٹا) 6۔شفقت بی بی (بیٹی) 7۔محمد علی خان (بیٹا) 8۔محمد احسان (بیٹا) 9۔نور علی خان (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA MEGA
CENTER SIEMENS
CHOWRANGI KARACHI-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ یاسر حسین بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی شہناز بیگم شناختی کارڈ نمبر 4540208778252 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ثمرہ (بیٹی) 2۔سدرہ اصغر (بیٹی) 3۔یاسر حسین (بیٹا) 4۔عابد حسین (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
NAWABSHAH-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ زینت خاتون بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی مشغول کوسہ شناختی کارڈ نمبر 4310323149735 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔شوکت علی (بیٹا) 2۔خورشید بیگم (بیٹی) 3۔زینت خاتون (زوجہ) 4۔ذاکر علی (بیٹا) 5۔صنم (بیٹی) 6۔زیبا خاتون (بیٹی) 7۔[illegible] (بیٹی)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
KANDHKOT-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ زرین زمان خان بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی اقبال احمد شناختی کارڈ نمبر 4220109328133 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔سیما اطہر حسین (بیٹی) 2۔کاشف اقبال احمد (بیٹا) 3۔نوید اقبال (بیٹا) 4۔جاوید اقبال (بیٹا) 5۔آصف اقبال (بیٹا) 6۔زرین زمان خان (زوجہ) 7۔واجد اقبال (بیٹا)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
KORANGI KARACHI-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ محمد یاسر انصاری بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد اطہر انصاری شناختی کارڈ نمبر 4220125521473 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔شازیہ انصاری (بیٹی) 2۔شاہدہ بیگم (زوجہ) 3۔محمد یاسر انصاری (بیٹا) 4۔محمد طاہر انصاری (بیٹا) 5۔ہما آصف کمال (بیٹی)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ محمد آصف نور بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی عبدالرزاق نور شناختی کارڈ نمبر 4550411227477 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔سعیدہ انیس مولائی (بیٹی) 2۔حاجیانی طاہرہ پروین (بیٹی) 3۔محمد آصف نور (بیٹا) 4۔محمد عرفان (بیٹا) 5۔محمد فرقان (بیٹا) 6۔محمد عارف (بیٹا) 7۔کوثر (بیٹی)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
SUKKUR CITY-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ سید کاشف حیدر بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی نجف علی شناختی کارڈ نمبر 4250188886415 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔صدف زہرہ (بیٹی) 2۔ثناء زہرہ (بیٹی) 3۔ناہید رضا (بیٹی) 4۔سید آصف حیدر (بیٹا) 5۔سید کاشف حیدر (بیٹا) 6۔شاہدہ خاتون (زوجہ)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
AWAMI MARKAZ KARACHI
EAST-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ شوکت علی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی نظیر بانو شناختی کارڈ نمبر 4130363922956 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔شوکت علی (زوج) 2۔فرحین (بیٹی) 3۔سارنگ بالادی (بیٹا) 4۔نازش (بیٹی)

برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA
HYDERABAD-SFU

اطلاع عام

نائن ایم ایم کے پستول، دستی بم، پرائما کارڈ اور ایک موٹر سائیکل کوئٹہ سے اغوا ہونے والا شخص ابوبکر بھی بحفاظت بازیاب کروالیا گیا۔ دوسری جانب ترجمان نے بتایا کہ واشک میں کارروائی کے دوران حملہ آوروں کے زیر استعمال گھر سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود جس میں پانچ ایس ایم جی، سب مشین گنز، ایک خودکش جیکٹ، دستی بم، راونڈز، میگزینز اور دیگر نوعیت کا سامان کے علاوہ وہ سلیپنگ بیگز برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سی ٹی ڈی نے فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لئے علاقہ میں سرچ آپریشن شروع کر دیا، مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 2 جسٹس (ر) مقبول باقر

سب کا جمہوری حق ہے۔ نگراں وزیر اعلیٰ نے عوام سے مخاطب ہو کر کہا کہ احتجاج دوسروں کیلئے زحمت کا باعث نہیں بننا چاہیے۔ انہوں نے احتجاج کرنے والوں کو عوام کی جان و مال کا خیال رکھنے کی ہدایت بھی کی اور کہا انتظامیہ احتجاج کو پرامن بنانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کرے گی۔

بقیہ 3 ملزم اسد شاہ کی کراچی منتقلی

ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ مرکزی ملزمہ حنا شاہ اور فیاض شاہ کی گرفتاری اور کیس میں مزید تفتیش کے لیے اسد شاہ کو کراچی منتقل کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ ملزم اسد شاہ 7 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے ہے۔ اس سے قبل 30 اگست کو مرکزی ملزمان کی معاونت کے شبے میں زیر حراست چاروں افراد کو بے گناہ قرار دے دیا گیا تھا۔ پولیس نے ثبوت نہ ملنے پر سابق ایس ایچ او سمیت چاروں زیر حراست ملزمان کو بے گناہ قرار دیتے ہوئے رہا کر دیا تھا۔ ملزمان میں سابق ایس ایچ او امیر چانگ، ڈاکٹر عبدالفتاح میمن سمیت ایم ایس رورل ہیلتھ سینٹر علی حسن وسان اور ہیڈ محرر محمد خان شامل تھے۔

بقیہ 4 گورنر ہاؤس پنجاب

اپنی جیب سے ادا کرتے ہیں۔ ان اخراجات کی ادائیگی بذریعہ چیک کی جاتی ہے۔ اس طرح وہ اپنے استحقاق سے خود دستبردار ہو چکے ہیں۔ گورنر ہاؤس کے ٹینڈرز میں جن اخراجات کا ذکر ہے وہ گورنر کی ذات کیلئے نہیں بلکہ گورنر ہاؤس میں بڑی تعداد میں ہونے والے عوامی پروگراموں، ملکی اور غیر ملکی مندوبین، سفیروں اور میٹنگز میں آنے مہمانوں کی چائے اور ریفریشمنٹ پر خرچ ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ گورنر ہاؤس کے حفاظتی ماحول میں ریاست کے کئی اکابرین بشمول صدر پاکستان، صوبائی گورنرز بھی مع اسٹاف قیام پذیر ہوتے ہیں۔ ان کے طعام و مہمانداری بھی گورنر ہاؤس کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ یہ تمام اخراجات ملٹری سیکرٹری اور ذمہ دار افسران کی زیر نگرانی ہمیشہ سے کئے جاتے ہیں۔ تاہم اس دفعہ گورنر ہاؤس میں شفافیت کے عمل کو فروغ دینے کیلئے پیپرا رولز کے مطابق ٹینڈرز جاری کئے گئے ہیں۔ یاد رہے کہ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن اپنی مکمل تنخواہ بھی سرکاری اور عوامی فلاح کے فنڈز میں دیتے ہیں۔

بقیہ 5 پاک بھارت میچ کا جنون

ہو گئے۔ کراچی سمیت اندرون سندھ بھی اس میچ کو دیکھنے کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے، محلوں اور سڑکوں میں کرکٹ کے متوالوں نے بڑی اسکرین لگا کر میچ دیکھنے کا انتظام کیا، آرٹس کونسل کراچی، کراچی پریس کلب، مختلف جامعات کے آڈیٹوریم میں بھی اس حوالے سے بڑی اسکرین نصب کی گئی تھیں، پاکستان کی کٹ والی جرسی زیب تن کئے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں، گھروں میں بھی خواتین اس میچ کے لئے بے تاب اور پرجوش دکھائی دیں ہیں، شادی بیاہ کی تقریبات کے موقع پر شادی ہالوں میں بھی ٹی وی اسکرین پر مہمانوں کے میچ دیکھنے کے انتظامات کئے تھے، بارات بھی تاخیر سے پہنچے شہر میں میچ کی وجہ سے کئی تقریبات ملتوی کردی گئی تھیں۔

بقیہ 6 بلٹ پروف گاڑی غیر معیاری

طور پر تبدیل کرنے اور اس کی جگہ وزارت داخلہ کے ایس او پیز کے مطابق اصلی اور حقیقی بلٹ پروف گاڑی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے، اس بات کا انکشاف ورسک کینال ری ماڈلنگ منصوبے کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی جانب سے بلٹ پروف گاڑی فراہم کرنے والی کمپنی کے پراجیکٹ منیجر کے نام لکھے خط میں ہوا ہے، خط میں کمپنی کو خبردار کیا گیا ہے کہ محکمہ داخلہ کے ایس او پیز کے مطابق حقیقی بلٹ پروف گاڑی کی تاخیر کے باعث غیر ملکی باشندوں کی سکیورٹی کے حوالے سے کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اس کی ذمہ داری کمپنی پر عائد ہوگی، ورسک کینال ری ماڈلنگ منصوبے کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی جانب سے بلٹ پروف گاڑی فراہم کرنے والی کمپنی کے پراجیکٹ منیجر کے نام لکھے خط میں کہا گیا ہے کہ کمپنی کی جانب سے جو بلٹ پروف گاڑی فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 7 چوپایوں کی طرح چلنے پر مجبور

کے نظریہ ارتقا کے حوالے سے خیال کیا جاتا ہے کہ شاید چارلس ڈارون کا نظریہ درست ہی تھا دوسرے عوامل کے ساتھ ساتھ شاید اس لئے بھی کہ آج ہم اپنی آنکھوں سے بندر کو انسانی اور بعض انسانوں کو بندر جیسی حرکات و سکنات کرتے دیکھتے ہیں لیکن ترکی (ترکیہ) کا ایک خاندان کے کچھ افراد ایسے بھی ہیں جو دیکھنے میں تو انسانوں کی طرح بالکل نارمل ہیں لیکن چلتے "چوپایوں" کی طرح ہیں یہ انسانوں کی طرح نارمل زندگی گزارنے سے قاصر ہیں اور سہارے کے بغیر کھڑے بھی نہیں رہ سکتے، روانی سے گفتگو نہیں کر سکتے اپنے ہاتھوں سے زندگی کے معاملات انجام نہیں دے سکتے، بات سمجھتے ضرور ہیں لیکن سمجھانے میں انتہائی دقت محسوس کرتے ہیں ان کی یہ اذیت ناک جسمانی عادات پیدائشی ہیں دیکھنے میں نارمل انسان لیکن چلنے میں جانوروں کا سا انداز۔ ان کی ہتھیلیاں، پاؤں کے تلوے جیسی ہو گئی ہیں، بغیر سہارے کھڑے بھی نہیں ہو سکتے، لندن سے آئی ہوئی معالجین کی ٹیم کو دو دن کے اندر واپس جانے کا حکم دیا گیا، جنوبی ترکی میں دیہی علاقے کے دہقان گھرانے کے جیتے جاگتے کرداروں کی تحقیر کردینے والی کہانی، اس کی وجوہات کیا ہو سکتی ہیں اس بارے میں جاننا ایک فطری تجسس ہے جس کی تفصیلات قدرے اختصار کے ساتھ ذیل میں پیش کی جارہی ہیں کیونکہ یہ افراد کسی سائنسی نظریے کا اظہار نہیں بلکہ جیتی جاگتی منفرد حقیقت ہیں پھر ان کے والدین اور دیگر بہن بھائی بالکل عام انسانوں کی طرح چلتے پھرتے ہیں تو پھر یہ ان میں مختلف اور منفرد کیوں؟ جنوبی ترکی کے دیہی علاقے Hatay میں واقع ایک دہقان کے گھرانے میں پیدا ہونے والے 19 بچوں میں سے چھ بچے جسمانی طور پر غیر متوازن اعضاء کے ساتھ پیدا ہوئے جبکہ باقی بچے مکمل طور پر نارمل تھے غیر معمولی خدوخال رکھنے والے بچوں کو والدین نے صبر وشکر کے ساتھ قبول کر کے دیگر بچوں کی طرح ان کی بھی پرورش شروع کی چونکہ مذکورہ گاؤں شہری ہنگاموں سے بہت دور بالکل الگ تھلگ مقام پر تھا اس لئے بچوں کی پیدائش کے حوالے سے اس منفرد واقعہ کے بارے میں تو کہیں ذکر ہوا اور نہ ہی کوئی دلچسپی پیدا ہوئی تاہم 60 کی دہائی میں لندن سکول آف اکنامکس کے ایک پروفیسر ہمفری جو ترکی النسل تھے انہیں اس بات کا علم ہوا تو انہوں نے سارے معاملے میں دلچسپی لینا شروع کی اور ان کے خاندان سے رابطہ کر کے تمام تفصیلات حاصل کیں پھر اس حوالے سے اپنے ساتھی پروفیسرز سے بھی مشاورت کی جن میں لندن سکول آف اکنامکس کے معروف ارتقائی ماہر پروفیسر گولس بھی شامل تھے۔

بقیہ 8 جنوبی افریقی ہائی کمشنر

بحالی میں اپنا کردار ادا کروں گا جس کے بعد میری کاوشوں سے جنوبی افریقی کرکٹ ٹیم نے 2021ء میں پاکستان کا دورہ کیا۔ وہ ہفتے کو کراچی میں جنوبی افریقہ کے اعزازی قونصل جنرل ماجد بشیر احمد کی جانب سے پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں عشائیے سے خطاب کر رہے تھے۔ غیر ملکی سفارتکاروں، معزز شہریوں، سیاست دانوں اور دونوں ٹیموں کی ٹیم انتظامیہ نے عشائیے میں شرکت کی۔ پی سی بی خواتین ونگ کی سربراہ تانیہ ملک، جنرل منیجر عائشہ اشعر اور ویمنز سلیکشن کمیٹی کے اراکین کے علاوہ سابق گورنر سندھ جنرل (ر) معین الدین حیدر، ڈاکٹر فاروق ستار، عرفان اللہ مروت، ڈاکٹر ظفر مسعود، اشتیاق بیگ اور پاکستان ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نمایاں تھے۔ مادھوزیلی مدلی گیبزا نے کہا کہ مردوں کی ٹیم کے بعد اب جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیم کراچی میں ہے۔ ہفتے کی شب اس نے پاکستان میں پہلی بار انٹرنیشنل میچ کھیلا۔ پاکستان نے تاریخ رقم کرتے ہوئے میچ جیتا۔ میزبان اور جنوبی افریقہ کے قونصل جنرل ماجد بشیر احمد نے کہا کہ عظیم نیلسن منڈیلا کھیلوں سے محبت کرتے تھے اور ان کو کرکٹ سے گہرا شغف تھا نیلسن منڈیلا نے جب رابن آئی لینڈ میں 26 سال قید میں گزارنے کے بعد پیرس، لندن، نیویارک اور ماسکو سے ہوتے ہوئے کراچی آئے تھے۔ یہ پاکستانیوں کے لئے اعزاز کی بات ہے۔ اب ہم نے کراچی سے سولہ باصلاحیت کھلاڑیوں پر مشتمل نیلسن منڈیلا الیونٹ ٹیم کا انتخاب کیا ہے۔ یہ ٹیم اس ماہ کے آخر میں جنوبی افریقہ کا دورہ کر رہی ہے۔ جس کی میزبانی نیلسن منڈیلا کے پوتے کریں گے۔ ماجد بشیر احمد نے کہا کہ نیلسن منڈیلا نے ایک بار تاریخی جملہ ادا کیا تھا کہ اسپورٹس سے دنیا کو تبدیل کرنے کی طاقت موجود ہے۔ کھیل ہی قوموں کو متحد کرتا ہے۔ دنیا بھر میں کھیلوں کی زبان سب سمجھتے ہیں۔ نیلسن منڈیلا کے وژن اور تاریخی الفاظ کو عملی جامع پہنانے کے لئے ہم نے ٹیلنٹ کی تلاش شروع کی۔ پی پی اور رانس گروپ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا۔ دونوں ٹیموں کو بھی کراچی میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ ٹیلنٹ ہنٹ اسکیم کے تحت جنوبی افریقہ کے دورہ کا مقصد ابھرتے ہوئے کرکٹرز کو سامنے لانا ہے، امید ہے کہ دورہ جنوبی افریقہ میں کھلاڑیوں کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔ جنوبی افریقہ ویمن کرکٹ ٹیم کا پہلی مرتبہ پاکستان آنا خوش آئند ہے۔ برانڈ ایمبیسیڈر سابق ٹیسٹ کپتان سرفراز احمد نے کہا کہ ابھرتے ہوئے کرکٹرز کو موقع دینا قابل فخر ہے، دورہ سے ان کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ جنوبی افریقہ ہائی کمیشن نے بچوں کے لئے اوپن ٹرائلز کرائے اور سولہ بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا۔ ڈومیسٹک کرکٹ سے وقت ملا تو میں بھی ان کے ساتھ جانے کی کوشش کروں گا۔ پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان ندا ڈار نے کہا کہ جنوبی افریقی ٹیم کی پاکستان آمد پر انکو خوش آمدید کہتی ہوں دنیا کے دیگر ممالک سے خواتین ٹیم کا آنا خوش آئند ہے امید ہے ہم بھی جنوبی افریقہ کریں گے تاکہ خواتین کرکٹ میں مزید اچھا ٹیلنٹ آئے۔ کراچی میں مشکل میچ جیتا اب سیریز بھی جیتنا چاہتے ہیں۔ مہمان کپتان لورا نے کراچی میں پاکستان کی میزبانی کی تعریف کی۔

بقیہ 9 حارث نواز

جیل کے اندر سے کوئی نیٹ ورک نہ چلا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو صوبائی وزیر صحت اور قانون کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ نگران وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) حارث نواز نے کہا کہ ایک دو دن میں پولیس افسران تعیناتیاں کردیئے جائیں گے جس کے بعد شہر میں تبدیلی نظر آئے گی، ایس ایچ اوز اور ڈی ایس پیز نئے تعینات کر رہے ہیں، کوشش ہے تعیناتی میں کوئی سیاسی عمل دخل نہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ منشیات کے خاتمے کے لیے میرٹ پر ایس ایچ اوز کو تعینات کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر قائد میں اسٹریٹ کرائمز اور منشیات پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ نگران وزیر داخلہ نے کہا کہ وقت ضائع کئے بغیر کچے کے علاقوں میں آپریشن کرنے جارہے ہیں، کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف آپریشن انٹیلی جنس بیسڈ ہوگا، کچے کے علاقوں میں مخصوص ٹارگٹڈ آپریشن کیا جائے گا۔ بریگیڈیئر (ر) حارث نواز کا کہنا تھا کہ رانی پور فاطمہ کیس میں ملوث کسی سے کوئی رعایت نہیں کی جائے گی، فاطمہ کا کیس حل کرنے کیلئے نگراں حکومت سنجیدہ ہے، فاطمہ کیس منطقی انجام تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رانی پور فاطمہ کیس کے حوالے سے سنجیدہ ایکشن لے رہے ہیں، ہماری کراچی سے ٹیم وہاں گئی، انصاف کے ساتھ کام کیا جائے گا اور کوئی سیاسی دباؤ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ میں ڈی آئی جی سے خود رابطے میں ہوں، انکوائری چل رہی ہے، گھر کے مالک اور مالکن فرار ہیں، [illegible] کو حراست میں لیا گیا ہے اور ڈی این اے ٹیسٹ کئے جاچکے ہیں جبکہ کراچی میں دوبارہ ڈی این اے ٹیسٹ کئے گئے ہیں۔

بقیہ 10 احتساب عدالت/ فیصلہ محفوظ

دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ احتساب عدالت میں اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں کے ریفرنس میں آغا سراج درانی کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت آغا سراج درانی کے وکیل فاروق ایچ نائیک اور نیب پراسیکیوٹر کے دلائل مکمل کئے گئے۔ آغا سراج درانی کے وکیل فاروق ایچ نائیک نے موقف اختیار کیا کہ آغا سراج درانی ایک سال سے جیل میں ہیں، پراسیکیوشن جان بوجھ کر تاخیری حربے استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ 11 ٹرین کو بم سے اڑانے کا منصوبہ

بم برآمد ٹرینوں کو کوٹری اور حیدرآباد ریلوے اسٹیشنوں پر روک دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق قاسم آباد تھانے کی حدود میں ہفتے کی شام کراچی سے لاہور جانے والی اپ ٹریک پر پٹڑیوں پر بم نصب ہونے کی اطلاع پر قاسم آباد اور حسین آباد پولیس کی بھاری نفری پہنچ گئی۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کر کے دیسی ساخت بم جو پلاسٹک کی بوتل میں تھا اسے ناکارہ بنادیا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کے انسپکٹر رمضان پہنور نے "جنگ" کو بتایا کہ دیسی ساخت بم میں 150 سے 200 گرام دھماکہ خیز مواد تھا۔ پھٹنے کی صورت میں 3 فٹ سے زائد ریلوے ٹریک دھماکے سے اڑ سکتا تھا۔

بقیہ 12 مچھروں کی بھرمار

جنوری تا اگست 1 لاکھ 32 ہزار 441 کیسز رپورٹ ہوئے۔ اس کے علاوہ میرپور خاص ڈویژن میں 65 ہزار 807 کیسز، لاڑکانہ ڈویژن میں 48 ہزار 499 کیسز اور سکھر ڈویژن میں 11 ہزار 591 کیسز رپورٹ، شہید بے نظیر آباد 4 ہزار 924 اور کراچی میں 1834 کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ صحت سندھ کا کہنا تھا کہ رواں سال ملیریا سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔

بقیہ 13 ایمان مزاری/ گرفتار نہ کرنیکا حکم

ملزمہ ایمان مزاری کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست منظور کرتے ہوئے 20 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم سنایا تاہم وکلاء کی استدعا پر مچلکے کی رقم کم کر کے 10 ہزار کردی گئی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کی عدالت سے جاری حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد اور ڈی جی ایف آئی اے ایمان مزاری کو گرفتار نہیں کریں گے نہ ہی کسی صوبے کی جانب سے گرفتاری میں معاونت کریں گے، فریقین یقینی بنائیں کہ ملزمہ کو اسلام آباد کی حدود سے باہر نہ لے جایا جائے جبکہ سیکرٹری داخلہ ملزمہ کے خلاف مقدمات سے متعلق سوموار تک صوبوں سے تفصیلات لے کر عدالت کو آگاہ کریں۔

بقیہ 14 بھینسوں کے باڑے میں فائرنگ

فائرنگ کے واقعہ میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا جسکی لاش کو سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اسکی شناخت 35 سالہ علی نواز ولد لانگ خان کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او چوہدری شاہد کے مطابق مقتول کے بھائی کے مطابق اسکے دو بھائی جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب بھینسوں کے باڑے میں جوا کھیل رہے تھے کہ اس دوران ایک کار میں سوار 6 مسلح افراد جن سے ہماری خاندانی دشمنی چل رہی ہے آئے اور اسکے بھائی علی نواز کو گاڑی میں بیٹھنے کو کہا، میرے بھائی نے انکار کیا تو ملزمان غلام مصطفیٰ اور غلام حسین نے میرے بھائی پر اپنے پاس موجود پستول سے فائرنگ کی جس سے وہ جاں بحق ہو گیا۔ واقعہ کے بعد ملزمان کار میں سوار ہو کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقتول کے بھائی ثناء اللہ کی مدعیت میں مقدمہ الزام نمبر 370/23 زیر دفعہ 302/34 درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 15 نوزائیدہ بچی کی لاش برآمد

بلڈنگ کے قریب عمارت کے سامنے سے نوزائیدہ بچی کی لاش برآمد ہوئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی، پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں علاقہ مکینوں نے پولیس کو بتایا کہ نوزائیدہ بچی کو پچھلی منزل سے پھینکا گیا تھا جس پر پولیس نے اس کی والدہ شنا کو حراست میں لے لیا ہے جس سے مزید پوچھ گچھ کی جا رہی ہے جبکہ زیر حراست بچی کی ماں نفسیاتی مسائل کا شکار اور نشہ کرتی ہے۔ پولیس کے مطابق بچی کی عمر کا تعین ڈاکٹری معائنہ رپورٹ کے بعد ہی کیا جاسکے گا تاہم ابتدائی طور پر بچی کی عمر ایک سے 2 دن معلوم ہوتی ہے جس کی ابھی تصدیق ہونا باقی ہے۔ پولیس اس حوالے سے بھی تحقیقات کر رہی ہے کہ بچی کو بلندی سے پھینکا گیا ہے یا اس کی لاش کچرا کنڈی جا کر پھینکی گئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق بچی کی پیدائش پانچ گھنٹے قبل ہوئی تھی، بچی کی ماں نشے کی عادی ہے، بچی کے ماموں نے پولیس کو بچی کو عمارت سے پھینکے جانے کا بیان دیا ہے۔

بقیہ 16 پرویز الٰہی/ درخواست دائر

بناتے ہوئے موقف اپنایا ہے کہ سیاسی انتقام کے نتیجے میں انہیں پہلی بار یکم جون کو اینٹی کرپشن ایکٹ کے ایک جعلی مقدمہ میں گرفتار کیا گیا تھا، درخواست گزار نے عدالت سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد کا تھری ایم پی او کے تحت ان کی گرفتاری کا حکم غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کالعدم قرار دینے کی استدعا کی ہے۔

بقیہ 17 بینکوں سے گاڑیوں کی خریداری

ہیں۔ گزشتہ سال جولائی میں گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں نے 361 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے تھے۔ جون کے مقابلے میں جولائی میں گاڑیوں کی خریداری کے لئے قرضوں کی فراہمی میں ماہانہ بنیاد پر 2.9 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ جون میں گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں کی جانب سے 294 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے جو جولائی میں کم ہو کر 285 ارب روپے رہ گئے۔ واضح رہے کہ مالی سال کے پہلے مہینے میں بینکوں کی جانب سے نجی شعبے کو فراہم کردہ قرضہ جات کا حجم 7.99 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 0.1 فیصد کم ہے۔

بقیہ 18 نگراں وزیر اعظم/ جرگہ

گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پتھر مارنے، گالیاں دینے اور عمارتیں جلانے کا حق کسی سیاسی جماعت کو نہیں۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعظم نے بتایا کہ میرے وہم و گمان میں نہیں تھا کہ کبھی وزیراعظم کی کرسی پر بیٹھوں گا۔ ٹی ٹی پی یا کسی بھی کالعدم تنظیم سے نمٹنے کیلئے، ریاست کے پاس مذاکرات اور فورس دونوں ٹول موجود ہیں۔ پاک بھارت تجارت کے حوالے سے حتمی فیصلہ بھارتی سیاستدانوں کو کرنا ہے۔ سائفر کا معاملہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ تفصیلی انٹرویو ناظرین اتوار شب 10 بجکر 5 منٹ پر دیکھ سکیں گے۔

بقیہ 19 امریکی محکمہ خارجہ

انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ واشنگٹن کسی بھی صورت پاکستان کو کسی دوسرے ملک کی عینک سے نہیں دیکھتا۔ کلاوڈ نے کہا کہ یہ سچ ہے کہ پچھلے کچھ عرصے میں امریکا، بھارت کے قریب ہوا ہے تاہم اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ بھارت سے جتنے قریب ہوئے، پاکستان سے اتنا ہی دور ہو گئے ہوں۔

بقیہ 20 طالبان حکومت/ مشورہ

تفصیلات کے مطابق افغان دفتر خارجہ کی جانب سے ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔ بی بی سی کے مطابق جس میں افغان شہریوں کو کہا گیا ہے کہ پاکستان میں جاری سیاسی عدم استحکام، احتجاج اور پرتشدد واقعات کی وجہ سے پاکستان کا سفر کرنے میں احتیاط برتیں۔

بقیہ 21 سائفر کیس/ سماعت ملتوی

ذوالقرنین کی عدالت میں چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر ان کیمرہ سماعت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کے وکلاء کی جانب سے درخواست ضمانت پر دلائل سننے کی استدعا کی گئی جبکہ اسپیشل پراسیکیوٹرز کی جانب سے درخواست ضمانت پر دلائل سننے کی مخالفت کی گئی۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل بابر اعوان اور سلمان صفدر نے درخواست ضمانت پر دلائل دیئے۔ ذرائع کے مطابق وکیل صفائی سلمان صفدر نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکلاء کیلئے اٹک جیل میں رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔ اٹک جیل جب بھی گئے تو وکلاء کو ڈیڑھ کلومیٹر پیدل چلنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق پراسیکیوٹر نے پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر درخواستوں پر اعتراض اٹھایا۔ ذرائع کے مطابق سلمان صفدر نے کہا کہ اٹک جیل میں ٹرائل کے خلاف درخواست دائر ہے۔

بقیہ 22 زرین شاہ

میں ملک کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں روشن علی برڑو، جگدیش اہوجا، امیر آزاد پھنور، امیر علی تھیم، خواجہ نوید و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے فیصلوں کے بارے میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے سید زرین شاہ نے کہا کہ دو ماہ کے اندر ہم کراچی سے کشمور تک رابطہ عوام مارچ شروع کرنے جارہے ہیں، ہمارا یہ مارچ مہنگائی کے خاتمے اور احتساب کے عمل کو تیز کرنے کے لیے ہوگا، عوامی رابطہ مہم میں مارچ کے ساتھ ریلیاں اور جلسے بھی کیے جائیں گے، ہم ریاست کو مجبور کریں گے کہ وہ عوام کو ریلیف دے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام، معاشی بدحالی اور امن امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں، ماضی کی سیاست اسٹیبلشمنٹ کے آشیرباد سے آئی ہے۔ پچھلے سال سندھ میں آنے والے سیلاب نے لاکھوں لوگوں کو دربدر کیا، سیلاب متاثرین کے لئے باہر سے ملنے والی اربوں روپے کی امداد میں کرپشن کی گئی، سید زرین شاہ نے کہا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے الیکشن نہ کروا کر پی ڈی ایم اور پیپلزپارٹی نے آئین کو پامال کیا۔

بقیہ 23 نگراں وزیر اعظم/ تقریب

اسے اچانک پروٹوکول اور سیکورٹی حکام نے گھیرے میں لیکر معزز مہمانوں کو جانچ پڑتال کے قدرے سخت انتظام کا پابند بنادیا اس اجمال کی تفصیل یوں ہے کہ سینیٹر انوارالحق کاکڑ نے بارہ اگست کو اپنے نو سالہ بیٹے نورالحق کاکڑ کی سالگرہ کی تقریب گھر پر ہی منعقد کررکھا تھا جس کا انتظام وانصرام ان کی اہلیہ نے اپنے ہاتھ میں لے رکھا تھا وزیراعظم نامزد ہونے سے پہلے ان کے افراد خانہ نے اپنے قریبی عزیزوں کے نورالحق کے ہم عمر بچوں کو دعوت دے رکھی تھی ان کی اہلیہ جو پختون روایات کی پاسداری کرتی ہیں سالگرہ کی تقریب اپنے گھر پر کرتی آئی ہیں عصر کے بعد جب مہمانوں کی آمد کا وقت ہونے والا تھا کہ بلیو بک کے مطابق پروٹوکول اور حفاظتی دستے منسٹر انکلیو میں اس اپارٹمنٹ کو اپنے حصار میں لے لیا جو انوارالحق کاکڑ کی رہائش گاہ تھی جو وزیراعظم نامزد ہوچکے تھے اسی دوران آنے والے مہمانوں نے جو انوارالحق کاکڑ سے ملنے آرہے تھے تجویز پیش کی کہ نورالحق کی سالگرہ کی تقریب ایک دن کی تاخیر سے ایوان وزیراعظم میں تزک و احتشام سے کرلی جائے کہ وہ اگلے روز وہاں منتقل ہونے والے تھے۔ خاتون خانہ جو دو روز میں خاتون اول کا رتبہ حاصل کرنے والی تھیں اس سے اتفاق نہیں کیا اور واضح کردیا کہ سالگرہ کی تقریب اسی گھر میں اور پہلے سے طے شدہ نظام الاوقات کے مطابق ہوگی نورالحق کے نو عمر مہمان جو پہلے تحفے لیکر آرہے تھے اب گلدستوں اور مٹھائی کے ساتھ آرہے تھے کہ انہیں نورالحق کے ساتھ ساتھ اب انوارالحق کو بھی ہدیہ تہنیت پیش کرنا تھا جو سالگرہ کی دعوت دیئے جانے کے وقت سینیٹر اور بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) کے مرکزی رہنما تھے اب ملک کے وزیر اعظم بن چکے تھے۔ یوں بھاری بھرکم کیک کاٹا گیا تو "ہیپی برتھ ڈے ٹو یو" مل کر گانے والوں میں نامزد وزیر اعظم بھی شامل تھے۔

بقیہ 24 ایف آئی اے/ انکوائری

ہاکی فیڈریشن میں ہونے 2012 تا 2022 ہونے والی مالی بے قاعدگیوں کی دستاویزات طلب کر لی ہے، جنگ کو ملنے والی اطلاع کے مطابق 2008 سے 2022 تک پی ایچ ایف کے اکاؤنٹ سے مختلف سکریٹریز نے ایک ارب 50 کروڑ روپے سے زائد رقم مختلف مد میں نکالے ہیں، فیڈریشن کی آڈٹ رپورٹ پر 113 اعتراضات سامنے آئے ہیں۔

بقیہ 25 فرانزک رپورٹ

موت کی کوئی دوسری وجہ سامنے نہیں آئی۔ یاد رہے کہ 6 جولائی کو 63 سالہ عالمگیر ترین نے خودکشی کرلی تھی۔ وہ غیر شادی شدہ تھے، ان کی منگنی ہوئی تھی اور وہ رواں برس دسمبر میں شادی کرنے والے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق عالمگیر ترین نے پستول سے اپنے سر میں گولی ماری تھی۔

بقیہ 26 محکمہ داخلہ جی بی

بے بنیاد ہیں۔ گلگت بلتستان میں تمام رابطہ سڑکیں، تجارتی وکاروباری مراکز اور تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھلے ہیں۔ چہلم امام حسین پر امن وامان برقرار رکھنے کیلئے پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

بقیہ 27 جگنو محسن/ استقبالیہ ریلی

پر جگنو محسن کے، عوام کی ریکارڈ شرکت، تیری محسن میری محسن جگنو محسن جگنو محسن کے نعرے، 8 کلومیٹر کا فاصلہ ساڑھے 4 گھنٹے میں طے ہوا، جگہ جگہ عوام نے پرجوش استقبال کیا، ریلی کی قیادت محسن گروپ کے امیدوار صوبائی اسمبلی رائے مشتاق احمد کھرل سمیت دیگر قائدین نے کی خواتین کی بہت بڑی تعداد بھی شریک تھی، ریلی نے انتخابی ماحول کا سماں باندھ دیا، شرکاء نے مہنگائی نامنظور کے نعرے بھی لگائے، ریلی 8 کلومیٹر کا فاصلہ ساڑھے 4 گھنٹے میں طے کرنے کے بعد حجرہ چوک پہنچی جہاں عوام نے شاندار استقبال کیا، آتش بازی کا مظاہرہ اور ڈھول کی تھاپ پر رقص کرتے ہوئے عوام نے جگنو محسن اور ان کے محسن گروپ کے ساتھ والہانہ وابستگی اور پیار کا اظہار کیا، حجرہ چوک میں امجد ڈوگر، چوہدری اکبر اسماعیل، بابا گوگا، حاجی اکرم بھلروان، حاجی محمد مصطفیٰ، چوہدری ناصر کمبوہ، چوہدری عنایت، ماسٹر ارشد بھٹی، ملک تاج، بابا حنیف شاہ، میر محمد، اشفاق اور چوہدری اشرف سمیت دیگر کے زیر اہتمام حجرہ چوک کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی جلسہ منعقد کیا گیا، رائے مشتاق احمد کھرل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قائد جگنو محسن اس وقت حلقہ کی سیاست میں عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہیں، عوام اگلے الیکشن میں اپنے ووٹ کا استعمال جگنو محسن کے لئے ہی کریں گے۔

بقیہ 28 پرویز الٰہی گرفتاری/ مذمت

نے ایک بیان میں کہا ہے کہ گرفتاری نے قانون کی حکمرانی، سیاسی منظر نامہ میں طاقت مراکز بارے سوالات اٹھادیے ہیں، اسلام آباد پولیس کی جانب سے گزشتہ روز لاہور میں پرویز الٰہی کو 3 ایم پی او کے تحت نظر بندی کیلئے گرفتار کر کے لاہور ہائیکورٹ کے حکم کی خلاف ورزی اور عدم تعمیل کی گئی ہے حالانکہ عدالت نے واضح طور پر انہیں کسی بھی صورت دوبارہ گرفتار نہ کرنے کا حکم جاری کر رکھا ہے۔ انہوں نے اس خدشہ کا اظہار کیا کہ اس گرفتاری نے ملک میں قانون کی حکمرانی اور پاکستان کے سیاسی منظر نامہ میں طاقت کے مراکز سے متعلق سوالات اٹھادیے ہیں، انہوں نے ایک بار پھر پاکستان بار کونسل اور قانون دان برادری کے ملک میں آئین کی بالادستی وقانون کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کے موقف کا اعادہ کیا۔

بقیہ 29 بلوچستان یونین آف جرنلسٹ

یوجے ورکرز کے مرکزی صدر پرویز شوکت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پرویز شوکت نے بلوچستان کے صحافیوں کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کر کے بلوچستان کے صحافیوں کے دل جیت لیے، اس کے علاوہ ملک بھر کے صحافیوں کے لیے پرویز شوکت کا بہت بڑا کردار ہے، جو 40 سال سے صحافیوں کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، ملک میں موجود صحافتی تنظیموں نے ہمیشہ بلوچستان کے صحافیوں کو نظرانداز کر کے ان کو حقوق سے محروم رکھا، مگر پی ایف یو جے ورکرز واحد ملک گیر صحافتی تنظیم ہے، جو تمام اکائیوں کو ساتھ لیکر چل رہی ہے اور صحافیوں کے حقوق کے ساتھ ساتھ صحافیوں پر جاری مظالم کے خلاف ہمیشہ آواز بلند کرنے کے علاوہ جونیئر صحافیوں کے تربیت کے لیے بھی پیش پیش ہے، اس طرح کے عملی اقدامات سے نہ صرف صحافی خوش ہیں، بلکہ ملکی یکجہتی میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اس سے نفرتوں کے خاتمہ میں مدد ملے گی، وفد میں سینئر صحافی غلام حسین بلوچ، میر محبوب احمد شاہوانی، افتخار قادری، فیض محمد بجارانی، مقبول گل محمد شی، حاجی عبدالقدوس سرپرہ، شعیب افضل اور اسرار اللہ مینگل شامل تھے۔

بقیہ 30 اقبال چوہدری ودیگر کو نوٹس

تقرری کے اشتہار کو چیلنج کیا اور چیف سیکرٹری سندھ، ہائیر ایجوکیشن کمیشن، وائس چانسلر فریق بناتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ محمد اقبال چوہدری مسلسل 17 سال سے اس عہدے پر فائز ہیں، اقبال چوہدری 2019 کو ریٹائرڈ ہوچکے لیکن انکی ملازمت میں توسیع کردی گئی، 26 جولائی 2023 کو اس اسامی کیلئے اخبارات میں پھر اشتہار شائع کرایا گیا، اشتہار میں عمر کا ذکر نہیں کیا گیا، یہ عہدہ پر موجود اقبال چوہدری نے خود اپنے لیے تیار کرایا، اعلیٰ عدالتوں کے فیصلے اور قانون کے مطابق ریٹائرڈ کو دوبارہ ملازمت نہیں دی جاسکتی، اشتہار پر عملدرآمد روکا جائے اور اسے غیر قانونی قرار دیا جائے۔

بقیہ 31 یونس ڈھاگا

لیے پرعزم ہے۔ ہفتہ کو کراچی ایکسپو سینٹر میں آئی ٹی سی این ایشیا 2023 کے افتتاحی سیشن کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئی ٹی سیکٹر ملک کے معاشی اشاریوں کو بہتر بنانے میں کلیدی اہمیت کا حامل شعبہ ہے جو ملک میں زرمبادلہ لانے کے ساتھ روزگار کے مواقع مہیا کرتے ہوئے مالیاتی شمولیت بڑھانے میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت مالیاتی اور زرعی شعبہ میں آئی ٹی اپیلی کیشنز متعارف کرانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے تاکہ مالیاتی شمولیت کا دائرہ وسیع کرنے کے ساتھ سندھ میں فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ وفاقی حکومت کے قریبی تعاون اور اشتراک سے آئی ٹی کی ایکسپورٹ 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے لیے کوشاں ہے۔ نمائش کے منتظم نائب صدر ای کامرس گیٹ وے عمیر نظام نے کہا کہ آئی ٹی سی این ایشیا نے ملک کی اہم معاشی سرگرمی بن چکا ہے جس میں آئی ٹی کے شعبہ میں 11 کروڑ ڈالر مالیت کے کاروباری سودے طے کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تین روزہ نمائش میں 57 ہزار افراد نے شرکت کی۔

بقیہ 32 سعودی وزیر/ بات چیت

فروغ پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ بندرالخریف نے ترکی کا یہ سرکاری دورہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو بڑھانے اور سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لینے کے لیے کیا ہے۔ سعودی وزیر نے ترکی کی تعمیراتی کمپنی اناک مینڈ سلک اور ایتی معدن کمپنی کے حکام کے ساتھ الگ الگ ملاقاتوں میں تعمیرات اور کان کنی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ مزید برآں، انہوں نے ترک کمپنی توسیالی ہولڈنگ کے ساتھ تعاون کے مواقع کا بھی جائزہ لیا۔ یہ خام اسٹیل کی پیداوار میں دنیا کی سب سے بڑی کمپنیوں میں سے ایک ہے۔ سعودی وزیر نے سابانجی ہولڈنگ کمپنی کے عہدے داروں کے ساتھ صنعت اور کان کنی کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کرنے کے علاوہ، یاسر گروپ اور کوچ ہولڈنگ دونوں کمپنیوں کے ساتھ مہارت اور تجربات کے تبادلے پر گفتگو کی ہے۔ سعودی وزیر کے اس دورے کا مقصد ترکیہ کے ساتھ بالخصوص صنعت اور کان کنی کے شعبوں میں مشترکہ تعاون کو بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان برآمدات تک رسائی میں اضافہ ہے۔

بقیہ 33 تاجر محمد الفائد/ انتقال

اور انہوں نے 1970 کی دہائی برطانیہ منتقل ہونے سے پہلے مشرق وسطیٰ میں ایک کاروباری سلطنت کھڑی کرلی تھی تاہم برطانیہ کا پاسپورٹ حاصل کرنے کی ان کی خواہش کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکی۔ محمد الفائد گزشتہ ایک دہائی منظر عام سے دور رہے اور وہ اپنی اہلیہ ہینی کے ساتھ اپنی سرے کی حویلی میں رہائش پذیر تھے۔ ایک بیان میں ان کے اہل خانہ نے کہا کہ محمد الفائد کی اہلیہ، ان کے بچے اور پوتے اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ان کے پیارے شوہر، ان کے والد اور ان کے دادا محمد الفائد بدھ 30 اگست کو بڑھاپے میں پرسکون طور پر ابدی نیند سو گئے۔ انہوں نے اپنے پیاروں کے ساتھ ایک طویل اور مکمل ریٹائرمنٹ کی زندگی کا لطف اٹھایا۔ فلہم فٹ بال کلب نے کہا کہ ان کی موت کا جان کر ناقابل یقین حد تک افسوس ہوا اور اس غم کی گھڑی میں ہماری نیک خواہشات اب ان کے خاندان اور دوستوں کے ساتھ ہیں۔ خیال رہے کہ الفائد کئی سال سے اس فٹبال کلب کے مالک بھی تھے۔

بقیہ 34 ایرانی فضائیہ

میں داخل ہوئے ہیں اور وسطی ایران میں اصفہان میں واقع شہید بابائی ایئربیس میں شامل ہوئے۔" ایجنسی نے فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ Yakovlev Yak-130 کی آمد اسلامی جمہوریہ کے "روسی فیڈریشن کے ساتھ ہتھیاروں کے معاہدوں" کے حصے کے طور پر آئی ہے۔ روس اور ایران دونوں بین الاقوامی پابندیوں کی زد میں ہیں جو تجارت کو محدود کرتی ہیں، لیکن گزشتہ ایک سال کے دوران فوجی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں مضبوط تعلقات قائم کر چکے ہیں۔

بقیہ 35 ہنسنا منع ہے

ہوئی ہے، لیکن چاہتی ہوں لوگ میرے ڈرامے دیکھیں اور فیڈ بیک بھی دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "جیو نیوز" کے مقبول ترین شو "ہنسنا منع ہے" میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نوال سعید نے مزید بتایا کہ اکثر پرستار مجھے اداکار حمزہ عباسی کی بیوی سمجھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اکثر خواتین میری پلکوں کو نقلی سمجھتی ہیں لیکن یہ پلکیں واقعی میں اصلی اور لمبی ہیں۔ شو کے دوران نامور اداکارہ سے حاضرین نے مزیدار سوال پوچھے جن کے انہوں نے دلچسپ جواب دیے۔ نوال کے ساتھ سوال و جواب پر مشتمل سیگمنٹ بھی کھیلے گئے جبکہ شو کے میزبان تابش ہاشمی نے بھی اپنی شرارتوں سے لوگوں کو مسکرانے پر مجبور کیا۔ "ہنسنا منع ہے" اتوار کی شب 11 بجکر 5 منٹ پر نشر ہوگا۔

بقیہ 36 سردار عبدالرحیم

آباد میں ملاقات کی۔ گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس کے سیکرٹری اطلاعات سردار عبدالرحیم نے نمائندہ جنگ کو بتایا ہے کہ سندھ کے مسائل پر ایم کیو ایم سمیت تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے بات ہوسکتی ہے اور ہم تمام جماعتوں سے بات کر رہے ہیں تاکہ گزشتہ 15 سالوں میں پیپلز پارٹی کی حکومت نے سندھ کی عوام کا جو حال کیا ہے اس سے نجات دلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کو ایم کیو ایم رہنماؤں سے ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال، نگراں حکومت کے اقدامات، بجلی وپیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ اور صاف شفاف اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد و دیگر باہمی امور پر بات چیت ہوگی۔

بقیہ 37 جیکب آباد/ غیر قانونی بھرتیاں

اور ٹنڈو غلام حیدر سے تبادلے کرا کے غیر قانونی بھرتی ملازمین جیکب آباد آئے بغیر تین ماہ سے بنا ڈیوٹی کے تنخواہ کے مزے لینے لگے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ضلع کونسل میں 109 سے زائد غیر قانونی بھرتیاں کی گئیں ہیں جس میں افسران و عملے کی جانب سے اپنے بیٹوں بھائیوں اور بیگمات کو نوازا گیا ہے ملنے والی فہرست میں سابق ایڈمنسٹریٹر گل محمد کھوکھر، ضلع کونسل کے اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر نے اپنے بیٹوں اور اپنی اہلیہ کو بھرتی کیا ہے جبکہ تین تین لاکھ رشوت کے عوض بھی بھرتیوں کا انکشاف ہوا ہے 2011 میں ملازمین کی بھرتی دکھا کر مٹھی اور ٹنڈو غلام حیدر سے غیر قانونی بھرتی ملازمین کے کراچی سیکریٹریٹ سے 2022 میں جیکب آباد تبادلہ کروا کر رواں سال میں تنخواہ دینے کا آغاز کیا گیا ہے اور مذکورہ غیر قانونی بھرتی ملازمین بنا ڈیوٹی کے گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں۔

بقیہ 38 مراد علی شاہ

اظہار انہوں نے سیہون جاتے ہوئے سابق ایم پی اے ملک اسد سکندر کی ہدایت پر جامشورو میں قائم استقبالی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ضلعی چیئرمین سہیل شورو کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ دو تین مہینے کے لیے پکنک پر جارہے ہیں ہم نے ضلعی حکومت کے چیئرمینوں کو کہا ہے کہ وہ عوام کے مسائل کو حل کریں تاکہ سندھ کے عوام ایک بار پھر پیپلز پارٹی کو ووٹ دیکر کامیاب کریں اور بلاول بھٹو کو وزیراعظم بنایا جاسکے۔

بقیہ 39 پی آئی اے/ کنٹری منیجر

تنخواہ مقرر کی گئی ہے۔ مانچسٹر اسٹیشن پر بھی منیجر تعینات کیا گیا جس کی تنخواہ سالانہ 55 ہزار پاؤنڈ اور دیگر سہولتیں دی گئی ہیں۔ پی آئی اے کے برطانیہ میں تعینات افسران کی سالانہ تنخواہ تقریباً 3 کروڑ روپے ہے۔ ترجمان پی آئی اے کا کہنا ہے کہ برطانیہ میں پی آئی اے اپنا آپریشن کوڈ شیئرنگ کے تحت جاری رکھے ہوئے ہے برطانیہ میں سالانہ بنیاد پر ایک کروڑ 40 لاکھ برطانوی پاؤنڈ کی آمدنی ہو رہی ہے ترکش ایئرلائن کیساتھ کوڈ شیئرنگ سے برطانیہ میں پی آئی اے آپریشن جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق برطانیہ کیلئے براہ راست فلائٹ آپریشن جلد بحالی کا امکان ہے، بحالی کو مدنظر رکھتے ہوئے برطانیہ میں کنٹری منیجر اور سیلز منیجرز تعینات ہیں۔ پی آئی اے کی برطانیہ میں آمدنی کا صرف ایک اعشاریہ 8 فیصد عملے پر خرچ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 40 وزیر اطلاعات

ایسا ہرگز نہیں کہا کہ بجلی کے بلوں کا مسئلہ نان ایشو ہے اور بجلی کے بلوں کے مسئلے سے لوگ پریشان نہیں ہیں بلکہ وزیراعظم نے یہ بتایا کہ یہ مسئلہ کیسے پیدا ہوا اور کس طرح وہ اس مسئلے کے حل کی طرف جارہے ہیں۔ ہفتہ کو اپنے بیان میں نگران وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نگران وزیراعظم نے 31 اگست (جمعرات) کو اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کی اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے، بجلی کے بلوں کے حوالے سے وزیراعظم کی گفتگو کو میڈیا کے کچھ حصوں میں سیاق وسباق سے ہٹ کر رپورٹ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے سوال کیا گیا کہ کیا بجلی کے بلوں کا معاملہ ایسا ہے جس سے ملک میں کوئی بھونچال آگیا ہو یا انارکی پھیل گئی ہے؟ جس پر وزیراعظم نے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ ملک کے اندر انارکی کی صورتحال ہو۔ وزیراعظم نے یہ ہرگز نہیں کہا کہ بجلی کے بلوں کا مسئلہ نان ایشو ہے۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ بجلی کے بلوں کے مسئلے سے لوگ پریشان نہیں ہیں بلکہ وزیراعظم نے یہ بتایا کہ یہ مسئلہ پیدا کیسے ہوا، کس طرح وہ اس مسئلے کے حل کی طرف جا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے یہ بھی بتایا کہ جن لوگوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے وہ بھی الیکشن کے ماحول کی وجہ سے اسے استعمال کر رہے ہیں لیکن یہ ہرگز نہیں کہا کہ لوگوں کی تکالیف ناجائز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ دوستوں نے بھی تصدیق کی کہ وزیراعظم نے ایسا نہیں کہا کہ یہ مسئلہ سنجیدہ نہیں بلکہ وزیراعظم نے یہ کہا تھا کہ عالمی اداروں کے ساتھ ہماری کمٹمنٹس ہیں، ہم عالمی اداروں سے کئے گئے وعدوں کو متاثر کئے بغیر لوگوں کی مشکلات کا کوئی حل نکالیں گے لیکن میڈیا پر رپورٹ ہوا کہ وزیراعظم نے کہا کہ بجلی کے بلوں کا معاملہ سنجیدہ مسئلہ نہیں اور وزیراعظم کو پراجیکٹ کیا گیا کہ انہیں لوگوں کی مشکلات کا احساس نہیں۔ مرتضیٰ سولنگی نے اس موقع پر فیض احمد فیض کے شعر کا حوالہ دیا کہ "وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا...... وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے" انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ جو کچھ کہا جاتا ہے اسے درست انداز میں رپورٹ کیا جائے۔

بقیہ 41 ٹوئٹر/ سیاستدان خفا

کرایا تھا تاکہ ٹوئٹر کے صارفین 'ایکس' پر غلط اطلاعات کا مقابلہ کرنے کے لیے پولیسنگ کا پلیٹ فارم بنایا تھا لیکن اس نے ماہرین کو مایوس جبکہ سیاستدانوں کو ان کی اصلاح کرنے پر برافروختہ کر دیا ہے۔ یہ کمیونٹی نوٹس کیا ہوتا ہے؟ اس کا اعلان 2021 میں کیا گیا تھا اور اس فیچر کے تحت امریکی صارفین کو اجازت دی گئی تھی کہ وہ کسی قابل اعتراض پوسٹ کی جانب اشارہ کر سکیں اور اس پر نوٹس لکھ سکیں۔ ابتدا میں یہ نوٹس الگ سے ایک ویب سائٹ پر موجود ہوتے تھے لیکن بعد میں خود اوریجنل میسیج کے ساتھ اسے منسلک کر دیا گیا تھا۔ ٹوئٹر نے ڈونلڈ ٹرمپ کو اپنے پلیٹ فارم پر بے اثر کر دیا تھا۔ نومبر 2022 میں ایک کمیونٹی نوٹ نے وائٹ ہاؤس کے ٹوئیٹ پر ری ایکٹ کیا تھا اور اسے صدر جو بائیڈن کی پالیسیوں کے اثر کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا بتایا تھا۔

بقیہ 42 ایران، عراق/ ریلوے لائن

السوڈانی نے کیا۔ یہ دونوں ممالک کو ملانے والی پہلی ریلوے لائن ہوگی۔ ایران عراق کا بڑا سیاسی واقتصادی شراکت دار ہے۔ اس منصوبے کے ذریعے عراق میں بصرہ کو ایران کے وسیع ریلوے نیٹ ورک سے ملا دیا جائے گا۔ برسوں سے زیر غور اس منصوبے کے لیے سمجھوتے پر دستخط 2021ء میں ہوئے۔ افتتاحی تقریب میں ایران کے نائب صدر محمد مخبر نے بھی شرکت کی۔ "شاہراہ ترقی" کے عنوان سے جس میں سڑک اور ریلوے لائن کے 1200 کلومیٹر پر محیط منصوبوں کی تکمیل پر 17 ارب ڈالرز لاگت کا تخمینہ ہے۔

بقیہ 43 میئر لندن/ تشویش کا اظہار

ہوئے صادق خان نے کہا کہ مغربی ممالک اور اوورسیز پاکستانیوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کو مشکلات سے نکالنے میں مدد کریں۔ صادق خان نے برطانیہ اور یورپی یونین سے بھی اس امید کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنے میں مدد دے گی۔ میئر لندن کا کہنا تھا کہ پاکستان کو ماضی میں زلزلے اور سیلاب کا سامنا رہا ہے، سب کو ایسے ممالک کی مدد کرنی چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ برٹش پاکستانی بیک وقت برطانوی شہری اور مسلمان ہونے پر فخر کرتے ہیں۔

بقیہ 44 مہنگائی/ ہڑتال

متاثر ہوئی، کئی مقامات پر مشتعل مظاہرین نے دھرنا دیکر سڑکیں بند کردیں، مہنگائی اور حکومت کیخلاف نعرے لگائے نیشنل ہائی وے پر ٹائر جلائے گئے جسکی وجہ سے ٹریفک متاثر ہوئی، مختلف شہروں میں تاجر اور وکلا بھی احتجاج میں شامل ہو گئے، مختلف چھوٹے بڑے شہروں میں تاجروں نے بھی ریلیاں نکالیں، تاجروں نے دھمکی دی ہے کہ بجلی نرخوں میں کمی نہ ہوئی تو لمبی ہڑتال پر جاسکتے ہیں، خیرپور میں قوت گویائی سے محروم افراد نے بھی بجلی کے بلوں کے خلاف احتجاج کیا، وکلاء نے بھی ہڑتال کی حمایت کی اور عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کیا، کئی مقامات پر مظاہرین بجلی بل اٹھائے اور میٹر گلے میں لٹکائے سڑکوں پر آ گئے، امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے لاہور میں مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں نے ہمیں آئی ایم ایف کے ہاتھوں فروخت کیا، ملک میں بجلی کا بل ہے یا موت کا پروانہ؟ ظلم کا یہ نظام نہیں چلے گا، پیٹرول قیمتوں کا اضافہ فوری واپس لیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی اور تاجر تنظیموں کی جانب سے مہنگائی اور بجلی کے ہوشربا بلوں کے خلاف ہڑتال کے اعلان پر ملک بھر میں ہڑتال کی گئی اور مارکیٹیں اور دکانیں بند رہیں اور سڑکوں سے عوامی ٹرانسپورٹ بھی غائب رہا۔ جماعت اسلامی کی اپیل پر ملک کے معاشی حب کراچی میں بجلی کے اضافی بلوں، مہنگائی کیخلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی جس کے باعث شہر کی تھوک اور پرچون کی تمام اہم مارکیٹیں بند رہیں، پبلک ٹرانسپورٹ غائب ہونے سے سڑکوں پر ٹریفک بھی معمول کی نسبت بہت کم رہی، بیشتر علاقوں میں پیٹرول پمپ بھی بند نظر آئے، ہڑتال کی کامیابی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ شہر کے اکثر علاقوں میں چائے کے ہوٹل اور ٹھیلے و پتھارے بھی بند تھے۔ ہڑتال کی وجہ سے ہفتہ 2 ستمبر کو شہر کی اہم مارکیٹیں جوڑیا بازار، کپڑا مارکیٹ، ٹی مارکیٹ، لائٹ ہاؤس، سائیکل مارکیٹ، اردو بازار، کاغذی بازار، اکبر روڈ موٹر سائیکل مارکیٹ، پلازہ آٹو مارکیٹ، بولٹن مارکیٹ، پان منڈی، ایم اے جناح روڈ، بوہری بازار، صرافہ بازار، الیکٹرانکس مارکیٹ، کوآپریٹو مارکیٹ، صدر، گل پلازہ، جامع کلاتھ آرام باغ فرنیچر مارکیٹ، لیاقت آباد، حیدری، طارق روڈ، بہادرآباد، کریم آباد، گلستان جوہر، گلبہار سینٹری مارکیٹ، نیو ایم اے جناح روڈ اور خالد بن ولید روڈ کی کار شوروم مارکیٹیں اور واٹر پمپ کے بازار بھی بند رہے۔ شارع فیصل پر واقع دکانیں بھی ہفتہ کو بند تھیں اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ کراچی کے تمام بڑے اور اہم تجارتی مراکز مکمل طور پر بند رہے، البتہ مختلف بڑے شاپنگ مال اور سپر اسٹور کھلے نظر آئے، اسی طرح بیشتر رہائشی علاقوں میں واقع دکانیں بھی کھلی تھیں۔ ادھر ہفتہ کو جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں بجلی بلوں میں اضافے پر ہڑتال کی گئی، دکانیں اور تجارتی مراکز بند اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ جماعت اسلامی کی ہڑتال پر نیشنل ہائی وے پر موجود دکانیں اور ہوٹل بند رہے جبکہ کئی مقامات پر سڑکیں بند رہیں، نیشنل ہائی وے پر ٹائر نذر آتش کرتے ہوئے ٹریفک کی روانی معطل کردی گئی جبکہ گلشن حدید سے چلنے والی ریڈ بس سروس بھی معطل کی گئی۔ قائد آباد منزل پمپ پر سیاسی جماعت کے کارکنان پہنچ گئے جبکہ ہیوی ٹریفک کی داؤد چورنگی پر طویل قطاریں لگ گئیں۔ اسٹیل مل بیلی پلازہ میں بھی ٹائر جلا کر ٹریفک روک دی گئی۔

بقیہ 45 بجلی بل/ ریلیف نہ ملا

تاحال عملی طور پر منظوری نہیں دی۔ وزارت خزانہ اور وزارت توانائی کے اعلیٰ حکام کو سوالات بھیجے گئے لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔ تاہم ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف پاکستانی مذاکرات کاروں کو بہت مشکل وقت دے رہا ہے اس لیے دونوں فریق اب تک اضافی بلوں کی ادائیگی کے فارمولے پر کوئی اتفاق رائے پیدا کرنے میں ناکام رہے۔ اس ہفتے پاکستانی فریق نے آئی ایم ایف کے ساتھ اپنے منصوبے کا اشتراک کیا تاکہ بجلی استعمال کرنے والے 400 صارفین کو اضافی بلوں میں ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ اس کے کسی بھی اہداف کی خلاف ورزی نہیں کی جائے گی۔ تاہم آئی ایم ایف نے اس بارے میں سوالات اٹھائے کہ رواں مالی سال کے لیے پاور سیکٹر کی سبسڈی کی 967 ارب روپے کی مختص رقم کے مجموعی سائز میں اضافہ کیے بغیر مطلوبہ سبسڈی کی رقم کی مالی اعانت کیسے کی جائے گی۔ وزارت خزانہ نے جواب دیا کہ وہ آئی ایم ایف کے تمام اہداف کی تعمیل کریں گے جس میں اضافی سبسڈی کی رقم کے مقصد کے لیے سپلیمنٹری گرانٹس پر پابندی بھی شامل ہے۔ تاہم آئی ایم ایف پروگرام کے تحت تکنیکی سپلیمنٹری گرانٹ کی فراہمی کی اجازت ہے اس لیے فنڈز کی منتقلی رواں مالی سال کے بجٹ خسارے اور بنیادی خسارے کے تحت متوقع اہداف میں اضافے کے بغیر کی جاسکتی ہے۔ وزارت خزانہ نے اپنا منصوبہ پیش کیا جس کے تحت 250 ارب روپے کی بچت کی فراہمی سے مطلوبہ اضافی وسائل کو پاور سیکٹر کے لیے سبسڈی کی اضافی ضرورت کی فراہمی کی جانب موڑا جاسکتا ہے۔ پاکستان بجلی کی سبسڈی، گردشی قرضے میں جمع ہونے کے مقررہ ہدف کے ساتھ ساتھ رواں مالی سال کے لیے جی ڈی پی کے 0.4 فیصد کے بنیادی سرپلس کی وجہ سے آئی ایم ایف کے طے شدہ اہداف کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔

بقیہ 46 الیکشن کمیشن/ بڑا فیصلہ

انعام اللہ خان کو ارسال کردہ مراسلہ میں پولیس سروس آف پاکستان اور پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے افسران کے علاوہ تمام وفاقی افسران خصوصاً سیکرٹریٹ گروپ، آفس مینجمنٹ گروپ اور ایکس کیڈر افسروں کو فوراً وفاق رپورٹ کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں اور اس حوالے سے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ 3 سے 4 روز میں افسروں کی فہرست مرتب کر کے فراہم کرے، دوسری جانب اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن کا مراسلہ موصول ہونے کے بعد فوری طور پر افسران کی فہرست کو مرتب کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن جو مراسلہ بھیجا ہے۔

بقیہ 47 پاک بھارت میچ/ بے نتیجہ

دیا۔ پاکستانی فاسٹ بولروں شاہین، حارث اور نسیم نے بھارت کو بڑا اسکور کرنے نہیں دیا۔ بھارتی اننگز ختم ہونے کے ساتھ ہی بارش شروع ہوئی اور مزید میچ نہ ہوسکا۔ ہفتے کو پالی کیلے میں پاکستانی فاسٹ بولنگ نے بھارتی بیٹنگ کے بڑے برج گرادیئے۔ پیر کو اسی گراؤنڈ میں بھارت اور نیپال کا میچ ہوگا جبکہ پاکستانی ٹیم بدھ کو سپر فور مرحلے کا پہلا میچ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں بنگلہ دیش یا افغانستان کے خلاف کھیلے گی۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور پوری ٹیم سات گیندیں قبل 266 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ تمام وکٹیں پاکستانی فاسٹ بولروں نے حاصل کیں۔ شاہین شاہ آفریدی نے دس اوورز کے اسپیل میں 35 رنز کے عوض چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ نسیم شاہ نے 36 اور حارث رؤف نے 58 رنز کے عوض تین تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اسپنر شاداب خان، محمد نواز اور سلمان آغا نے 21 اوورز کرا کے 133 رنز دیئے لیکن اسپنرز کو وکٹ نہ مل سکی۔ بھارت کے 66 رنز پر چار وکٹ گرنے کے بعد ہاردیک پانڈیا اور ایشان کشن نے پانچویں وکٹ پر 141 گیندوں پر 138 رنز کی شراکت قائم کی۔ دونوں نے درمیانے اوورز میں اننگز کو استحکام دیا۔ پاکستان کی جانب سے بولنگ کا آغاز شاہین شاہ آفریدی نے کیا اور ابتدائی اوورز میں بھارتی بیٹرز نے پر اعتماد انداز میں آغاز کرتے ہوئے چار اوورز میں کوئی وکٹ نہ گرنے دی۔ تاہم اس موقع پر میچ میں بارش نے مداخلت کردی جس کے سبب آدھے گھنٹے سے زائد تک کھیل رکا رہا۔ میچ دوبارہ شروع ہوا تو شاہین شاہ آفریدی زیادہ بہتر ردھم میں نظر آئے اور تیسری ہی گیند پر شاہین نے بھارتی کپتان روہت شرما کو بولڈ کردیا۔ شاہین آفریدی نے نپی تلی بولنگ کا سلسلہ جاری رکھا اور اپنے اگلے اوور کی تیسری گیند پر ویرات کوہلی کی وکٹیں بکھیر کر اپنی ٹیم کو دوسری کامیابی دلائی۔ حارث رؤف کو بولنگ دی گئی۔ شریاس آئیر نے ان کا استقبال دو چوکے لگا کر کیا لیکن اگلے اوور میں فاسٹ بولر نے اس کا بدلا انہیں پویلین رخصت کر کے لیا اور بھارتی ٹیم 10 اوورز میں 48 رنز پر 3 وکٹیں گنوا بیٹھی تھی۔ شبمن گل پوری اننگز کے دوران جدوجہد کرتے نظر آئے اور بالآخر ان کی 32 گیندوں پر 10 رنز کی اننگز کی حارث رؤف کے ہاتھوں ہی اختتام کو پہنچی اور بھارت کو 66 رنز پر چوتھا نقصان پہنچا۔ ایشان کشن نے دوسرے اینڈ سے ذمے دارانہ بیٹنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے اور ہاردک پانڈیا کے ساتھ ٹیم کو مشکل سے نکالنے کی تگ ودو میں مصروف ہیں۔ ایشان کشن نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 54 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کی، ان کی اننگز میں 7 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ دونوں کھلاڑیوں دباؤ میں عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے 100 رنز سے زائد کی شراکت قائم کی جبکہ اس دوران ہاردک پانڈیا نے اپنی نصف سنچری بھی مکمل کرلی۔

بقیہ 48 بیوروکریسی/ تقرر وتبادلے

تبادلہ کر کے انہیں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ پنجاب حکومت میں تعینات گریڈ 20 کے قیصر سلیم کی 15 ستمبر 2023 سے 13 اگست 2024 تک اور سندھ حکومت میں تعینات گریڈ 18 کی ساجدہ ایاز قاضی کی 7 ستمبر 2023 سے 18 ستمبر 2024 تک سٹڈی لیو منظور کی گئی ہے۔ مذکورہ تمام افسران کا تعلق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس سے ہے۔ دوسری جانب وفاقی حکومت نے پولیس سروس آف پاکستان کے 6 افسران کی خدمات بلوچستان حکومت کے سپرد کی ہیں۔

بقیہ 49 پی ٹی آئی

کی تردید کردی۔ ترجمان تحریک انصاف کے مطابق پی ٹی آئی ملک میں جاری بدترین ریاستی جبر وفسطائیت کی شدید مذمت کرتی ہے۔ ایک غیر ملکی قانونی فرم کے حوالے سے زیر گردش گمراہ کن اطلاعات میں کوئی صداقت ہے نہ ہی ایسے کسی اقدام کو جیل میں قید چیئرمین پی ٹی آئی کی تائید حاصل ہے۔ جبر بربریت اور لاقانونیت کے سامنے نظام عدل کا افسوسناک ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے کہا گیا کہ ہم تحریک انصاف پاکستان کے نظام انصاف ہی سے حقوق و انصاف کی طلب گار اور ملک کے نظام عدل سے آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کیلئے موثر اقدامات کی متقاضی ہے۔ ترجمان کے مطابق قاتلانہ حملے کا مقدمہ نہ بنائے جانے اور حملے کی تحقیقات سبوتاژ کرنے کے علاوہ چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف محض 16 ماہ کے دوران 180 سے زائد جھوٹے اور جعلی مقدمات قائم کرکے قانون وانصاف کی دھجیاں اڑائی گئی ہیں۔

بقیہ 50 مہنگائی/ تشویشناک اضافہ

رہی جیسا کہ روپیہ اور بڑھتے بلوں کا الزام آئی ایم ایف کے بیل آؤٹ پیکیج پر ہے جس نے قیمتوں پر لگام ڈالنے کی حکومتی کوششوں میں رکاوٹ ڈالی۔ پاکستان اس موسم گرما میں ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا جب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ لاسٹ لائن ڈیل پر اس شرط پر راضی ہوا کہ حکومت سبسڈی میں کٹوتی کرے جس سے زندگی گزارنے کے اخراجات کم ہو گئے۔ اس کے بعد روپیہ ڈالر کے مقابلے میں 300 کی تاریخی حد کو عبور کرچکا ہے، جبکہ اسلام آباد نے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کردیا اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جس سے وسیع پیمانے پر عدم اطمینان پھیل گیا۔

بقیہ 51 پی ٹی آئی/ وکیل ہٹادیا

حراست اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے حوالے سے کیس لڑنے کے لیے جس برطانوی وکیل کو جیفری رابرٹسن کو ہائیر کرنے کا اعلان جس ٹویٹ میں کیا تھا وہ سوشل میڈیا میں ہونے والی تنقید کے چند ہی گھنٹوں میں ہٹادیا اور اس وکیل کی خدمات کے حصول کا سلسلہ بھی منقطع کردیا ہے۔ ڈاؤٹی اسٹریٹ چیمبرز کے مطابق پی ٹی آئی نے بتایا ہے کہ پاکستان میں تنقید کے بعد جیفری رابرٹسن کی خدمات حاصل نہیں کی جائیں گی۔ یکم ستمبر کو ڈاؤٹی اسٹریٹ چیمبرز کی جانب سے یہ ٹویٹ کیا گیا کہ "سابق وزیراعظم پاکستان عمران خان اور پی ٹی آئی نے ڈاؤٹی اسٹریٹ کے چیمبرز کے انسانی حقوق کے بیرسٹر جیفری رابرٹسن کے سی کو غیر قانونی حراستوں اور انسانی حقوق کی پامالی کے حوالے سے بین الاقوامی عدالتوں میں مشاورت اور نمائندگی کے لیے مقرر کیا ہے۔" پی ٹی آئی نے اپنے سرکاری ٹوئیٹر ہینڈل سے ری ٹویٹ دیتے ہوئے تصدیق کی کہ جیفری رابرٹسن کے سی کو ہائیر کرلیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی نے اعلان کیا ہے کہ "پی ٹی آئی کے چیئرمین سابق وزیراعظم عمران خان نے انسانی حقوق کے نامور وکیل بیرسٹر جیفری رابرٹسن کے سی کو اپنی مشاورت اور عالمی عدالتوں میں اپنی غیر قانونی حراست اور اپنے انسانی حقوق کی پامالیوں پر نمائندگی کے حوالے سے مقرر کیا ہے۔" اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے ایک ذریعے نے کہا کہ جیفری رابرٹسن کے سی کو ہائیر کرنے کے فیصلے کے حوالے سے کہا کہ یہ فیصلہ عمران خان زلفی بخاری اور پاکستان میں عمران خان کے وکلاء اور برطانیہ میں موجود اہم لوگوں کی مشاورت سے کیا گیا"۔ جیفری رابرٹسن اس سے پہلے کامیابی کے ساتھ مشہور اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی میں برازیل کے صدر لولا ڈی سلوا کی نمائندگی کی کیونکہ انہیں بھی برازیل میں متعصب عدلیہ کا سامنا تھا۔ وہ ٹرائل اور اپیل کونسل کے طور پر ایک بین الاقوامی منصف کے طور پر اور انسانی حقوق اور بین الاقوامی انصاف کے متعلق کتابوں کے مصنف ہیں اور اسی طرح (اس معاملے میں بھی) یہ انتہائی جلد بے نقاب ہوں گی۔ پی ٹی آئی کے رہنما اور عمران خان کے سابق مشیر شہباز گل نے کہا کہ "چیف جسٹس بندیال اور ان کی عدالتوں سے مایوسی کے بعد ہمارے کپتان کا کیس اب بین الاقوامی عدالت انصاف میں لڑا جائے گا اور اس مقصد کے لیے عالمی وکلاء کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔" ڈاؤٹی اسٹریٹ چیمبرز نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ پاکستان میں تنقید کے بعد جیفری رابرٹسن کی خدمات حاصل نہیں کی جائیں گی۔ چیمبرز میں ذرائع نے بتایا کہ جیفری رابرٹسن کے سی نے پی ٹی آئی کے رہنماؤں عمران خان، زلفی بخاری، عمران خان کے وکلا سے ملاقاتیں کیں۔ یہ بھی بتایا کہ جیفری رابرٹسن کو ان کے ابتدائی کام کا معاوضہ ایڈوانس ادا کر دیا گیا تھا۔ ڈاؤٹی اسٹریٹ چیمبرز نے کہا کہ اس نے پی ٹی آئی کی درخواست پر اس تعلق داری کو ٹویٹ ہٹادیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ چیمبر میں 500 وکلا شامل ہیں اور جو بھی ان کی خدمات کی فیس ادا کرتا ہے وہ ان کی جانب سے کیس لڑتے ہیں۔ جیسے ہی پی ٹی آئی نے اعلان کیا کہ وہ جیفری رابرٹسن کے سی کو ہائیر کر رہی ہے تو اس پر میڈیا پر بہت تنقید ہوئی کہ وہ پاکستانی ملٹری کے خلاف مہم میں ملوث رہے ہیں اور یہ کہ 1971 کی جنگ کے حوالے سے اور پاکستان کے بنگلہ دیش اور پاکستان میں دو ٹکڑے ہونے کے حوالے سے نفرت انگیز نظریات کو فروغ دیتے رہے ہیں۔ لندن میں مقیم ایک صحافی شیخ جو یوسف نے ڈاؤٹی اسٹریٹ چیمبرز سے دریافت کیا کہ "عالمی عدالتیں"؟ عالمی عدالت انصاف کا ڈومین تو ریاستوں اور آئی سی سی کی ڈیلنگ کے حوالے جنگی جرائم کے مجرموں سے ڈیل کرتا ہے آپ کیسے اور کہاں ان کی نمائندگی کریں گے؟

بقیہ 52 ن لیگ

کا مقصد بتا کر عالمی عدالتوں میں جارہے ہیں۔ ن لیگ کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان میں ریاست مدینہ کے جھوٹے دعوے اور باہر کی دنیا میں اسلام مخالف لابی سے مدد کی اپیل، سلمان رشدی دنیا بھر کے مسلمانوں کی دل آزاری کا باعث ہے۔ مریم نواز نے ٹوئٹ کرتے کرتے مزید کہا منافقت کی بھی حد ہوتی ہے۔ مریم نواز نے کہا کتنے تعجب کی بات چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنی نمائندگی کرنے کیلئے اسی وکیل کا انتخاب کیا جس نے ملعون سلمان رشدی کا مقدمہ لڑا تھا، اگر ایسے لوگوں کے ساتھ مل کر پاکستان کیخلاف سازباز کرنا ہے تو ریاست مدینہ کا دعویٰ کیوں؟ مریم نواز نے کہا یہی چیئرمین پی ٹی آئی کا دوہرا چہرہ ہے۔ جبکہ مسلم لیگ ن کے رہنما عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عالمی عدالتوں میں دو ممالک کے درمیان تنازعات لے جائے جاتے ہیں، اب یہ ملک کو عالمی عدالت میں گھسیٹ رہے ہیں۔ پارٹی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ سیاست کو مذہب کے ساتھ گڈ مڈ کرنے کے ہم قائل نہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ملعون رشدی کے وکیل کو فخر سے اپنا وکیل کرنے کا اعلان کیا۔ جیفری رابرٹسن چیئرمین پی ٹی آئی کی نمائندگی کریگا کیا آپ کو صرف یہی ایک وکیل ملا تھا کیا دنیا میں اور قابل وکلا نہیں ہیں؟ جیفری رابرٹسن ریاستوں کیخلاف کام کرنے والوں کی وکالت کرتا رہا۔ جیفری رابرٹسن نے ملعون سلمان رشدی کو اپنے گھر میں پناہ دے رکھی تھی۔ عطا تارڑ نے کہا کہ آپ کے قول وفعل میں تضاد ہے، اگر آج تمام حدیں پار کر دیں، اپنی سیاست بچانے کیلئے دنیا کو پیغام دیا جارہا ہے پاکستان محفوظ نہیں، اپنی حمایت کیلئے اسلام اور ملک دشمنوں کو کھڑا کیا جارہا ہے۔ ملک دشمنی کے بعد اسلام دشمنی شروع کردی گئی۔

بقیہ 53 معین خان/ جیو کے پروگرام

تھا۔ سکندر بخت نے کہا کہ میچ کے شروع کے اوورز شاہین نے اچھے نہیں کرائے۔ اسپورٹس جرنلسٹ سید یحییٰ حسینی نے کہا کہ پاکستان کی باؤلنگ دیکھنے کے بعد آپ کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کی ٹیم بہتر ہے۔ معین خان نے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے ایک موقع ضائع کیا ہے اتنا بڑا اسکور نہیں ہونا چاہیے تھا۔ انڈیا کے ٹاپ آرڈر بیٹنگ کو گریپ کرلیا تھا وراٹ اور روہت شرما دونوں ہی جلدی آؤٹ ہوگئے تھے۔ 63 کے اسکور پر چار کھلاڑی آؤٹ ہو گئے تھے اس کے بعد ایک بڑی پارٹنرشپ نظر آئی۔ کپتان کو یہاں اپنی کپتانی پر نظرثانی کرنا پڑے گی کہ ہم نے انڈیا کو موقع دیا کہ یہاں تک اسکور لے جائیں۔ ابھی اگر میچ جاری رہتا تو پاکستان کے لئے اسکور حاصل کرنا مشکل ہوتا میچ کی ابھی بارش کے بعد کیا صورتحال ہوتی ابھی ہوتی نہیں ہوتی بال ہلے پر آئی نہیں آئی پاکستان کو یہاں پر جدوجہد کرنا پڑتی۔ ایک سال سے پاکستانی ٹیم مسلسل اچھی کرکٹ کھیل رہی ہے اور نمبرون پر بھی آئی ہے۔ سابق کرکٹر سکندر بخت نے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسکور قابل حصول ہے اور مگر مشکل ہوگا۔ اگر بیس پچیس اوورز کا میچ ہو جاتا تو معلوم ہوتا کہ ہمارے بلے باز کس موڈ میں ہیں۔ میچ کے شروع کے اوورز شاہین نے اچھے نہیں کرائے بال کی سمت بائیں جانب تھی بعد میں وہ بہت اچھا ہوگیا۔ انڈین کو اس لئے بھی نقصان ہوا کہ بریک آگیا تھا جب وہ واپس آئے تو ایک دم سے آؤٹ ہوگئے۔ کپتان کو اس طرح کی جو صورتحال آتی ہیں اس میں پریشر مزید بڑھانا چاہیے سلپ ضرور رکھے شارٹ کور رکھنے اس کو تھوڑا بہتر کرے پڑے گا اس سے پاکستانی بولنگ مزید بہتر ہوتی جائے گی۔ سابق کرکٹر عبدالرزاق نے کہا کہ پاکستان وہاں حال ہی میں افغانستان کے ساتھ کھیل کر 300 کا ہدف حاصل کرچکا ہے انڈیا کے مقابلے میں افغانستان کی اٹیک ایک بہت اچھی ہے۔ یہ میچ مکمل ہونا چاہیے تھا [illegible] سے اندازہ ہوتا کہ پاکستان کے بلے بازوں پر دباؤ ہے یا نہیں ہے کیسے اس کو ہینڈل کر رہے ہیں۔ موسم پاکستان کی ٹیم کے حق میں آیا جب ایسی چیزیں ہوتی ہیں تو سارے دباؤ دوسری ٹیم پر چلا جاتا ہے جنہوں نے فیلڈنگ کرنی ہوتی ہے۔ عوام بھی یہ چاہتی ہے کہ میچ پھنسے تھوڑا تجسس ہو یہ نہیں کہ ایک طرف طور پر انڈیا یا پاکستان جیت جائے تو پھر کرکٹ کا مزہ کرکرا ہو جاتا ہے۔

بقیہ 54 واپڈا/ نیشنل گرڈ

یونٹ بجلی فراہم کر رہے ہیں، واپڈا کی توانائی کیپسٹی 32 سو میگاواٹ سے زائد ہے جو سستی بجلی 16 روپے یونٹ فراہم کر رہا ہے، ہائیڈرو الیکٹرک بجلی ملک میں امپورٹڈ کول، ڈیزل، گیس پیٹرول سے بننے والی بجلی سے انتہائی ارزاں۔ چشمہ الیکٹرک پاور پلانٹ ون ٹو تھری فور اور کراچی کے ساحل پر واقع کراچی الیکٹرک پاور پلانٹ ٹو کراچی الیکٹرک پاور پلانٹ تھری اور مجموعی طور پر سوا 3 سے ساڑھے 3 ہزار میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ کو دے رہے ہیں۔ اس طرح پاکستان میں امپورٹڈ کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی کے ساتھ ساتھ درآمدی فرنس آئل، ڈیزل، گیس اور پیٹرول سے بننے والی بجلی مہنگی ہے۔ پچاس سے زائد انڈی پینڈنٹ پاور پروڈیوسرز کی طرف سے مہیا کی جانیوالی بجلی اور کیپسٹی سرچارج ادا کر کے قوم کو مہنگی ترین بجلی نیشنل گرڈ میں آ رہی ہے۔ فی الحال آئی پی پیز سے حکومت نے بجلی کی خریداری کم یا نہ ہونے کے برابر کر دی ہے مگر تمام آئی پی پیز کو وزارت خزانہ حکومت پاکستان سے معاہدوں میں درج "کیپسٹی چارجز" ادا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ واپڈا کے 2 بڑے پن بجلی گھر جو تربیلا ڈیم اور منگلا ڈیم غازی بروتھا میں بجلی پیدا کر رہے ہیں ان کی پیداواری استعداد 9 ہزار 459 میگاواٹ ہے۔ واپڈا نیشنل گرڈ میں 8 ہزار میگاواٹ بجلی 3 روپے 51 پیسے فی میگاواٹ کے ریٹ پر دے رہا ہے جو صارفین 50 روپے سے 62 روپے تک فی یونٹ خریدنے پر مجبور ہیں۔ واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک بجلی تربیلا میں 3 ہزار 478 میگاواٹ بنا رہا ہے جبکہ تربیلا ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے چوتھے توسیعی منصوبے سے 1410 میگاواٹ بجلی بنا رہا ہے۔ غازی بروتھا ہائیڈرو پراجیکٹ سے 1450 میگاواٹ بجلی بنا کر نیشنل گرڈ میں مہیا کر رہا ہے۔

بقیہ 55 بجلی/ اضافے پر غور

پڑیگا۔ ٹیکسز، سرچارجز، فیول ایڈجسٹمنٹ، کپیسٹی چارجز کی ادائیگی صارفین کو الگ کرنا پڑے گی، 500 یونٹ پر بجلی بل 13 سے بڑھ کر 16 ہزار، 700 یونٹ پر 24 سے بڑھ کر 28 ہزار ہوگا، ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت آئی ایم ایف سے سبسڈی کی رعایت ملنے پر بنیادی ٹیرف اور صارفین پر بجلی کا اضافی بوجھ ڈالنے کیلئے فیصلہ کرے گی۔ نیپرا نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی درخواست پر جو فیصلہ کیا ہے اس فیصلے پر عملدرآمد کی صورت میں گھریلو صارفین پر سلیب وائز بوجھ پڑیگا۔ ماہانہ سو یونٹ کا ٹیرف 13 اعشاریہ چار سے بڑھ کر 18 اعشاریہ 36 روپے یونٹ بغیر ٹیکسوں اور سرچارجز کے ہوجائیگا۔ سو یونٹ استعمال کرنے والے صارف کا بل 1836 روپے آئیگا۔ ماہانہ 200 یونٹ کا ٹیرف 23 روپے 91 پیسے فی یونٹ ہوگا اور بل 3700 سے بڑھ کر 4700 روپے ماہانہ ہو جائیگا۔ 300 یونٹ ماہانہ استعمال کرنے والوں کا بجلی کا بل 6 ہزار سے بڑھ کر 8 ہزار تک پہنچ جائیگا۔ 4 سو یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کا بل 10 ہزار سے بڑھ کر 12 ہزار تین سو روپے ہو جائیگا۔ 500 یونٹ کے استعمال پر بجلی کا بل 13 ہزار سے بڑھ کر 16 ہزار تک جا پہنچے گا۔ ماہانہ 700 یونٹ استعمال کرنے پر بل گزشتہ مہینے تک 24 ہزار روپے آیا تھا وہ بڑھ کر 28 ہزار روپے ہو جائیگا۔ ان بلوں میں نصف درجن کے لگ بھگ ٹیکسز، سرچارجز، کیپسٹی چارجز اور ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ الگ سے شامل ہونگے۔ گزشتہ ہفتے نیپرا نے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 4 روپے 96 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دی۔ نیپرا ذرائع کے مطابق 2 ستمبر 2023ء کو گھریلو بجلی کے کنکشن کی فی یونٹ قیمت مختلف سلیب میں مختلف ہوگی۔

بقیہ 56 صدر/ اہم شخصیات سے ملاقات

کے ذرائع کنفرم کر رہے ہیں کہ جمعہ کو صدر کی دو اہم شخصیات سے ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات کے دوران ایوان صدر کا وہ فلور جہاں صدر مملکت کا آفس چیمبر ہے کسی کو بھی آمد ورفت کی اجازت نہیں تھی، ایوان صدر کے عملے کو بھی روک دیا گیا تھا۔ تین بڑوں کی اس ملاقات میں کیا ہوا؟ اس حوالے سے ایوان صدر یا کسی دوسرے ذریعے سے کوئی بیان اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا، تاہم ملکی صورتحال کے پس منظر میں اس ضمن میں سوشل میڈیا پر قیاس آرائیوں کا طوفان برپا ہے۔ کچھ لوگ امکان ظاہر کرتے ہیں کہ صدر آئندہ 72 گھنٹے میں الیکشن کی تاریخ کا اعلان کر سکتے ہیں یہ بھی کہا جارہا ہے کہ الیکشن کی تاریخ مقرر کرنے کیلئے صدر نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھا تھا الیکشن کمشنر نے ایوان صدر جانے سے معذرت کرلی تھی اور ایوان صدر پر واضح کر دیا تھا کہ الیکشن ایکٹ 2017 آرٹیکل 57 کے مطابق الیکشن تاریخ مقرر کرنے کا اختیار کمیشن کے پاس ہے، صدر نے وزارت قانون سے رائے طلب کی تو وزارت قانون کا بھی یہی جواب تھا جس کے بعد کہا جاتا رہا کہ صدر آئین کے آرٹیکل 58 کے مطابق الیکشن کی تاریخ کا اعلان کر سکتے ہیں اس لئے بھی یہ ملاقات اس تناظر کے حوالے سے اہمیت کی حامل تھی ملاقات کا ایک اور پہلو آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں ترامیم کے ضمن میں ہے جس پر صدر نے ٹویٹ جاری کی تھی کہ انہوں نے تو ان بل پر دستخط نہیں کئے تھے جس کے بعد یہ بل ازخود قانون بن گئے تھے اور ایک تیسرا پہلو صدر کے عہدہ میعاد کے حوالے سے ہے، صدر علوی کے عہدہ صدارت کی میعاد 8 ستمبر کو مکمل ہورہی ہے ایوان صدر نے اس بات کی تصدیق نہیں کی کہ صدر عہدہ صدارت کی میعاد مکمل کرکے گھر چلے جائیں گے، کیونکہ آئین کے تحت نئے صدر کے آنے تک موجودہ صدر برقرار رہ سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ایوان صدر نے آئندہ ہفتے کیلئے صدارتی سرگرمیوں کا جو مجوزہ شیڈول تیار کیا ہے اس کے مطابق صدر علوی آج سے 4 روزہ دورے پر لاہور جا رہے ہیں، صدر کی 7 ستمبر کو واپسی ہوگی مبصرین کا کہنا ہے کہ تاریخ کے حوالے سے الیکشن کمیشن بھی آئندہ ہفتے عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرسکتا ہے۔ اگر ایوان صدر اور الیکشن کمیشن سے الگ الگ تاریخوں کا اعلان ہوا تو ایسی صورت میں ابہام دور کرنے کیلئے فیصلہ سپریم کورٹ میں ہوگا، جہاں انتخابات 90 روز میں کرانے کیلئے پاکستان بار کونسل، سپریم کورٹ بار، جماعت اسلامی، پی ٹی آئی سمیت دیگر اپیلیں سماعت کیلئے موجود ہیں۔

بقیہ 57 شاہ محمود/ ضمانت خارج

بنیاد پر شاہ محمود قریشی اور فواد چوہدری کی ضمانت خارج کرنے کا حکم سنایا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے ماڈل ٹاؤن میں مسلم لیگ (ن) کا سیکرٹریٹ جلانے کے کیس میں فواد چوہدری اور نو مئی واقعے کے 6 مقدمات میں شاہ محمود قریشی کی عبوری ضمانت خارج کی۔ خیال رہے کہ شاہ محمود قریشی اس وقت سائفر انکوائری کیس میں 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔ علاوہ ازیں انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی کے مختلف مقدمات پر سماعت کرتے ہوئے یاسمین راشد، محمود الرشید اور اعجاز چوہدری کو واپس جیل بھیج دیا۔ عدالت نے تینوں رہنماؤں کو 5 ستمبر تک واپس جیل بھیج دیا ہے۔

بقیہ 58 چیئرمین پی ٹی آئی کا پیغام

چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد لیگل ٹیم نے اٹک جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا چیئرمین پی ٹی آئی تندرست اور مکمل فٹ ہیں، بیرسٹر شعیب شاہین کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی نے پیغام میں کہا ملک میں جب تک سیاسی استحکام نہیں آئے گا تب تک ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ بیرسٹر شعیب شاہین نے مزید بتایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے پیغام میں کہا ملک میں عدالتوں کا احترام نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کوئی ڈیل نہیں کی اس کی تردید کرتا ہوں۔ شعیب شاہین نے مزید بتایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی روزانہ ایک گھنٹہ ایکسرسائز کرتے ہیں۔ شعیب شاہین کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی نے پیغام دیا ہے اپنے راستے سے نہیں ہٹوں گا۔

پالے کیلے: ایشیا کپ کے میچ میں بھارتی کپتان روہت شرما کے بولڈ ہونے کا منظر جبکہ دوسری تصویر میں پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی بھارتی بیٹر ویرات کوہلی کو بولڈ کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

ایشیا کپ، میچز کے ٹکٹس ری فنڈ سے متعلق پالیسی جاری

میچ ٹاس سے پہلے ختم ہوا یا پھر میچ کا وینیو تبدیل ہونے کی صورت میں ٹکٹس ری فنڈ ہو سکیں گی

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ایشیا کپ کے میچز کے ٹکٹس ری فنڈ ہونے سے متعلق پالیسی جاری کر دی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بھی سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ شیئر کی گئی جس میں ٹکٹس ری فنڈ پالیسی کی وضاحت کی گئی ہے۔ پی سی بی کے مطابق ایشیا کپ کے میچز کے ٹکٹس صرف اسی صورت میں ری فنڈ ہو سکیں گے جب میچ ٹاس سے پہلے ختم ہو جائے یا پھر میچ کا وینیو تبدیل ہو جائے اور ٹکٹ ہولڈر کے لیے نئے وینیو پر میچ دیکھنے کے لیے پہنچنا مشکل ہو۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ ٹکٹس ری فنڈ نہیں ہوں گے اگر ٹاس ہو جانے کے بعد میچ خراب موسم کی وجہ سے ختم کر دیا جائے یا موخر کر دیا جائے اور دوبارہ کھیلا جائے تاہم اگر میچ ری شیڈول ہو اور ٹکٹ ہولڈر کے لیے میچ دیکھنا ناممکن ہو تو اس صورت میں ٹکٹ ری فنڈ ہو جائے گا۔ ٹکٹس ری فنڈ کے لیے تمام درخواستیں پی سی بی کی ٹکٹنگ ویب سائٹ پر وصول کی جائیں گی، ری فنڈ درخواست موصول ہونے کے بعد 10 ورکنگ دنوں میں اس پر عمل ہوگا۔ ٹکٹس دوسروں کو فروخت کرنے یا تبدیل کرنے والے ری فنڈ کے حقدار نہیں ہوں گے، گراؤنڈ سے نکالے گئے افراد بھی ٹکٹ ری فنڈ نہیں کرا سکیں گے۔

نیویارک: کیرولین وزنیا کی یو ایس اوپن ٹینس کے تیسرے راؤنڈ میں فتح پر خوشی

پاک جنوبی افریقہ خواتین دوسرا ٹی 20 آج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اتوار کو نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان کو سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں نے ہفتے کو آرام کیا۔ کھلاڑیوں نے ہوٹل میں پاک بھارت میچ دیکھا۔

یو ایس ٹینس: کیرولین وزنیا کی پری کوارٹر فائنل میں

نیویارک (جنگ نیوز) ڈنمارک کی کیرولین وزنیا نے یو ایس اوپن ٹینس کے تیسرے راؤنڈ میں جینیفر بریڈی کو ہرا کر پری کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ روس کی داریا کستاکینا، بیلاروس کی ارینا سبالینکا، امریکا کی کوکا گاف اور سوئٹزرلینڈ کی بلنڈا بینچچ بھی چوتھے راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ مینز سنگلز میں امریکی ٹیلر فرٹز اور نوواک جوکووچ پری کوارٹر فائنل میں آپہنچے۔

لوکی فرگوسن نیوزی لینڈ کے کپتان مقرر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ورلڈ کپ سے قبل بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے سیریز میں لوکی فرگوسن نیوزی لینڈ کی قیادت کریں گے۔ کین ولیم سن کے ان فٹ ہونے کے بعد حال ہی میں ٹام لیتھم کپتانی کر رہے تھے۔

فاسٹ بولرز نے جان ڈال دی، پاکستان ٹیم بھارت سے بہتر، سرفراز احمد

سینٹرل کنٹریکٹ کا مسئلہ جلد حل ہو جائیگا، حکومت بجلی بلز پر ریلیف دے، خواتین کرکٹرز کیلئے تقریب میں گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ ورلڈ نمبر ون ٹیم بننے سے پاکستان ٹیم کا حوصلہ بڑھا ہے۔ ایشیا کپ کے بعد ورلڈ کپ میں بھی اچھا پرفارم کریں گے۔ کھلاڑی جتنے رنز کریں گے اتنے ہی اچھا پرفارم کریں گے۔ ابھی پاکستان ٹیم بھارت سے بہت بہتر ہے۔ ہمارے فاسٹ بولروں نے ٹیم میں جان ڈال دی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سینٹرل کنٹریکٹ کے معاملات کھلاڑیوں اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے درمیان جلد حل ہونے کی امید ہے۔ اس قسم کی صورتحال میں کھلاڑیوں کے دماغ میں بھاری باتیں چل رہی ہوتی ہیں۔ وہ ہفتے کو کراچی میں جنوبی افریقہ کے اعزازی قونصل جنرل ماجد بشیر احمد کی جانب سے خواتین کرکٹرز کی اعزاز میں ظہرانے کے دوران میڈیا سے بات چیت کر رہے تھے۔ سرفراز احمد نے کہا کہ ایشیا کپ میں پاک بھارت میچ ہوا ہے۔ ہر میچ پاکستان کیلئے اہمیت رکھتا ہے جس انداز سے بھارت کیخلاف کھیلے ویسے تمام ٹیموں کیخلاف بھی کھیلنا ہوگا۔ سرفراز نے حکومت سے اپیل کی کہ بجلی کا بل بہت زیادہ آرہا ہے گزارش ہے ہم پر کچھ رحم کریں۔ انہوں نے کہا کہ سولر انرجی استعمال کرنے کے باوجود بجلی کا بل بہت زیادہ آرہا ہے، گزارش ہے کہ ہم پر کچھ رحم کریں، عوام کو ریلیف دیا جائے۔

قومی ٹیبل ٹینس ٹیم کوریا روانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 26ویں ایشین ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کیلئے پاکستانی ٹیم جنوبی کوریا روانہ ہوگئی۔ ایونٹ 3 سے 10 ستمبر تک کھیلی جائیگی۔ کھلاڑیوں میں حور فواد، کلثوم خان، فاطمہ خان، امید شاہ، شاہ خان اور زین حیدر، آفیشلز میں حافظ حسن، منیجر اعجاز علی اور کوچ کفایت اللہ شامل ہیں۔

پاکستان کی فائیو اے سائیڈ ہاکی ورلڈ کپ میں رسائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی ہاکی ٹیم نے فائیو اے سائیڈ ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ ہفتے کو فائیو اے سائیڈ ایشیا کپ فائنل میں بھارت نے پاکستان کو پنالٹی شوٹ آؤٹ پر 6-4 سے شکست دے دی۔ ایونٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر پاکستان نے ورلڈ کپ میں رسائی حاصل کی۔

بارش بھی شائقین کا جوش وخروش کم نہ کرسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اور بھارت کے درمیان ایشیا کپ کے اہم میچ میں بارش کی مداخلت جاری رہی۔ کئی بار کھیل روکنا پڑا لیکن شائقین کا جوش وخروش کم نہ ہو سکا۔ پاکستان، بھارت اور کئی دوسرے ملکوں سے تماشائی روایتی حریفوں کو ایکشن میں دیکھنے کیلئے پالے کیلے اسٹیڈیم میں موجود تھے۔ تماشائیوں دونوں ملکوں کی شرٹس زیب تن کئے ہوئے تھے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کی آج وطن واپسی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایشیا کپ میں بھارت کے خلاف میچ کے بعد پاکستان کرکٹ ٹیم اتوار کی سہ پہر کولمبو سے چارٹرڈ فلائٹ پر لاہور روانہ ہوگی۔ قومی ٹیم چھ ستمبر کو سپر فور مرحلے کا میچ افغانستان یا بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گی۔ سپر فور میں کوالیفائی کرنے کی صورت میں اے ون قرار پائے گی۔ بنگلہ دیش یا افغانستان میں سے کسی کے بھی کوالیفائی کرنے کی صورت میں وہ بی ٹو قرار پائے گی۔

بھارتی ماڈل اروشی نے نسیم شاہ اور پاکستانی اسکواڈ کی تصویر شیئر کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بھارتی ماڈل اور اداکارہ اروشی روٹیلا نے ایشیا کپ میں پاک بھارت میچ کے آغاز سے قبل پاکستانی فاسٹ بولر نسیم شاہ کے ہمراہ پاکستانی اسکواڈ کی تصویر شیئر کردی۔ میچ شروع ہونے سے قبل اروشی نے انسٹاگرام پر جم سے اسٹوری شیئر کی جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اداکارہ نے یہ ورک آؤٹ کے دوران اسٹوری شیئر کی۔ تصویر میں ٹی وی اسکرین پر نسیم شاہ پاکستانی اسکواڈ کے ساتھ نظر آرہے تھے۔

سری لنکا نے کرکٹ ٹورنامنٹس معطل کردیے

کولمبو (جنگ نیوز) سری لنکا کرکٹ نے بورڈ کے زیر انتظام تمام ڈومیسٹک ٹورنامنٹس کو معطل کر دیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ اقدام ان ٹورنامنٹس کی تنظیم سے متعلق تنازع کے سبب کیا گیا ہے۔

شاہین کا شکار، صارفین نے روہت کو خرگوش قرار دے دیا

بھارتی کپتان ابتدا ہی سے مشکلات کا شکار نظر آئے اور 11 رنز بنا کر کلین بولڈ ہوگئے

کراچی (جنگ نیوز) ایشیا کپ میں پاکستان کے اسٹار فاسٹ بولر شاہین آفریدی نے بھارتی کپتان روہت شرما کو ایک بار پھر آؤٹ کلاس کر دیا۔ میچ کے آغاز سے ہی روہت شرما مشکلات کا شکار نظر آئے اور 22 گیندوں پر 11 رنز بنا کر کلین بولڈ ہوگئے۔ شاہین کے ہاتھوں روہت شرما کے شکار پر سوشل میڈیا صارفین خوب تبصرے کر رہے ہیں اور ایکس (ٹوئٹر) پر دلچسپ پوسٹ کر رہے ہیں۔ ایک صارف نے ایکس پر پوسٹ میں لکھا کہ ایسا لگتا ہے کہ روہت شاہین کا نیا خرگوش ہے۔ ایک صارف نے شاہین کی جشن منانے کی تصویر پوسٹ کی اور لکھا کہ یہ ایسے نہیں کھیل سکتے۔ ایک صارف نے لکھا کہ اب روہت شاہین کا آفیشل خرگوش بن چکا ہے۔ خیال رہے کہ اب تک ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے میچوں میں 4 مرتبہ شاہین اور روہت شرما آمنے سامنے آئے ہیں، جن میں روہت شرما نے شاہین کے خلاف 45 گیندوں کا سامنا کیا اور 33 رنز بنائے جب کہ 2 مرتبہ شاہین نے انہیں اپنا شکار کیا۔

ایشیا کپ میں آج بنگلہ دیش کو پرجوش افغانستان کا چیلنج درپیش

بولنگ ہماری طاقت، مڈل آرڈر پر کام کیا ہے، حشمت اللہ، اندازہ ہے کیسے کھیلنا ہے، سری لنکن کوچ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایشیا کپ کا چوتھا میچ اتوار کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں افغانستان اور بنگلہ دیش کے درمیان کھیلا جائے گا۔ بنگلہ دیش کو پہلے میچ میں سری لنکا نے پانچ وکٹ سے ہرایا تھا۔ افغان ٹیم پہلا میچ کھیلے گی۔ افغانستان کے کپتان حشمت اللہ شاہدی نے کہا ہے کہ ہمیں امید ہے کہ پاکستان میں موجود افغان باشندے ہمیں سپورٹ کرنے آئیں گے۔ بولنگ ہماری طاقت ہے۔ اب ہم نے بیٹنگ پر بھی خاصی توجہ دی ہے۔ جو ٹیم اچھی کرکٹ کھیلے گی جیت اس کی ہوگی۔ پچھلی کچھ سیریز میں ہمارا مڈل آرڈر بہتر نہیں تھا لیکن ہم نے اب اس پر کام کیا ہے۔ سکیورٹی بہت زیادہ ہے، ہم صرف ہوٹل میں ہوتے ہیں، پاکستان میں بہت اچھی میزبانی ملی۔ بنگلہ دیش کے کوچ چندریکا ہتھوروسنگھے نے کہا کہ افغانستان کا بولنگ اٹیک دنیا کا بہترین بولنگ اٹیک ہے۔ ہم ان کے خلاف کھیلے ہیں اور ہمارے کھلاڑیوں کو اندازہ ہے کہ انہیں کیسے کھیلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسم کے بارے میں ہم زیادہ کچھ نہیں کر سکتے۔ موسم ہماری پرفارمنس پر اثر انداز نہیں ہوگا۔ ابھی پچ نہیں دیکھی، ابھی تک پلیئنگ الیون کا فیصلہ نہیں کیا۔

ساف انڈر 16 فٹبال

پاکستان نے بھوٹان کو ہرادیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ساف انڈر 16 فٹ بال چیمپئن شپ میں پاکستان نے بھوٹان کو 2-1 سے شکست دیدی۔ بھوٹان کے تاندن پاسنگ نے 13ویں منٹ میں گول کرکے ٹیم کو برتری دلائی لیکن اس کے بعد پاکستانی کھلاڑی کھیل پر چھا گئے۔ 17ویں منٹ میں پاکستانی کپتان عبیداللہ نے گول کرکے میچ برابر کیا اور دوسرا گول سبحان نے اسکور کرکے پاکستان کو کامیابی دلوائی۔ قومی ٹیم اپنا دوسرا میچ پیر 4 ستمبر کو مالدیپ کے خلاف کھیلے گی۔

کھیلوں میں سیاست کو ترجیح دینا ناقابل معافی ہے، نجم سیٹھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی سی بی کے سابق چیئرمین نجم سیٹھی نے کہا ہے کہ کرکٹ کا سب سے بڑا میچ بارش سے متاثر ہونا مایوس کن ہے، سری لنکا میں ان دنوں بارشوں کا ہمیشہ خدشہ رہتا ہے۔ ہفتے کو سوشل میڈیا پر بیان میں انہوں نے کہا کہ بطور پی سی بی سربراہ اے سی سی کو کہا تھا کہ بہتر ہوگا یو اے ای میں کرائیں، سری لنکا کو ایونٹ دینے کے لئے مختلف بہانے بنائے گئے تھے۔

PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL

22nd ENGINEERING PRACTICE EXAMINATION (Fall-2023)

Pakistan Engineering Council under the provisions of PEC Act, 1976 and PDE Byelaws-2008, (amended up to October 31, 2017) is holding 22nd Engineering Practice Examination (EPE) for Registered Engineers (REs) who are eligible to apply for the prestigious title of Professional Engineer (PE). The exam will be held simultaneously in the following proposed Cities on **5th November 2023:**

Islamabad	Rawalpindi	Lahore	Multan	Rahim Yar Khan	Karachi	Hyderabad/ Jamshoro	Sukkur
Peshawar	Swat	Quetta	Khuzdar	Gilgit-Baltistan	Muzaffarabad AJK		

As per PEC Act 1976, *the "PE" has privilege over "RE" in terms of technical sanction authority, design/ process certification, and preference for higher levels leading towards international practice.* All those REs registered with PEC, who meet the following minimum eligibility criteria are eligible to apply:

- Graduated on or after 15th January 2008.
- 5 years of practical experience in relevant field of engineering since registration with PEC till closing date of submission of applications.
- 17 CPD points (Maximum 10 CPD points from work/ job experience and 07 CPD points from other categories of CPD).

The candidates who have already appeared in any EPE exams i.e., **18th, 19th, 20th and 21st EPE** but could not qualify any one part, can also apply to re-appear in the NOT QUALIFIED part.

Application forms, exam format, syllabi, study material and necessary guidelines are available on PEC website under CPD link **(https://pec.org.pk/cpd/engineering-practice-examination/).** Duly filled online application along with fee of Rs 5,000 + Bank Charges (for both parts) and Rs 2,500 + Bank Charges (for single part) may be submitted by **6th October 2023.**

Sr. Additional Registrar - CPD

PID(I):1412/23

Pakistan Engineering Council
Ataturk Avenue (East), Sector G-5/2, Islamabad
PABX: 051 9206974, 9219500, 9219036; Ext.: 104, 251, Email: epe@pec.org.pk

---

PAKISTAN POST
پاکستان پوسٹ

Government of Pakistan
Ministry of Communications
Directorate General Pakistan Post

TENDER NOTICE

1. Pakistan Post invites sealed Bids from the Airlines and their authorized Logistics/Transport Partners for transportation of Airmail world-wide and domestic sectors for a period of 01-year w.e.f. July 1st 2023 to June 30th 2024. The term of the agreement can be extended through addendum on annual basis if both parties agree to it.
2. The tender document containing detailed terms & conditions can be obtained from the Assistant Director (Quality Service) Room # 14, DGPPO, Sector G-8/4, Islamabad during office hours **(0730-1530)** before closing date.
3. The bidding shall be done according to "Single Stage-Two envelope procedure" in line with Clause 36 (b) of Public Procurement Rules, 2004.
4. Technical Bids of the authorized Logistics/Transport Partners of the Airlines must be accompanied with a Bank Draft/Pay Order of PKR.100,000/- as earnest money (Refundable) in favor of Director General, Pakistan Post, Islamabad otherwise the bids will not be accepted.
5. Under the provision of IATA-UPU framework for a postal service agreement, Airlines are required to submit financial bid only. However, their authorized Logistics/ Transport partners are required to submit **"TECHNICAL BID AND FINANCIAL BID"** separately which should reach the undersigned till **02-10-2023 upto 1030 hours.** As per Rule 36 (b) of PPRA Rules 2004, Technical Bids of the authorized Logistics/Transport partners of the airlines will be opened on the same day at **1100 hours** and Financial Bids of Airlines and their technically qualified authorized Logistics /Transport partners shall be opened on a date within the bid validity period in the presence of bidders or their authorized representatives. Bids received after due date and time will not be entertained.
6. This advertisement is also available on Pakistan Post and PPRA websites at www.pakpost.gov.pk and www.ppra.org.pk

Ammar Nazir Qureshi
Director (Express Post)
Directorate General, Pakistan Post, G-8/4, Islamabad.
Ph. 051-9261521

PID(I) 1376-23

شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور

دفتر پروجیکٹ ڈائریکٹر (ورکس)

ٹینڈر طلبی نوٹس

شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، خیرپور کو دلچسپی کے حامل کنٹریکٹرز/ فرموں سے کمپوزٹ شیڈول آف ریٹس (CSR) اور آئٹم ریٹ بنیاد پر سربمہر ٹینڈرز طلب کرتی ہے۔

نمبر شمار	کام کا نام	تخمینی لاگت ملین میں	بڈ سیکورٹی	ٹینڈر فیس	مدت تکمیل
1	شہدادکوٹ کیمپس شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور بمقام شہدادکوٹ کی پرانی عمارتوں کے چھت کے حصوں کی تجدید کا کام	5.600	پیشکش کردہ نرخ کا 3%	3,000/-	04 ماہ

معیار اہلیت:

(i) پیشکش دہندہ لازماً محکمہ انکم ٹیکس، SRB اور FBR سے رجسٹرڈ ہو۔

(ii) پیشکش دہندہ لازماً کم از کم C6 کیٹگری یا بالا میں PEC سے رجسٹرڈ ہو۔

حصول کا طریقہ:

(i) بڈنگ، SPPRA رولز 2010ء (ترمیم شدہ 2013ء) کے مطابق ایک مرحلہ ایک لفافہ طریقہ پر منعقد کی جائے گی۔

بڈنگ/ ٹینڈر دستاویزات:

(i) بڈنگ دستاویزات ٹینڈر فیس -/3000 روپے (ناقابل واپسی) بشکل پے آرڈر بنام پروجیکٹ ڈائریکٹر (ورکس) SALU خیرپور ادائی پر 06-09-2023 تا 20-09-2023 دفتری اوقات کے دوران جاری کی جائیں گی۔

(ii) مندرجہ بالا ٹینڈرز کے واپس جمع کرانے کی تاریخ 21-09-2023 صبح 11:30 بجے تک ہوگی اور ٹینڈرز اسی یوم یعنی 21-09-2023 بوقت دوپہر 12:00 بجے کھولے جائیں گے۔

(iii) بڈز جمع کرانے، انکو وصول اور کھلنے کا مقام درج ذیل ہوگا۔

پتا: دفتر پروجیکٹ ڈائریکٹر (ورکس)، بمقام شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور۔

فون نمبر: 0300-3119060

ای میل ایڈریس: engr.asghar.pd@Salu.edu.pk

عدم جواب ٹینڈرز مندرجہ ذیل تاریخوں کو دوبارہ جاری/ جمع کیے اور کھولے جائیں گے۔

کوشش	(a) تاریخ اجرا	جمع کرانے اور کھلنے کی تاریخ
دوسری	21-09-2023	06-10-2023

فنڈنگ پوزیشن:

ہائر ایجوکیشن کمیشن HEC، اسلام آباد

شرائط وضوابط:

a۔ مندرجہ ذیل شرائط کے تحت پیشکش مسترد کردی جائے گی۔

(i) مشروط اور ایکسٹروڈنگ اور ٹیلی گرافک بڈز/ ٹینڈرز۔

(ii) پیشکشیں جن کے ساتھ درکار رقم اور فارم کی بڈ سیکورٹی منسلک نہیں ہوگی۔

(iii) مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول پیشکشیں۔

(iv) بلیک لسٹڈ فرم۔

(b) پیشکش کارآمدگی مدت: 90 دن

(c) پروکیورنگ ایجنسی کو سندھ پبلک پروکیورمنٹ رولز 2010ء کے متعلقہ مندرجات سے مشروط تمام یا کوئی پیشکش مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

انجینئر غلام اصغر شیخ
پروجیکٹ ڈائریکٹر (ورکس)

No.LUMHS/PSS/1754
مورخہ: 28-08-2023

لیاقت یونیورسٹی

آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز جامشورو، سندھ۔ پاکستان
URL:www.lumhs.edu.pk

ٹیلی فون نمبر: +92-22-9213350 فیکس: +92-22-921330 ای میل: storesection@lumhs.edu.pk "کرپشن کو کہیں سے"

پرچیز اینڈ اسٹور سیکشن

ٹینڈر طلبی نوٹس

لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز جامشورو کو LUMHS جامشورو کیلئے مندرجہ ذیل خدمات انجام دینے کے لئے گورنمنٹ سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور سندھ ریونیو بورڈ (جو بھی قابل اطلاق ہے) سے رجسٹرڈ فرم/ کمپنی کے ڈسٹری بیوٹرز سے ایک مرحلہ ایک لفافہ طریقہ پر سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	تفصیل	خریداری/ اجرا کی تاریخ	پیشکش جمع کرانے کی تاریخ	ٹینڈر کھلنے کی تاریخ اور وقت	مدت تکمیل	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)
-1	03-1 (تین) برسوں (مالیاتی سال 20-2019، 2020 اور 22-2021) کے لئے LUMHS جامشورو کے یونیورسٹی اکاؤنٹس کی تھرڈ پارٹی آڈٹ منعقد کرنے کیلئے مشہور و معروف آڈٹ فرم کیلئے سروسز کی ہائرنگ	04-09-2023 تا 18-09-2023	19-09-2023 صبح 11:00 بجے تک	19-09-2023 صبح 11:30 بجے	90 دن	3000/- روپے

نوٹ: تفصیلات ٹینڈر دستاویزات میں درج ہیں۔ مقررہ ٹینڈر پروفارما مع شرائط وضوابط جو کہ SPPRA ویب سائٹ یعنی https://ppms.pprasindh.gov.pk/ppms LUMHS ویب سائٹ یعنی www.lumhs.edu.pk سے -/3000 روپے (تین ہزار روپے صرف) بشکل پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ (ناقابل واپسی) بحق وائس چانسلر، لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز جامشورو ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ اندرون مقررہ مدت ٹیکنیکل ٹینڈر پروپوزل کے ساتھ منسلک کی جائیں۔

● حالیہ انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ (NTN)۔ ● کارآمد GST رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔ ● کارآمد SRB رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔ ● کمپنی پروفائل کا مفصل پورٹ فولیو۔ ● کم از کم 05 برس کا تجربہ۔ ● کم از کم گذشتہ 03 برس کے ٹرن اوور کی تفصیلات (بشمول ٹرم آف روپیز میں) کہ اوسط ٹرن اوور، 3.0 ملین فی سال سے کم نہ ہو۔ ● پیشکش دہندگان ICAP کی QCR فہرست میں دستیاب ہونے چاہئیں۔ ● پیشکش دہندگان کم از کم اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا "اے" سرٹیفکیشن/ ریٹنگ کیٹگری کے حامل ہوں۔ ● پیشکش دہندہ اپ ٹو ڈیٹ کلائنٹ تفصیلات/ فہرست کا حامل ہو۔ ● پیشکش دہندہ کے پاس پروفیشنل ٹیم موجود ہو جو آڈٹ انجام دے گی۔ (پروفیشنل ٹیم کی تفصیلات فراہم کی جائیں)۔ ● حلفیہ بیان کہ فرم کسی مقدمہ بازی یا کسی محکمہ میں پروکیورمنٹ ادھوری ترک کرنے میں ملوث نہیں ہے۔ ● اس امر کا حلف نامہ کہ فرم/ سپلائر کسی ایگزیکیوٹو ایجنسی کی جانب سے ماضی میں بلیک لسٹڈ نہیں رہی ہے۔

(1) بڈنگ ایک مرحلہ ایک لفافہ طریقہ پر ہوگی۔ (2) دوسرا لفافہ، فنانشل پروپوزلز (نرخ) پاکستانی روپوں میں مع پیشکش کی رقم کی 2% بڈ سیکورٹی بشکل پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ (ناکام بولی دہندگان کو قابل واپسی) بحق وائس چانسلر، LUMHS پر مشتمل ہو لفافے پر پیشکش دہندہ کا نام واضح درج شدہ ہو۔ (4) ٹینڈر منگل 19-09-2023 کو صبح 11:00 بجے سے قبل ٹینڈر باکس میں ڈال دیا جائے اور پیشکشوں کے پروپوزلز، اسی روز پیشکش دہندگان یا انکے نامزد کردہ نمائندے کی موجودگی میں جو حاضر رہنا چاہیں سرعام کھولے جائیں گے۔ (5) پروکیورنگ ایجنسی SPPRA رولز کے مطابق کوئی آئٹم منسوخ/ حذف کرسکتی ہے۔ (6) ٹینڈر جو شرائط وضوابط پر پورا نہیں اترے گا اس پر غور نہیں کیا جائے گا۔ (7) مقررہ تاریخ کو کسی غیر متوقع تعطیل کے باعث ٹینڈر کھولے نہیں جاسکنے کی صورت میں یہ آئندہ یوم کار کو جمع کرایا اور کھولا جائے۔ ٹینڈر کے دیگر قواعد وضوابط تبدیل ہوئے بغیر وہی برقرار رہیں گے۔ (8) پروکیورنگ ایجنسی، SPP رولز 2010 کے متعلقہ مندرجات سے مشروط کسی بھی پیشکش کو مسترد کرسکتی ہے اور حتمی کردہ رولز کے رول 25 کے مطابق پیشکش یا پروپوزل کی قبولیت سے قبل کسی بھی وقت بڈنگ پروسیس کو منسوخ کرسکتی ہے۔

دستخط: **چیئرمین**
سینٹرل پرچیز کمیٹی، LUMHS جامشورو

INF/KRY-3855/2023

پڑھے گا سندھ ...... بڑھے گا سندھ

اب شوگر کا علاج ہوا ممکن
پہلے دن شوگر، انسولین/ڈائیلیسز/ادویات سے چھٹکارا
ڈاکٹر فہیم ہربلسٹ رجسٹرڈ 165773
پاکستان سمیت دنیا بھر میں ادویات کی ہوم ڈیلیوری
DR. FAHEEM HERBLIST 021-36363381 0323-2595895
WWW.HERBALHILLS.PK 021-36343381 0310-8142381

جنگ
www.jang.com.pk
pr.khi@janggroup.com.pk
کراچی: 021-32637111 — فیکس 021-111-115-264
راولپنڈی: 051-5962444 — فیکس 051-5962277
لاہور: 042-36367480 — فیکس 042-36361026
ملتان: 061-4547970 — فیکس 061-4586240
کوئٹہ: 081-2842016 — فیکس 081-2830876
لندن: 0044-207-403-5833 — فیکس 0044-207-378-1653

کوئٹہ اور واشک میں سی ٹی ڈی کی کارروائیاں، 8 دہشتگرد ہلاک

صوبائی دارالحکومت میں کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد، واشک میں 5 شدت پسند ہلاک ہوئے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ اور واشک میں سی ٹی ڈی کی کارروائیوں کے دوران 8 دہشتگرد ہلاک ہوگئے، کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے 3 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و گولہ سمیت 1 مغوی شخص کو بازیاب کروالیا گیا، ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان نے ضلع واشک کے علاقے بسیمہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک جبکہ 3 فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشتگردی کی سنگین وارداتوں میں ملوث کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے 3 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانے سے ایک سب مشین گن، 2

باقی صفحہ 28 نمبر 1

عوام مہنگائی سے شدید پریشان، ہمیں احساس ہے، جسٹس (ر) مقبول باقر

احتجاج سب کا جمہوری حق، حکومت ریلیف دینے کیلئے اقدامات کررہی ہے، ہڑتال پر ردعمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نگراں وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر نے کہا ہے کہ نگراں حکومتیں عوام کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ عوام مہنگائی کے باعث شدید پریشان ہیں جس کا ہمیں احساس ہے۔ ہڑتال پر ردعمل دیتے ہوئے مقبول باقر نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کررہی ہیں، احتجاج

باقی صفحہ 28 نمبر 2

فاطمہ قتل کیس، مرکزی ملزم اسد شاہ کی کراچی منتقلی

رانی پور میں گھریلو ملازمہ فاطمہ کی ہلاکت کیس کا دائرہ تفتیش کراچی تک بڑھا دیا گیا

کراچی (این این آئی) رانی پور میں گھریلو ملازمہ فاطمہ کی مبینہ تشدد سے ہلاکت کیس کا دائرہ تفتیش کراچی تک بڑھا دیا گیا۔ اے ایس پی گمبٹ نعمان ظفر کی قیادت میں پولیس کی بھاری نفری ملزم اسد شاہ کو مزید تفتیش کے لیے کراچی منتقل کر رہی

باقی صفحہ 28 نمبر 3

''وہ انسان ہیں لیکن ''چوپایوں'' کی طرح چلنے پر مجبور ہیں''

ان کی ہتھیلیاں، پاؤں کے تلوے جیسی ہوگئی ہیں، بغیر سہارے کھڑے بھی نہیں ہوسکتے

لندن سے آئی ہوئی معالجین کی ٹیم کو دو دن کے اندر واپس جانے کا حکم دیا گیا

جنوبی ترکی میں دیہی علاقے کے دہقان گھرانے کے جیتے جاگتے کرداروں کی تحیر کردینے والی کہانی

اسلام آباد (فاروق اقدس/خصوصی رپورٹ) اپنے عہد کے عظیم سائنسدان چارلس ڈارون نے 1859 میں یہ تھیوری پیش کرکے کہ ''انسان پہلے بندر تھا'' ایک نئی سوچ کی بنیاد رکھی اور آج کم وبیش ڈیڑھ صدی گزر جانے کے بعد بھی انسانی زندگی

باقی صفحہ 28 نمبر 7

اشیا خورد ونوش کے ٹینڈرز کے بارے میں خبر بے بنیاد اور حقائق کے برعکس ہے، گورنر ہاؤس پنجاب

لاہور (اے پی پی) ترجمان گورنر ہاؤس نے گورنر ہاؤس کی اشیا خورد ونوش کے ٹینڈرز کے بارے میں خبر کو بے بنیاد اور حقائق کے برعکس قرار دیتے ہوئے کہا کہ گورنر پنجاب اپنے، اپنے اہل وعیال اور ذاتی مہمانوں کے کھانے کے اخراجات

باقی صفحہ 28 نمبر 4

کراچی سمیت سندھ بھر میں پاک بھارت میچ کا جنون

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہنگائی اور گرانی کے باوجود پاکستان اور بھارت کے درمیان ہفتے کو ایشیا کپ میں کھیلے جانے والے میچ کے لئے ملک بھر میں جنون وجوش اپنے عروج پر رہا، مگر ٹیم کی جیت کے لئے جشن کے انتظامات بارش کی نذر

باقی صفحہ 28 نمبر 5

پشاور، غیر ملکیوں کی سیکورٹی کیلئے بلٹ پروف گاڑی غیر معیاری ہونیکا انکشاف

پشاور (گوہر علی خان، نامہ نگار) پشاور کی ٹیکسی کار کمپنی کی جانب سے محکمہ پولیس کو چینی باشندوں سمیت دیگر غیرملکی باشندوں کی سیکورٹی کیلئے غیر معیاری بلٹ پروف گاڑی فراہم کرنے کا انکشاف ہوا ہے، محکمہ پولیس کے متعلقہ شعبے کی جانب سے گاڑی کو غیر معیاری قرار دینے کے بعد کمپنی کو فوری

باقی صفحہ 28 نمبر 6

کسٹمز حکام کی کارروائی، 20 ٹرکوں سے 8 ہزار 206 پارسل چینی پکڑی گئی

کوئٹہ (آئی این پی) کسٹمز حکام کا چینی اسمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن، کارروائی دالبندین کے علاقے میں پولیس کی مدد سے کی گئی۔ کسٹمز کے عملے نے 20 ٹرکوں سے 8 ہزار 206 پارسل چینی پکڑ لی، پکڑی جانے والی چینی کی مارکیٹ میں قیمت 70 کروڑ روپے کے قریب بنتی ہیں۔ ترجمان کسٹمز کے مطابق پکڑی جانے والی بغیر پرمٹ چینی ہمسایہ ملک کے سرحدی علاقوں میں بھجوائی جارہی تھی۔

کراچی: جنوبی افریقہ کی اعزازی قونصل جنرل ماجد بشیر احمد کی جانب سے پاکستان کے دورے پر آئی ہوئی جنوبی افریقہ ویمن کرکٹ ٹیم اور پاکستان ویمن ٹیم کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانہ کے موقع پر دونوں ٹیموں کی کھلاڑیوں کا جنوبی افریقی ہائی کمشنر ماد وزیلی کیزا، سابق کپتان سرفراز احمد ودیگر کے ہمراہ گروپ (فوٹو جنید احمد)

وعدہ کیا تھا پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ بحالی میں کردار ادا کرونگا، جنوبی افریقی ہائی کمشنر

میری کاوشوں سے جنوبی افریقی کرکٹ ٹیم نے پاکستان کا دورہ کیا، اب خواتین بھی آگئیں، ماد وزیلی کیزا

نیلسن منڈیلا کھیلوں سے محبت کرتے تھے، ان کا کراچی آنا پاکستانیوں کیلئے اعزاز کی بات ہے، ماجد بشیر احمد

اعزازی قونصل جنرل کی جانب سے پاکستان وجنوبی افریقی خواتین کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں ظہرانہ

کراچی (عبدالماجد بھٹی) پاکستان میں جنوبی افریقہ کے ہائی کمشنر ماد وزیلی مدی کیزا نے کہا ہے کہ 2020ء میں جب پاکستان میں اپنے عہدے کا چارج سنبھالا تھا تو صدر پاکستان سے وعدہ کیا تھا کہ پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کی

باقی صفحہ 28 نمبر 8

کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف پولیس اور رینجرز مل کر آپریشن کرینگے، حارث نواز

سینٹرل جیل کی طرح لانڈھی جیل میں بھی موبائل جیمرز لگائیں گے، صوبائی وزیر داخلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے نگراں وزیرداخلہ بریگیڈیئر (ر) حارث نواز نے کہا ہے کہ کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف جلد پولیس اور رینجرز مل کر آپریشن شروع کریں گے، سینٹرل جیل کی طرح لانڈھی جیل میں بھی موبائل جیمرز لگائیں گے تاکہ

باقی صفحہ 28 نمبر 9

احتساب عدالت، اسپیکر آغا سراج کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) احتساب عدالت نے سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں کے ریفرنس میں آغا سراج درانی کی درخواست ضمانت پر فریقین کے

باقی صفحہ 28 نمبر 10

ٹرین کو بم سے اڑانے کا منصوبہ ناکام بنادیا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) قاسم آباد تھانے کی حدود میں تحریک نگر کے قریب میں ریلوے ٹرین کو بم سے اڑانے کا منصوبہ بم ڈسپوزل اسکواڈ اور پولیس نے بروقت کارروائی کرکے ناکام بنادیا، کسی سانحہ

باقی صفحہ 28 نمبر 11

وفاقی پولیس کا دائرہ کار ملک بھر میں بڑھانے پر غور

اہم کیسز اور گرفتاریوں میں مدد مل سکے گی

وزارت داخلہ کو خط لکھے جانے کا امکان، اعلیٰ پولیس حکام کی جانب سے نکات پر مشاورت جاری

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) وفاقی پولیس کا دائرہ کار ملک بھر میں بڑھانے پر غور کیا جارہا ہے، اہم کیسز اور گرفتاریوں میں مدد مل سکے گی، میڈیا رپورٹس کے مطابق ملک بھر میں اہم کیسز اور گرفتاریوں کے معاملے میں وفاقی پولیس کا دائرہ کار ملک بھر میں بڑھانے پر غور شروع ہے، اس حوالے سے وفاقی پولیس کی جانب سے وزارت داخلہ کو خط لکھے جانے کا امکان ہے، اس ضمن میں پولیس اعلیٰ حکام کی جانب سے قانونی نکات پر مشاورت جاری ہے، وزارت داخلہ اور وزارت قانون کی حتمی رائے کے بعد کوئی بھی فیصلہ متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فیصلہ ہونے کی صورت میں ایف آئی اے طرز کا ماڈل نافذ کیا جاسکے گا، وفاقی پولیس کے بھی ملک بھر میں مختلف شہروں میں دفاتر کھل سکیں گے، وفاقی پولیس اپنے کیسز میں دیگر صوبوں میں تحقیقات اور گرفتاریاں کرسکے گی۔

بھینسوں کے باڑے میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) موچکو کے علاقے میں بھینسوں کے باڑے کے اندر مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق موچکو تھانے کی حدود کپٹا گوٹھ ریس مل کے قریب واقع بھینسوں کے باڑے کے اندر

باقی صفحہ 28 نمبر 14

مچھروں کی بھرمار، سندھ میں ملیریا کے کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ

رواں سال صوبے میں ملیریا کے 2 لاکھ سے زائد کیسز رپورٹ، حیدرآباد ڈویژن سب سے زیادہ متاثر

کراچی (این این آئی) سندھ بھر میں ملیریا کے کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا، رواں سال صوبے میں ملیریا سے 2 لاکھ 69 ہزار 596 کیسز رپورٹ ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ بھر میں مچھروں کی بھرمار کے باعث ملیریا کے کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا، حیدرآباد ڈویژن سب سے زیادہ متاثر ہے۔ رواں سال سندھ بھر میں ملیریا سے 2 لاکھ 69 ہزار 596 کیسز رپورٹ ہوئے، محکمہ صحت سندھ نے بتایا کہ حیدرآباد ڈویژن میں

باقی صفحہ 28 نمبر 12

ایمان مزاری کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

انسداد دہشتگردی عدالت کے جج نے ایمان مزاری کی درخواست ضمانت منظور کرلی

اسلام آباد (جنگ رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے دہشتگردوں کی مبینہ مالی معاونت کے الزام میں تھانہ بارہ کہو میں درج مقدمہ میں ملزمہ ایمان مزاری ایڈووکیٹ کی درخواست ضمانت منظور کرلی جبکہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بھی ملزمہ کی کسی بھی مقدمہ میں گرفتاری سے روکنے کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا ہے۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج نے ہفتہ کے روز کیس کی سماعت کرتے ہوئے

باقی صفحہ 28 نمبر 13

لیاقت آباد میں گلی سے نوزائیدہ بچی کی لاش برآمد، ماں زیر حراست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد میں گلی سے نوزائیدہ بچی کی لاش برآمد ہوئی، پولیس نے بچی کی ماں کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق سپر مارکیٹ تھانے کی حدود لیاقت آباد نمبر چار ارم

باقی صفحہ 28 نمبر 15

پرویز الٰہی کی گرفتاری کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، آئی جی اسلام آباد، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اور سیکرٹری داخلہ کو فریق بنایا گیا ہے

اسلام آباد (جنگ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے صدر وسابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا ہے، درخواست گزار نے ہفتہ کے روز دائر کی گئی درخواست میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، آئی جی اسلام آباد، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اور سیکرٹری داخلہ کو فریق

باقی صفحہ 28 نمبر 16

بینکوں سے گاڑیوں کی خریداری کیلئے قرضوں میں 20.9 فیصد کمی

جولائی میں گاڑیوں کیلئے بینکوں نے 285 ارب، گزشتہ سال 361 ارب روپے قرضے دیئے تھے

اسلام آباد (اے پی پی) بینکوں کی جانب سے گاڑیوں کی خریداری کے لئے قرضوں کی فراہمی میں جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر 20.9 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ سٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی میں گاڑیوں کی خریداری کیلئے بینکوں نے 285 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 20.9 فیصد کم

باقی صفحہ 28 نمبر 17

پاکستان انفارمیشن کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کا علاقائی مرکز ہے، یونس ڈھاگا

عوام کو بہتر سہولیات کیلئے صوبائی نگراں حکومت کی توجہ ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن پر مرکوز ہے، وزیر خزانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نگراں وزیر خزانہ محمد یونس ڈھاگا نے کہا ہے کہ پاکستان انفارمیشن کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کا علاقائی مرکز ہے، صوبائی نگراں حکومت کی توجہ حکومت کے امور میں ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن پر بڑھانے پر مرکوز ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم ہوسکیں، نگراں وفاقی اور صوبائی حکومتیں اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے ویژن کو سپورٹ کرتے ہوئے ملک بھر میں آئی ٹی سیکٹر کی ترقی کے

باقی صفحہ 28 نمبر 31

اخبار جہاں ریڈرز کلب میں شامل ہونے کیلئے
اپنا تازہ شمارہ بک کرائیں اور بہت کچھ حاصل کریں

آپ کے ذوقِ مطالعہ کی علامت اخبارِ جہاں
کا تازہ شمارہ گھر پر منگوانے کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ کریں:
Tel : 021-32634357

- مولوی عثمان پارک بلوچوں کے پسندیدہ کھیل فٹبال سے آباد رہتا تھا (خاص کتاب/اقبال اے رحمٰن مانڈویا)
- آسٹریلیا میں کرنسی نوٹ ختم کردیئے جائیں گے، صرف ڈیجیٹل لین دین ہوگا (سید عتیق الحسن)
- رُوس کا صادق محل، جہاں سیاحوں کو گھومنے پھرنے اجازت ہے (فیچر: محمد نعیم اختر)
- پاکستانی حکمراں ناکام کیوں؟ (سیاست پاکستان: مختار عاقل)

مریم نواز کی سیاسی سرگرمیاں محدود (لاہور نامہ، ناصر نقوی)

کیا ایک بار پھر موسم سرما میں کووڈ کا سامنا ہوگا؟ (حق دوستی)

مفت مشورہ اور ڈاکٹر بلقیس

جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی

Sindh MDCAT 2023
JINNAH SINDH MEDICAL UNIVERSITY

سندھ ایم ڈی کیٹ
ایم ڈی کیٹ 2023
سیشن 2023 تا 2024

برائے سرکاری اور نجی میڈیکل جامعات/ کالجز سندھ

ٹیسٹ کا دورانیہ تین گھنٹے اور 30 منٹ ہوگا
(صبح 10 بجے سے دوپہر 1:30 بجے تک)

حوالہ نمبر SO(ME)1-1-AP/2023-24، مورخہ 26 جون 2023، محکمہ صحت حکومت سندھ کی طرف سے جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کو 2024-2023 سیشن کے لیے سندھ کی پبلک اور نجی شعبے کی میڈیکل اور ڈینٹل جامعات اور کالجز کے لئے امتحان لینے اور داخلہ دینے والی یونیورسٹی کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔

10 | ستمبر | 2023
ٹیسٹ صوبہ سندھ کے مختلف شہروں میں ایک ساتھ منعقد کرایا جائے گا۔

کراچی
مسکن گیٹ (گراؤنڈ)
(جامعہ کراچی)

کراچی
کرکٹ گراؤنڈ ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، اوجھا کیمپس، گلزار ہجری، اسکیم-33، سپارکو روڈ۔

حیدرآباد
لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (LUMHS) جامشورو

شہید بے نظیر آباد (نواب شاہ)
بلاول اسپورٹس کمپلیکس
قاضی فیض محمد روڈ، شہید بے نظیر آباد
(نواب شاہ)

لاڑکانہ
پولیس ٹریننگ اسکول
(پی ٹی ایس)، بس ٹرمینل

نوٹ:
- ٹیسٹ پی ایم ڈی سی کے ضابطہ 2023 کے مطابق منعقد ہوگا۔
- کسی بھی امیدوار کو بغیر ایڈمٹ کارڈ کے ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:
admissions@jsmu.edu.pk
021-99205185 ایکسٹینشن 1058, 1209

آفس آف ایڈمشنز تیسری منزل، جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی، رفیقی ایچ جے شہید روڈ کراچی کنٹونمنٹ، پوسٹل کوڈ 75510 ویب سائٹ: www.jsmu.edu.pk

INF-KRY-3846/2023

ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ

میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز داخلہ ٹیسٹ

ایڈمٹ کارڈ کا اجراء اور امتحانی مراکز میں داخلے کے حوالے سے ضروری ہدایات

امیدواروں کی رہنمائی کیلئے ہدایات

ایڈمٹ کارڈ کا پرنٹ آؤٹ حاصل کرنے کیلئے

- ہر امیدوار کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنے ایڈمٹ کارڈ کا کلر پرنٹ حاصل کرے جس پر اس کا رول نمبر اور ٹیسٹ سینٹر درج ہو۔
- سندھ کیلئے پی ایم ڈی سی کے پورٹل پر رجسٹرڈ امیدوار اپنا ایڈمٹ کارڈ جے ایس ایم یو کی ویب سائٹ (https://jsmu.edu.pk/) سے ڈاؤن لوڈ کریں جو کہ مورخہ 30 اگست 2023 بروز بدھ سے ہوم پیج پر دستیاب ہے۔
- امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ایڈمٹ کارڈ کا A4 سائز کے سفید کاغذ پر کلر پرنٹ آؤٹ لیں۔

امتحانی مراکز میں داخلے سے متعلق اہم ہدایات

- امیدوار اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ انہیں امتحانی مرکز کا درست پتہ معلوم ہے۔
- امتحانی مرکز میں مندرجہ ذیل اشیاء کے ساتھ داخلہ سختی سے منع ہے، خلاف ورزی کی صورت میں امیدوار کو فوراً مرکز سے نکالنے اور پیپر منسوخ کرنے کی سزا دی جائے گی۔

سیل فون، کیلکولیٹر، کتابیں اور نوٹس، بیگز، الیکٹرانک ڈیوائسز مثلاً اسمارٹ فون اور تمام قسم کی گھڑیاں، ہیڈفونز، بلوٹوتھ ڈیوائسز وغیرہ

- امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ امتحانی مرکز میں مورخہ 10 ستمبر 2023 کو صبح 7 سے 9 بجے تک پہنچ جائیں، امتحانی مراکز کو صبح 9 بجے سیل کردیا جائیگا اور اس کے بعد کسی کو بھی داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ٹیسٹ صبح 10 بجے شروع اور دوپہر ڈیڑھ بجے ختم ہوگا۔
- امیدوار اپنے ہمراہ لائیں:- اصل قومی شناختی کارڈ/ JC/NICOP/ پاسپورٹ/ ب فارم (فوٹو کاپی قابل قبول نہیں ہوگی) براہ کرم اپنے ہمراہ وہی دستاویزات لائیں جن کے ذریعے ایم ڈی کیٹ 2023 میں رجسٹریشن کروائی گئی ہے۔
- امیدواروں کو جامعہ کی جانب سے مہیا کیا جائیگا:- پین، پانی کی بوتلیں
- ایسا امیدوار جو اپنا اصل قومی شناختی کارڈ/ JC/NICOP/ پاسپورٹ/ ب فارم اور ایڈمٹ کارڈ کا پرنٹ آؤٹ ہمراہ لانے میں ناکام رہا تو اسے ٹیسٹ دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- امتحانی مراکز میں داخلے سے قبل امیدواروں کی جامہ تلاشی لی جائے گی۔
- والدین/ رشتہ داروں کو امتحانی مرکز کے احاطے اور اس کے آس پاس جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- والدین اپنے بچوں کو متعلقہ مرکز پر چھوڑیں اور امتحان کے بعد واپس لے جائیں

پروفیسر ڈاکٹر امجد سراج میمن،
وائس چانسلر
جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی

مزید معلومات کے لئے براہ کرم جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://jsmu.edu.pk/ یا mdcat.2023@jsmu.edu.pk پر رجوع کریں۔